اشاعت خاص ماہنامہ الحکیم لاہور،

صدری مجرّبات

حصہ دوم

حکیم ایم ارشد شاہین لاہور

مرتبہ

حکیم محمد نواز چغتائی

اشاعتِ خاص
ماہنامہ الحکیم لاہور
صدری مجربات
(حصہ دوم)
مرتبہ: محمد نواز چغتائی مدیر الحکیم
جلد ۶۱ — شمارہ ۱-۲
جنوری، فروری ۱۹۷۵ء
قیمت سالنامہ تین روپے
قیمت سالانہ دس روپے
ناشر و مدیر: محمد نواز چغتائی، مطبع: دین محمدی پریس لاہور، مقام اشاعت: اندرون موچی دروازہ لاہور

عرضِ حال

اللہ تبارک و تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس کے فضل و کرم سے ہم ماہنامہ الحکیم کے نئے سال کا شمارہ "صدری مجربات" حصہ دوم ہدیہ ناظرین کرنے کے قابل ہوئے ہیں۔ ورنہ یہ کام اس قدر مشکل اور کٹھن مراحل میں داخل ہو چکا تھا کہ اسے اپنے بس میں کرنا ہمارے لیے تقریباً ناممکن ہو چکا تھا۔ لیکن ہم شب و روز کی محنت اور کاوش سے اس کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے قابل ہو گئے ہیں۔ اس دوران ہمیں جن اشیائے صرف کے حصول میں بعید از قیاس حد تک مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ہے اس کا ذکر کرنا بے جا نہ ہوگا۔

کتابت کے سلسلہ میں ہمیں جو دقتیں پیش آئی ہیں ان کا تو شمار محال ہے امسال انتخابی فہرستوں کی تیاری کے سلسلہ میں تقریباً نوّے فی صدی کاتب حضرات بہت مصروف ہیں۔ انہیں لمحہ بھر کی فرصت نہیں ملتی کہ وہ دیگر اور دیرینہ مستقل ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہو سکیں۔ بدیں وجہ ہمارے کام میں بھی تاخیر اور تاخیر مزید ہوتی رہی۔ ہم نے بصد مشکل بندوبست کر کے کتابت مکمل کرائی تو کاغذ کے حصول میں ہمیں ایسا تجربہ ہوا جو اپنی مثال آپ ہے۔ الحمد للہ کہ یہ مسئلہ بھی حل ہوا جس کے بعد یہ حقیر تحفہ آپ کی خدمت میں پیش ہے

جنوری فروری سنہ ۱۹۷۲ء میں ہم نے "صدری مجربات" اسرار باہ کے عنوان سے سالنامہ بحیثیت خریداران کرام کی خدمت میں پیش کیا۔ تو اس کے بعد اکثر حضرات نے بذریعہ خطوط یہ مطالبہ کیا کہ الحکیم کی چھہتر سالہ زندگی میں جو ایسے ایسے نادر تحفے بصورت مجربات درج ہیں انہیں سلسلہ وار درج کیا جائے تاکہ ہم بھی اس سے مستفید ہو سکیں۔ خطوط کی اکثریت اس حق میں تھی کہ آئندہ دو تین بلکہ اس سے بھی زیادہ سالنامے صدری مجربات کے لیے وقف کر دیئے جائیں بدیں وجہ ہم نے امسال ان ہی خطوط کی اکثریت کی بنا پر "صدری مجربات" حصہ دوم کی اشاعت کا بندوبست کر دیا ہے۔ اس اشاعت میں پرانے فائلوں کی چھان بین کر کے ایسے مجربات کو یکجا کیا گیا ہے۔ جن کے اندراج کے بعد مختلف حضرات کی طرف سے تصدیق ہوئی۔ جن کی تصدیق و تکذیب ہوئی ہم نے ایسے مجربات کو نظر انداز کر دیا ہے۔ ایسے مجربات بھی شامل اشاعت نہیں کیے گئے جن کی تیاری میں طویل مدت شامل ہو یا جن کے اجزاء کے حصول میں کچھ دقت پیش آئے۔ مختصر یہ کہ صرف ایسے نسخہ جات پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے جو آسان اور سہل الحصول ہوں۔ اگر کوئی ایسا مجرب نسخہ جس کی تیاری میں اگرچہ کافی وقت پیش آ سکتی ہے لیکن فوائد کے لحاظ سے اکسیری اثرات کا حامل ہے شامل اشاعت کرنے سے گریز نہیں کیا گیا۔ خریداران کرام ایسے نسخہ جات کی تیاری اگر خود نہ کر سکیں تو کسی تجربہ کار اور کامل طبیب سے مشورہ کر کے تیار کر لیں۔ یہ مشورہ ان حضرات کے لیے ہے جو خود طبیب نہیں بلکہ طب کا مطالعہ بہت دلچسپی سے کرتے ہیں۔ "معذرت کے ساتھ"

گزشتہ دو تین برس کے دوران اشیائے ضرورت کی قیمتوں میں جس تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے وہ رجحان تا حال اسی رفتار سے اثر پذیر ہو رہا ہے اس رجحان نے ہمارے معاشرے میں بحران کی کیفیت پیدا کر رکھی ہے اس بحران کی گرفت صرف ہمارے ہی ملک پر مضبوط نہیں بلکہ دنیا کے تمام ممالک اس سے پوری طرح متاثر ہیں۔ ان حالات کے تحت ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ ۱۹۷۵ء سے الحکیم کی سالانہ قیمت سات روپے کی بجائے دس روپے کر دی جائے۔ اس فیصلہ پر یکم جنوری ۱۹۷۵ء سے عمل درآمد ہوگا لیکن جو حضرات ۱۹۷۴ء میں الحکیم کے خریدار تھے ان سے پرانی قیمت وصول کی جائے گی اور جو حضرات نئے خریداروں کی فہرست میں شامل ہوں گے ان سے نئی قیمت یعنی دس روپے سالانہ معہ اشاعت خاص وصول کی جائے گی اس کے بعد جنوری ۱۹۷۶ء سے نئے اور پرانے خریدار حضرات سے سالانہ قیمت دس روپے ہی لی جائے گی۔

مفردات کی کم یابی اور قیمتوں میں بے جا اضافہ کے باعث جنوری ۷۵ء سے چشمۂ صحت دواخانہ کی تمام ادویہ کی قیمتوں میں ۲۵ فیصدی اضافہ کر دیا گیا ہے۔ ہمیں امید ہے کہ چشمۂ صحت دواخانہ کے سرپرست اور کرم فرما اس معمولی اضافہ کو قبول فرما کر ہماری حوصلہ افزائی فرمائیں گے۔

آخر میں خدائے ذوالجلال کے حضور میں سر بسجدہ ہو کر دعا کرتا ہوں کہ اے ربِ کریم میری اس حقیر پیشکش کو عوام میں شرفِ قبولیت عطا فرما اور اس کے مندرجات کو صحیح معنوں میں حقیقی مجربات کا مقام حاصل ہو۔ آمین ثم آمین۔

جناب حکیم غلام محی الدین چغتائی مرحوم "

کشتہ فولاد: برادہ فولاد ۴ تولہ، گندھک آملہ سار، پارہ، شنگرف رومی، ہڑتال ورقی، سم الفار زرد، مینسل، نوشادر ہر ایک ۴ ماشہ۔ جملہ ادویہ ایک گھنٹہ گودہ گھیکوار میں کھرل کرکے قرص بنالیں اور دو گلی سکوروں میں بند کرکے گل حکمت کریں۔ خشک ہونے پر دو سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔ یہ عمل ایک سو مرتبہ کریں۔ اور جملہ اشیاء کا ہر دفعہ اضافہ کرتے رہیں۔ آخری مرتبہ تیار ہوگا سرد ہونے پر نکال لیں۔ اور پیس کر شیشی میں بند کرلیں۔ **خوراک:** ایک چاول مسکہ گاؤ میں ہمراہ لسی پاؤ بھر دیں۔ قوت باہ کے لیے عجیب تحفہ ہے۔

شنگرف مدبر: سم الفار ۶ ماشہ کو سات عدد لیموں کے پانی میں اس قدر کھرل کریں۔ کہ مثل ٹکی بن جائے۔ اس ٹکی کو ایک تولہ شنگرف کی ڈلی پر لیپ کر دیں۔ اور اوپر روئی لپیٹ کر دھاگہ باندھیں۔ نصف سیر روغن کنجد کڑاہی میں ڈال کر شنگرف ناکو کو اس میں پکائیں۔ جب روغن خشک ہوجائے تو نصف سیر روغن کنجد مزید ڈال دیں۔ اور بدستور نرم آنچ پر پکاتے رہیں۔ جب روغن تقریباً ۲ تولہ باقی رہ جائے تو نیچے اتار کر احتیاط سے شنگرف الگ کرکے کھرل کرلیں۔ **خوراک:** دانہ خشخاش میں غذا خوب مرغن دیں۔ دو تولہ جو روغن بچ گیا اسے بطور طلاء استعمال کرائیں۔

کشتہ نقرہ مقوی باہ: قسط تلخ، عقر قرحا، پپلامول، اجوائن دیسی ہر ایک دس تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنالیں اور ایک روپیہ اکبری لے کر ایک بڑے اوپلے میں گڑھا کرکے ایک ایک تولہ کا فرش و لحاف کرکے درمیان میں روپیہ رکھ دیں۔ اور دوسرا اوپلہ اوپر دے کر دونوں کے لب اچھی طرح پیوست کردیں۔ پانچ سیر اوپلے نیچے اوپر چن کر ہوا سے محفوظ مقام آگ دیں۔ اسی طرح بیس مرتبہ آگ دیں۔ سالم الحروف کشتہ تیار ہوگا۔ **خوراک:** ۲ تا ۴ چاول ہمراہ حبوب کبیر جواہر والا ۴ ماشہ۔

حب ممسک و مقوی باہ: دار چینی، مشک، عنبر، مروارید، شنگرف رومی، کشتہ شنگرف ہر ایک ایک ماشہ، زعفران ایک تولہ، بھنگ ۲ ماشہ، افیون ۸ ماشہ، صمغ عربی، تخم دھتورہ ہر ایک تین ماشہ، آرد سنگھاڑا ۲½ تولہ۔ جملہ اجزاء آب ادرک کے ہمراہ سحق بلیغ کرکے حبوب بقدر دانہ نخود بنالیں۔ اور ایک گھنٹہ قبل ..... ہمراہ دودھ کھالیں۔ اگر پیاس محسوس ہو تو صرف دودھ ہی پئیں۔

معجون مغلظ و ممسک: خراطین مصفیٰ ۵ تولہ، دار چینی، جوزبوا، بسباسہ، قرنفل، دانہ ہیل خورد، تودری زردی، بہمن سرخ، بہمن سفید ہر ایک ایک تولہ۔ ثعلب مصری دو تولہ، زعفران چھ ماشہ، شہد بیس تولہ، نبات سفید نصف سیر۔ حسب دستور معجون بنالیں۔

خوراک: ۶ تا ۹ ماشہ ہمراہ دودھ۔

سفوف جریان: کشتہ مرجان ۲ تولہ، کشتہ سنگ جراحت ۲½ تولہ، کشتہ قلعی ۲ تولہ، سبوس اسبغول ۲½ تولہ۔ جملہ ادویہ پیس لیں، اور برابر وزن کی ۲۸ پڑیاں بنالیں۔ ایک پڑیہ صبح ہمراہ مکھن اور ایک بوقت خواب ہمراہ دودھ استعمال کرائیں۔ جریان کے لیے مجرب ترین ہے۔

طلائے خاص: روغن کنجد، آب برگ دھتورہ، آب برگ سہانجنہ، آب برگ مدار ہر ایک ایک سیر کو آہنی کڑاہی میں ڈال کر نرم آنچ پر پکائیں تاکہ پانی خشک ہوکر صرف روغن باقی رہ جائے۔ یہ روغن ایک کشادہ دہن بوتل میں ڈال کر اس میں خراطین مصفیٰ اس قدر ڈالیں کہ بوتل بھر جائے۔ دو تین روز میں خراطین تہ نشین ہو جائیں گے۔ پھر دھوئے خشک اور بیر بہوٹی یکے بعد دیگرے مذکورہ طریق پر ڈالیں۔ یہ بھی تین چار روز میں تہ نشین ہوں گے۔ آخر میں قبرستان کے چیونٹے ڈالیں۔

ایک ماہ بعد نصف ماشہ، حشفہ اور سیون کا مقام چھوڑ کر بطور طلاء استعمال کریں۔

کشتہ سرب برائے جریان: سکہ ایک تولہ، آہنی کڑاہی میں گرم کریں۔ جب پگھل جائے تو چوب مدار سے ہلاتے رہیں۔ اور شورہ قلمی ۲ تولہ پیس کر اس کی چٹکی دیتے رہیں۔ سکہ خاکستر ہوگا۔ اس سکہ کو آب گھیکوار میں کھرل کرکے ٹکیہ بنائیں۔ اور مٹی کے ٹھیکرے پر نرم آنچ پر دونوں طرف سے پکائیں۔ خوب پختہ ہونے پر اتار لیں۔ اور سرد ہونے پر پھر آب گھیکوار میں کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر ٹھیکرے پر پکائیں۔ یہ عمل سات مرتبہ کریں۔ آخر میں تین مرتبہ آب حماض میں کھرل کرکے پکائیں۔ بعد ازاں پیس کر محفوظ رکھیں۔

خوراک: ایک رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

کچلہ مدبر برائے قوت باہ: ایک ناریل تازہ میں سوراخ کرکے اس میں جس قدر کچلے سما سکیں۔ بھر کر ڈاٹ لگا دیں۔ ایک ہفتہ بعد ناریل توڑ کر کچلے نکال کر چھلکا اور پتہ دور کرکے باریک تراش لیں اور عرق گھیکوار میں ایک ہفتہ تر رکھیں۔ بعد میں پانی سے دھو کر خشک ہونے پر پیس لیں۔ اور بذریعہ شہد باجرہ کے برابر گولیاں بنا لیں۔

خوراک: تین گولی ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

حریرہ مقوی باہ: قوت باہ کے لیے نہایت مفید و مجرب ہے۔
اصل: مغز بادام، مغز فندق ہر ایک بیس دانہ، نشاستہ گندم ۲ تولہ، پانی میں تینوں کا شیرہ نکال کر ہلکی آنچ پر پکائیں۔ اور اس دوران مکھن اور نبات سفید بقدر ضرورت ملائیں۔ بعد میں نیچے اتار کر ثعلب مصری، تودری، قل مصری، بہمن سفید ہر ایک ۲ ماشہ اچھی طرح پیس کر ملا دیں۔ یا ان کا بھی شیرہ نکال کر دیگر شیرہ جات کے ہمراہ پکائیں۔

حبوب مقوی باہ: قرنفل، مالکنگنی، اندر جو، کلونجی، مصطگی، بچھناگ، قسط تلخ، بسباسہ، تخم جوز ماثل، عقرقرحا، خراطین، عودسک، جند بیدستر ہر ایک نو ماشہ، دارچینی سات ماشہ، ریگ ماہی، بلادر، ہر ایک چھ ماشہ۔ جملہ ادویہ باریک پیس کر ایک ایک ماشہ کی گولیاں بنا لیں۔ بوقت ضرورت ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ بے حد مقوی باہ ہے۔

دیگر: سم الفار، گندھک آملہ سار، مالکنگنی، تخم ڈھاک، ہڑتال طبقی، ہڑتال گئودنتی، پارہ ہر ایک ۲ تولہ۔ اول گندھک اور سم الفار کو دو گھنٹہ تک متواتر کھرل کریں۔ اس کے بعد بقیہ ادویہ پیس کر ملا لیں۔ اور دانہ مسور کے برابر گولیاں بنا لیں۔ اور ایک گولی روزانہ ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

طلائے عجیب: مغز جمال گوٹہ بارہ عدد، سم الفار سفید ۶ ماشہ، عودسک، شنگرف ہر ایک ایک تولہ، مسکہ گاؤ ۶ ماشہ۔ جملہ ادویہ الگ الگ باریک کریں۔ اور چار پہر مسکہ میں کھرل کر کے محفوظ کر لیں۔ بوقت ضرورت ایک رتی حشفہ اور سیون بچا کر طلاء کریں۔ اور پان یا ارنڈ کا پتہ گرم کر کے باندھیں۔ ضعف باہ اور جلق کے مریضوں کے لیے نہایت مفید ہے۔

دیگر: بیخ کنیر سفید، پشک شپرہ، سیماب، جمال گوٹہ مدبر ہر ایک ۶ ماشہ پان کے عرق میں جملہ ادویہ کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا لیں۔ بوقت ضرورت بنگلہ پان کے عرق میں گھس کر حشفہ اور سیون بچا کر ضماد کریں۔

تکمید برائے مجلوق: برادہ دندان فیل، گھونگچی سفید، مغز نارجیل، کتھ سفید، کنجد سیاہ، انبہ ہلدی، اسگند ناگوری، پوست بیخ کنیر، تخم کتان، خرفہ، سلیخہ، مغز بید انجیر، میدہ لکڑی، مالکنگنی ہر ایک ایک تولہ، خراطین خشک، مشک، بیر بہوٹی، قرنفل، عقرقرحا، جوزبوا، بسباسہ، ہر ایک ۶ ماشہ کوٹ چھان کر ۱۴ پوٹلیاں بنا لیں۔ ہر روز دو پوٹلیاں شیر میش

کی بھاپ پر گرم کریں۔ اور ثفل کو عضو پر باندھ لیا کریں۔ اور اوپر برگ پان پلیٹ دیا کریں۔

سفوف جریان کہنہ: مجرب و مفید۔ تخم تمر ہندی بقدر حاجت ایک ہفتہ شیر گاؤ میں تر رکھیں۔ دودھ روزانہ بدل دیا کریں۔ پھر تخم تمر ہندی کو کھردرے کپڑے میں ڈال کر خوب مل کر چھلکے وغیرہ دور کریں۔ اور سایہ میں خشک کر کے پیس لیں۔ پھر نخود خام مقشر، دال ماش مقشر ہر ایک ۳ ماشہ ایسے پانی میں چوبیس گھنٹے تر رکھیں۔ جس میں ۴ عدد پوست خشخاش کو تر رکھا گیا ہو۔ بعدہٗ سایہ میں خشک کر لیں۔ اب پوست کچنال، پوست ببول، پوست بیخ مولسری، پوست کرار دشتی، پوست بیخ سنگھاڑا ہولی، موچرس، تخم ہلیل، تخم خشخاش سفید، تخم اٹنگن، صمغ عربی، صمغ ڈھاک، صمغ سنبھل، اندر جو شیریں، پکھان بید، مجیٹھ، سمندر سوکھ، کمرکس، گل دھاوا ہر ایک ۶ ماشہ۔ جملہ ادویہ کوٹ چھان کر سفوف بنا لیں۔ خوراک: ۹ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ۔

حاذق الملک حکیم عبدالمجید خان مرحوم

طلاء: سم الفار مومیہ ۳ تولہ، کشتہ طلاء ایک ماشہ، سفوف الماس ۳ رتی، سیماب مصفیٰ ایک تولہ۔ جملہ ادویہ کو تین روز عرق لیموں میں اچھی طرح کھرل کریں۔ اور ایک ایک رتی کی گولیاں بنائیں۔ ایک گولی باسی پانی میں گھس کر سیون و حشفہ چھوڑ کر طلاء کریں۔ اوپر پان یا ارنڈ کا پتہ باندھیں۔ پندرہ بیس روز کا استعمال کافی ہے۔ بثور پیدا ہونے کی صورت میں استعمال ترک کر دیں۔

ترکیب سم الفار مومیہ: چھ چھٹانک پیپل کی چھال جلا کر راکھ کر لیں۔ یہ راکھ ایک سیر کسی صافی میں رکھ کر سوراخ دار گھڑے میں ڈالیں اور چھ سیر پانی قطرہ قطرہ کر کے ڈالیں۔ گھڑے کے نیچے ایک برتن رکھ دیں۔ تاکہ پانی اس میں جمع ہوتا رہے۔ یہ عمل اتنی مرتبہ کریں کہ پانی نصف سیر رہ جائے۔ اور اس کا رنگ بھی سرخ ہو جائے۔ اب سم الفار ۲ تولہ کو ہلکی آنچ پر رکھیں۔ اور یہ پانی قطرہ قطرہ اس پر ڈالیں مومیہ ہو جائے گا۔

ترکیب کشتہ طلاء: سفید کچنال کی بیس تولہ کی ٹکیہ میں ۶ ماشہ طلاء رکھ کر پانچ چھ سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔

ترکیب سفوف الماس: الماس کا ریزہ لے کر باریک کر لیں۔ اس میں سیماب مصفیٰ ۵ تولہ شامل کر کے ایک ہفتہ تک عرق لیموں میں سحق بلیغ کریں۔ اور بصورت جوہر چار گھنٹہ کی ہلکی آنچ دیں۔ اور اڑا ہوا لے لیں۔ اس قدر تکرار پر عمل کریں کہ ایک تولہ باقی رہ جائے۔

حبوب مقوی باہ: زعفران، دارچینی، جائفل، افیون، مشک، عقرقرحا، شنگرف، قرنفل ہر ایک ایک ماشہ، مروارید، روغن سم الفار ہر ایک دو ماشہ شہد خالص کی مدد سے ایک ایک رتی کی گولیاں بنالیں۔

خوراک: ایک گولی ہمراہ روغن ماہی ۲ اونس۔

ترکیب روغن سم الفار: زعفران، سم الفار سفید ہر ایک ایک تولہ۔ دونوں کو الگ الگ کھرل کر کے شیر گاؤ میش میں ملا کر جوش دیں۔ اور جامن لگالیں۔ اور حسب دستور مکھن نکال لیں یہی روغن سم الفار ہے۔

معجون مقوی و ممسک: زعفران، آئرن فاسفیٹ، جدوار خطائی ہر ایک ایک تولہ، مشک، مومیائی، افیون ہر ایک ایک ماشہ، کچلہ ۳ ماشہ، کافور ۴ رتی، طباشیر ۶ ماشہ، ثعلب مصری، شقاقل مصری، موصلی سیاہ ہر ایک ایک تولہ مغز سر کنجشک ۲ تولہ (اس کی جگہ زردی بیضہ مرغ بھی خشک کر کے ڈالی جا سکتی ہے)۔ جملہ ادویہ پیس کر سہ چند شہد سے معجون بنالیں۔

خوراک: ایک ماشہ ہمراہ شیر گاؤ۔ غذا مقوی استعمال کریں۔

سفوف مقوی: تقویت باہ کے لیے عجیب النفع چیز ہے۔ (ص) مغز تخم کونچ مائل بہ سرخی، تخم اٹنگن، گوکھرو کلاں ہر ایک ۵ تولہ، دانہ چینی ۵ اونس، نبات سفید ۳ تولہ۔ خوراک: ۶ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ۔

سفوف برائے درد گردہ: نمک، کلتھی ہم وزن پیس کر سفوف کریں۔ جب درد گردہ کی شکایت ہو تو حسب حالات مرض ۶ ماشہ سے ایک تولہ پھانک کر شربت شکر سرخ پی لیا کریں۔ ایک ہی خوراک کافی ہے۔ تھوڑی دیر بعد پیشاب کھل کر آئے گا۔ اور درد رفع ہوگا۔

اکسیر عنانت: سوائے مادرزاد نامرد کے باقی سب کیلئے مفید ہے۔ بڑھاپے کے لیے عمدہ چیز ہے۔ (صفت) شنگرف رومی، ہڑتال ورقی ہر ایک ایک تولہ، سیماب ۶ ماشہ، سہاگہ سیاہ دو تولہ۔ سب کو پتھر کی کونڈی میں بکائن کے ڈنڈے سے ایک روز گھوٹیں۔ دوسرے روز اس میں زردی بیضہ مرغ سیاہ چار عدد ڈال کر مکمل اکتیس یوم تک کھرل کریں۔ بعدہٗ پوست بیضہ مرغ کا خول صاف کر کے اس میں سحق شدہ ادویہ بھر دیں۔ اور برگ بھنگ سبز، برگ حنا سبز، برگ بکائن سبز ہر ایک ۵ تولہ کے نغدہ میں گل حکمت کریں۔ پھر ایک آہنی کڑاہی میں ریگ بھر کر اس کے درمیان میں رکھ کر نیچے بکائن کی لکڑی کی آنچ دیں۔ جب ریگ اس قدر گرم ہوجائے کہ اس پر دانہ جوار شگفتہ ہونے لگے تو آگ بند کر دیں۔ اور سرد ہونے پر ایک شیشی میں ڈال کر اکیس یوم تک پانی میں ڈبو کے رکھیں۔ خوراک: ایک چاول ۵ تولہ مکھن میں ملا کر۔ گھی دودھ بکثرت استعمال کریں اور ایک ہفتہ تک جماع سے پرہیز کریں۔ (ن)

اکسیر سوزاک: نئے اور پرانے سوزاک کے لیے نہایت مفید اور قرحہ کو مندمل کر دیتی ہے۔ (صفت) پھٹکڑی تین حصے، شورہ قلمی ایک حصہ۔ دونوں کو ایک کوزہ گلی میں جو اندر سے روغنی ہو ڈالیں اور اسی قسم کے سرپوش سے بند کر دیں۔ بعدہٗ ایک گڑھے میں دو من سرگین اسپ تازہ بھر کر اس میں کوزہ دفن کر دیں۔ سرگین کے اوپر ایک بالشت ریت بچھا کر اس کے اوپر ایک فٹ بکری کی مینگنیاں ڈال کر آگ لگا دیں۔ پچیس یوم بعد احتیاط سے کوزہ مذکورہ نکال لیں۔ دوا تیل کی شکل میں برآمد ہوگی۔ ایک بوند تاشہ میں ڈال کر استعمال کریں۔ ہفتہ میں قرحہ مندمل ہوگا۔ غذا مکھن اور روٹی۔

اکسیر شنگرف: برائے حمی مزمن ہر قسم، ملیریا اور ریاحی اور بلغمی بخار کے لیے اکسیر ہے۔ (صفت) چھال گوڑ مدبر ایک تولہ، شنگرف رومی ۲ تولہ خوب اچھی طرح کھرل کریں۔ خوراک: ایک سے تین رتی تک بچوں کو حسب عمر ایک سے چار چاول تک ہمراہ آب تازہ بوقت نہار دیں۔ اس سے چار پانچ اسہال ہوتے ہیں۔ بخار عموماً پہلے استعمال سے ہی دور ہو جاتا ہے۔ اگر بخار کی نوبت سے پیشتر دوا استعمال کی جائے۔ تو حرارت نہیں ہوتی۔

تنبیہہ: چونکہ اس دوا کے استعمال سے صفرا بڑھ جاتا ہے اس لئے صفراوی مزاج والوں کو اس کے استعمال سے پہلے دو تین روز تک یہ نسخہ مزدہ استعمال کرالیں اور بعد میں ایک دو روز تک اسبغول مسلم ایک تولہ شربت بنفشہ ۳ تولہ کے ہمراہ دیں۔ (صفت) بنفشہ ۷ ماشہ، حرفہ ۳ ماشہ، تخم کاسنی، مغز کدو، مغز تخم خیارین ہر ایک ایک تولہ پانی میں پیس کر مصری ملا کر پلائیں۔

اکسیر احمر: (صفت) سم الفار سفید ڈیڑھ تولہ دو تین ڈلی کر کے پوست بیخ کنیر سفید ۱۰ تار، رتی جوت ۱۰ تار میں رکھ کر ایک کپڑے میں پوٹلی باندھیں۔ اور سات سیر دودھ میں پوٹلی مذکور معلق کر کے جوش دینا شروع کر دیں۔ جب دودھ کی مقدار ایک سیر کم ہو جائے تو پانی گرم ایک سیر ملا کر پھر جوش دیں۔ جب دودھ صرف پانچ سیر باقی رہ جائے سرد کر کے دہی جما کر مکھن نکال لیں۔ اور اس کا گھی تیار کریں۔ روغن مذکور ۳ تولہ، روغن قرنفل خانہ ساز ۲ ماشہ، روغن بسباسہ ڈیڑھ ماشہ، مشک ۴ ماشہ حل کر کے ایک مخصوص جگہ پر اکیس روز پڑا رہنے دیں۔ موسم سرما میں ایک تا پانچ قطرے استعمال کریں۔ دودھ، گھی اور روغنی اغذیہ خوب ہضم ہوں گی۔ (ن)

جناب حکیم اسد اللہ صاحب مرحوم امرتسری

اطریفل حامدی: برائے ضعف گردہ و معدہ و ہضم جو برودت سے ہو۔ نیز بلغمی رطوبت سے پیدا ہونے والے امراض میں مفید ہے۔ (صفت) پوست ہلیلہ زرد، ہلیلہ سیاہ، ہلیلہ کابلی، بلیلہ، آملہ خشک، بوزیدان، بسباسہ، شیطرج ہندی، شقاقل مصری، تودری سرخ، تودری زرد، ہر ایک ۵ تولہ، اندرجو

شیر میں، بہمن سرخ، بہمن سفید ہر ایک ۲½ تولہ۔ جملہ ادویہ پیس کر روغن پستہ ۵ تولہ میں چرب کر کے محفوظ کر لیں۔ پہلے قند سیاہ ڈیڑھ سیر، عرق بادیان، عرق ابریشم ہر ایک ایک سیر میں قوام کر کے مندرجہ بالا ادویہ آہستہ آہستہ شامل کر کے حسب طریقہ بنائیں۔ خوراک: ایک تولہ۔

ایارج رضائی: تمام امراض راس میں تنقیہ کے لیے مفید ہے۔ (صنعت) حب بلسان، عود بلسان، اسارون، ایرسا، تخم قلمی، مصطگی رومی، زعفران ہر ایک ایک ماشہ، صبر سقوطری ۱۴ ماشہ۔ جملہ ادویہ پیس کر عرق بادیان میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں اور سایہ میں خشک کریں۔ خوراک: بوقت خواب، ایک ماشہ ہمراہ عرق بادیان۔

برائے درد گوش: درد کو فوراً تسکین ہوتی ہے۔ (صنعت) گل بابونہ، اکلیل الملک، گل سرخ، پوست مسلم ہر ایک ایک تولہ، برگ عنب الثعلب سبز ۳ تولہ۔ جملہ ادویہ کو ۲ سیر پانی میں جوش دیں اور نیم گرم بخارات کان میں پہنچائیں۔

حابس خون، مقوی اعضائے رئیسہ: عقیق سرخ ایک تولہ کو عرق بید مشک ۱۵ تولہ میں حل کریں۔ اور محفوظ رکھیں۔ خوراک ۴ رتی، ہمراہ خمیرہ گاؤزبان وغیرہ۔ طاقتِ رفتہ کو چند روز میں لوٹاتا ہے۔

انوشدارو: ضعفِ قلب، خفقان اور ضعفِ معدہ کو نافع، نو مانہ بینا اور معدہ کو بلغمی رطوبات سے پاک کر کے بھوک بڑھاتا ہے۔ (صنعت) قرنفل گلدار ۱۲ ماشہ، ہیل کلاں ۱۴ ماشہ، عود قماری خام ۲ تولہ، زعفران نو ماشہ، سنبل الطیب، مصطگی رومی، بسباسہ، جوز بوا ہر ایک ۱۴ ماشہ، اترج ۲ تولہ، زنجبیل، صمغ عربی، بہمن سرخ، بہمن سفید ہر ایک ۷ ماشہ، غنچہ گل سرخ ۲ تولہ۔ جملہ ادویہ پیس کر باریک کریں۔ اول آملہ سبز ایک پاؤ تین پاؤ شیر گاؤ میں جوش دے کر پارچہ بیز کریں۔ اور قند سفید دو سیر ملا کر قوام کریں آخر قوام میں پسی ہوئی ادویہ تھوڑی تھوڑی ملا کر انوشدارو تیار کر لیں۔ خوراک: ۶ ماشہ سے تولہ تک۔ (ن)

حب جریان، احتلام و سرعت: پہلے معدہ و جگر کو تقویت دے کر صالح خون پیدا کرتی ہیں۔ اور اس کے بعد دماغ و اعصاب کو قوت بخش کر جریان، احتلام اور سرعت کو دور کر دیتی ہیں۔ (صنعت) دانہ الائچی خورد، مغز تخم ریٹھہ، طباشیر، تخم ستیاناسی، مغز تخم املی، مغز تخم کونچ، مغز تخم سرس، مغز بنولہ ہر ایک ۶ ماشہ، کشتہ سم الفار سفید، کشتہ فولاد ہر ایک ۳ ماشہ، افشردہ چھال نرم ببول ایک چھٹانک یا بقدر ضرورت۔ تمام ادویہ کو الگ الگ پیس کر صحیح وزن کر لیں۔ پہلے سم الفار اور کشتہ فولاد جو چرچٹہ کے پانی میں سرد کشتہ کیا گیا ہو باریک پیس لیں پھر ہر دو [illegible] جس ترتیب سے نسخہ میں درج ہے اسی ترتیب میں شامل کرتے جائیں اور آب افشردہ چھال ببول ڈالتے جائیں۔ جب تمام ادویہ مل جائیں تو دو گھنٹہ مسلسل خوب کھرل کرتے رہیں۔ (کثرت امساک کے لیے افیون ۳ ماشہ اور [illegible] اگر گولی بنانے کے لیے مشک، عنبر ایک ایک ماشہ کا اضافہ کیا جا سکتا ہے) جب گولی بنانے کے قابل ہو جائے تو چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ خوراک: ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔ غذا زود ہضم استعمال کریں۔ دو ہفتہ کے بعد ہلکا سا مسہل لیں تاکہ سم الفار کے ذرات اگر جسم میں جمع ہوں تو خارج ہو جائیں۔

حب عجیب: معدہ کے امراض ریاحی مثلاً بادگولہ، قبض، ریاح شکم، [illegible] وغیرہ کے لیے مفید۔ ہاضم طعام اور معدہ و امعاء کی اکثر شکایات کو نافع ہیں۔ (صنعت) بادیان، زنجبیل، زیرہ سیاہ، پودینہ خشک، شونیز، الائچی کلاں، تیزپات، مصطگی رومی، سہاگہ، چوکیہ بریاں، سجی، [illegible] نمک لاہوری، نمک چوکھا، نمک [illegible]، نمک سیاہ ہر ایک دو تولہ، زیرہ سفید، زیرہ سیاہ [illegible] ہر ایک ایک تولہ، فلفل سیاہ، فلفل سفید، دار فلفل، رائی [illegible] ہر ایک ۱½ ماشہ، قرنفل گلدار، انگوزہ ہر ایک ۳ ماشہ، نوشادر ایک تولہ، پوست ارنڈ خربزہ خشک، گل دار سفید نیم شگفتہ ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ جملہ ادویہ کوٹ چھان کر آب ادرک میں ایک دن رات تر رکھیں۔ دوسرے روز حل کر کے نخودی گولیاں بنالیں اور سایہ میں خشک کر لیں۔ برائے ضعفِ معدہ و بواسیر ریحی دو گولی ہمراہ آب تازہ بعد از غذا۔ برائے درد شکم دو گولیاں ہمراہ عرق بادیان۔ باقی شکایات میں دو گولیاں حسب مناسب بدرقہ کے ہمراہ دیں۔ (ن)

حب مسہل: قبض و اخراجِ مواد غلیظ کے لیے نہایت مفید و مجرب، اخلاط ربعہ کا بہترین مسہل۔ ایک گولی کا استعمال کافی ہے۔ (صنعت) گل سرخ، برگ حنا، [illegible] ہر ایک ۳ ماشہ، حب السلاطین مدبر ۱½ تولہ، قند سیاہ ۱½ تولہ۔ ادویہ باریک پیس کر قند سیاہ میں ملا کر نخودی گولیاں بنالیں۔ یہ گولیاں تازہ حالت میں چند روز دستی کرتی ہیں، مگر پرانی ہو جانے پر بے ضرر ہو جاتی ہیں۔ (ن)

برائے ذات الجنب (ڈبہ اطفال): (صنعت) سہاگہ، تخم ستیاناسی، عصارہ ریوند ہم وزن پیس کر عرق بادیان کے ہمراہ دانہ مسور، جوار اور نخود کے برابر گولیاں بنالیں۔ حسب عمر مریض دو تین گولیاں ماں کے دودھ میں گھس کر پلاتے رہیں۔ درد اور رکتے ہو کر پسلی چلنا اور دم رفع ہو جائے گا۔ (ن)

دوائے درد دل: فوراً نفع کرتی ہے۔ (صنعت) قرنفل گلدار، الائچی خورد ہم وزن سفوف بنالیں۔ ایک ماشہ دوا میں کشتہ یشب سبز ۲ رتی ملا کر پانی سے کھلا دیں۔ حسب ضرورت ذائقہ نبات سفید بھی شامل کر سکتے ہیں۔ (ن)

جناب حکیم محمد عمر صاحب مرحوم لکھنو

حب حافظ الارواح: برائے حفظ ماتقدم طاعون و تپ ہائے ہمہ

اقسام، مقوی اعضائے رئیسہ، حافظ ارواح ثلاثہ، مقوی باہ و ہاضم، مشتہی نہایت اسراری نسخہ ہے۔ (صفت) کشتہ نقرہ، جدوار خطائی، درونج عقربی، مصطگی، جوزبوا، بسباسہ، ہر ایک ایک تولہ، فادزہر حیوانی، حجر البقر ہر ایک ایک ماشہ مشک، عنبر ہر ایک چار رتی، زعفران ۳ ماشہ، مروارید محلول ۱½ ماشہ، ست سلاجیت ۳ ماشہ پانی کی مدد سے گولیاں بنالیں۔ خوراک: ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ پانی۔ بخار کے لیے چائے یا گرم دودھ کے ہمراہ امراضِ شکم کے لیے ہمراہ عرق بادیان بغیر بدرقہ نگل لینا یا چوسنا بھی ازحد مفید ہے۔ (ف)

برائے سنگرہنی: تین روز میں مکمل فائدہ ہوتا ہے۔ (صفت) خرما ایک عدد گٹھلی دور کردہ۔ اس میں افیون اور بیلگری کا برادہ مساوی الوزن بھر دیں پھر اس پر گوندھا ہوا آٹا لیپ کر کے بھوبھل میں دفن کر دیں۔ سرخ ہونے پر نکال کر خرما کے بوزن بھنگ، الو دھ اور لاجونتی کی جڑ ملا کر اچھی طرح کوٹیں۔ بعدہٗ روغن زرد میں بھون کر گھونگچی کے برابر گولیاں بنالیں۔ اور ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ پانی دیں۔ (ف)

برائے ضیق النفس: (صفت) بھنگ، افیون ہم وزن آگ پر بھون لیں۔ پھر اس میں دونوں کے برابر ایلوا اور سہاگہ اضافہ کر کے سہانجنہ کے رس میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ ایک گولی منقے میں رکھ کر پانی کے ہمراہ کھلا دیں تاکہ گولی دانتوں کو نہ لگے۔ (ف)

کشتہ پارہ: آتشک کی خواہ کیسی حالت ہو۔ انشاء اللہ پندرہ روز میں بالکل صحت ہوگی۔ ایک مٹی کے پیالے میں ۵ تولہ پارہ ڈال کر نرم آنچ پر رکھیں جب پارہ حرکت کرنے لگے تو اس پر تیزاب گندھک ڈال دیں۔ جب جوش ٹھنڈا ہو جائے تو قدرے گندھک کا تیزاب اور ڈال دیں اور آدھ گھنٹہ بعد آگ تیز کر دیں نہایت عمدہ سفید رنگ کا کشتہ ہوگا۔ خوراک ایک چاول مکھن میں لپیٹ کر۔ دورانِ تیاری احتیاط رکھیں کہ تیزاب کا دھواں آنکھوں کو نہ لگے۔ اس سے آنکھیں خراب ہو جاتی ہیں۔ (ف)

برائے سیلان الرحم: مازو، ہلد، بیلگری، سنگراحت ہر ایک ۱۰ ماشہ، پنج قلمی ۶ ماشہ، آرد خستہ خرما ۱۱ ماشہ، اندرجو شیریں ۷ ماشہ، آرد سنگھاڑہ ۵ ماشہ، گل دھاوا ۷ ماشہ سفوف بنا کر ہم وزن نبات سفید شامل کر لیں۔ خوراک ۹ ماشہ ہمراہ جوشاندہ اڑوسہ صبح و شام ایک ہفتہ کافی ہے۔

شعال کہنہ: گلنار سوختہ، برگ کیلہ سوختہ، گل تاڑ سوختہ ہر ایک ایک تولہ، نمک طعام نو ماشہ، مرچ سیاہ ۶ ماشہ شہد ۶ ماشہ چٹائیں۔

خارش ہر قسم: کمیلہ، مرچ سیاہ ہر ایک دو ماشہ، زعفران ایک ماشہ، صبر سقوطری ۶ ماشہ، موم خام ۳ ماشہ، مردار سنگ ۶ ماشہ، روغن گل بقدر ضرورت ملا کر مرہم بنا کر استعمال کریں۔ ہر دوسرے روز نیم کے صابن سے غسل کریں۔

زحیر (پیچش): چھوہارا ۳ عدد، افیون ۶ رتی، سونٹھ ۴ ماشہ، پودینہ خشک، سونف ہر ایک ۲ ماشہ۔ ان ادویہ کا سفوف بنا کر چھوہاروں کی گٹھلیاں دور کر کے ان میں بھر کر بھوبھل میں سرخ کریں۔ ٹھنڈا ہونے پر پیس کر برابر وزن مصری ملائیں۔ خوراک: ۹ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان۔ (ف)

سوزاک: طباشیر، کات سفید، کباب چینی ہر ایک ۶ ماشہ، ست گلو ۴ ماشہ، اسگند ناگوری ۷ ماشہ، کشتہ تر دھاتہ ۳ ماشہ، صدف صادق سوختہ ست باروزہ، ست لوبان ہر ایک ۴ ماشہ، سنگ جراحت ۹ ماشہ، صمغ عربی ۱۰ ماشہ جملہ ادویہ کا سفوف بنالیں۔ اور روغن صندل ۳ ماشہ سے چرب کر کے عرق پچھکنی ملا کر نخودی گولیاں بنالیں۔ خوراک: ۲ گولی صبح و شام ہمراہ شربت بزوری و عرق گاؤزبان۔

عرق مصفی خون: (صفت) چوب چینی، شاہترہ، گل منڈی، گل بابونہ، گل عصفر، برہمنڈنڈی، سرخ چینی، ہزار دانی ہر ایک ایک تولہ۔ ان کو خوب جوش دے کر مل چھان لیں۔ اور دن میں چند بار پلائیں۔ چند روزہ استعمال سے مفید نتائج برآمد ہوں گے۔ (ف)

بواسیر: (صفت) سونامکھی ایک تولہ کو برگ حنا سرخ بیس تولہ کے نغدہ میں رکھ کر چار سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ برنگ سرخ کشتہ ہوگا۔ اس کو رسوت ۵ تولہ میں ملا کر نخودی گولیاں بنالیں۔ خوراک: ایک گولی صبح ہمراہ بدرقہ مناسب۔

قرص حمیات حارہ و دق: (صفت) ست گلو، زہر مہرہ خطائی، طباشیر، دانہ الائچی خورد، مغز تخم خیارزہ، کافور خالص ہر ایک تین ماشہ، زعفران ایک ماشہ، تخم خرفہ سیاہ، برادہ صندل ہر ایک ۴ ماشہ، بہدانہ شیریں ۶ ماشہ ملا کر دو دو ماشہ کے قرص بنالیں اور سایہ میں خشک کر لیں۔

قرص ورم طحال: (صفت) افسنتین ۹ ماشہ، گل سرخ ۱۰ ماشہ، تخم کاسنی، زرشک، بہدانہ ہر ایک ۶ ماشہ، زعفران ۳ ماشہ کو آب کاسنی سبز مروق میں پیس کر دو دو ماشہ کے قرص بنالیں۔ اور ایک قرص بوقتِ ضرورت ہمراہ عرق کاسنی دیں۔ (ف)

برائے پیچش: بارہا کا مجرب ہے اس کے استعمال سے ۶-۶ ماہ کے کہنہ مریض شفا حاصل کر چکے ہیں۔ ہر عمر میں یکساں مفید ہے۔ (صفت) شنگرف رومی، افیون خالص، سہاگہ بریاں ہم وزن عرقِ لیموں میں کھرل کر کے مونگ کے برابر

گولیاں تیار کر کے چاندی کا ورق چڑھا دیں۔

خوراک: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ مٹھا دہی۔ غذا نرم چاول جن میں دہی کا مٹھا، زیرہ سفید، مرچ سیاہ اور نمک حسب ضرورت ملا لیے گئے ہوں بچوں کے لیے مقدار کا تعین حسب عمر کریں۔ اور ان کو غذا میں صرف چاولوں کی پیچ دیں۔ (ف)

طلاء اکسیری: مجلوق کے لیے اکسیر ہے (صفت) مغز جما لگوٹہ ۶ ماشہ، مغز پستہ ۲ تولہ، مغز تخم خربوزہ ایک تولہ۔ جملہ ادویہ کو شیر گاؤ ایک تولہ میں پیس کر دھوپ میں رکھ دیں۔ جو روغن برآمد ہو بقدر ایک سیخ بطریق معروف استعمال کریں

جناب حکیم محمد احسن صاحب مرحوم حیدرآباد دکن

برائے یرقان اسود و اصفر: (صفت) پھٹکڑی سفید، تخم ہنگوٹ (جس میں بارود بھر کر آتش بازی مثل انار چلاتے ہیں، اس کے اوپر زرد دانہ دار گودہ جو چھلکے کے نیچے ہوتا ہے) مساوی الوزن ملا کر نخودی گولیاں بنا لیں۔ ایک گولی صبح و شام نا سہ روز کافی ہے

روغن اعجازنہ: مقوی باہ ممسک، ضعف معدہ، زحیر اور ہر قسم کے اسہال وغیرہ کو بھی مجرب ہے۔ (صفت) گندھک آملہ سار، شنگرف رومی، زرنیخ ورقی، مغز تخم نیب ہر ایک ۲ تولہ، برادہ دندان فیل، لوبان کوڑیہ، سم الفار سفید، سم الفار سرخ، گوگل بھینسیا، مغز تخم پستہ، برادہ شاخ گوزن، شب یمانی، کافور ہر ایک ایک تولہ، زعفران، سلاجیت ہر ایک ۶ جندبیدستر ۲ ماشہ جملہ ادویہ کو پہلے شیر مدار، پھر عرق گل کیر ہ سفید، پھر عرق سہانجنہ پھر عرق ہرن کھری ہر ایک ایک پاؤ میں حل کر کے گولیاں بنا لیں اور بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں۔ قوت باہ اور امساک کے لیے ایک قطرہ بالائی یا پان میں۔ اگر ایک قطرہ بالائی کے ہمراہ روزانہ صبح کھایا جائے تو چہرہ سرخ ہو جاتا ہے اسی طرح سے اگر دو قطرے روزانہ استعمال کئے جائیں تو عنانت (نامردی) بالکل دور ہو جاتی ہے۔ ہمراہ مسکہ گاؤ، بواسیر ایک ہفتہ میں دور ہو جاتی ہے ضعف معدہ، زحیر اور ہر قسم کے اسہال میں ایک قطرہ شکر تری کے ہمراہ استعمال کرنا بہتر ہے۔ مجلوق کو تین یوم یا حد دو ہفتہ تک ایک قطرہ روزانہ استعمال کرنا چاہیئے۔ جریان، احتلام اور سرعت کے لیے ایک ایک قطرہ تین یوم تک ہمراہ سبوس اسبغول ایک تولہ دیں ضیق النفس کہنہ میں ایک قطرہ ہمراہ زنجبیل ۳ ماشہ یا رچہ بزر دیں۔ علاوہ ازیں بمشورۂ طبیب ہمراہ بدرقہ مناسب بے شمار امراض میں نفع بخش ہے۔

حب بخار: ہر قسم کے بخار میں مفید و مجرب ہے۔ (صفت) جمالگوٹہ مدبر ایک تولہ، شنگرف رومی مدبر ۳ ماشہ۔ دونوں کو دو روز تک عرق لیموں میں کھرل کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں بنا لیں۔ ایک گولی ہمراہ پانی دینے سے بخار رفع

ہو جاتا ہے۔ (ف)

سعوط صرع: چاول (اگر ساٹھی کے ہوں تو زیادہ بہتر ہے)، شیر مدار میں بھگوئیں اور سایہ میں خشک کر لیں۔ انہیں باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔ اور بوقت ضرورت بطور نسوار ناک میں پھونکیں۔ (ف)

دافع جریان: کشتہ قلعی شیر برگد میں تر کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں بنا لیں۔ اور ایک گولی ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ (ف)

برائے ضعف باہ: شنگرف رومی ۲ تولہ، سم الفار ایک تولہ کو آب لیموں میں اچھی طرح کھرل کریں۔ بعدہٗ روغن کنجد میں جلا کر محفوظ رکھیں۔ روغن بطور طلاء اور دوائے مذکور کو بقدر نصف حب اول مکھن یا بالائی میں لپیٹ کر دیں۔

برائے رعشہ و استرخاء: (صفت) پارہ، سم الفار ہر ایک ایک تولہ کو آب لیموں نصف سیر میں اچھی طرح کھرل کریں۔ ان کی گولیاں بنا کر چاندی کی ڈبیہ میں بند کر کے تار لپیٹ کر گل حکمت کر کے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر دوا پیس لیں۔

خوراک: ۲ چاول مکھن میں۔

برائے کالی کھانسی: (صفت) نمک لاہوری، برگ بانسہ، اجوائن دیسی، مساوی الوزن ایک کوزہ گلی میں ڈال کر اس کا منہ اچھی طرح بند کر کے آگ دیں۔ سرد ہونے پر حفاظت سے رکھیں۔

خوراک: تین ماشہ تک حسب عمر مریض۔

برائے کمزوری رحم: (صفت) زنجبیل، مصطگی، مردار سنگ، مفتہ عقر قرحا ہر ایک ۳ ماشہ، زرنباد، درونج عقربی، تخم کرفس، شیطرج، الائچی کلاں، جوزبوا، بسباسہ، خرفہ ہر ایک ۷ ماشہ، بہمن سرخ، بہمن سفید، فلفل دراز، مرچ سفید ہر ایک ۱۰ ماشہ، دارچینی ۱۷ ماشہ۔ جملہ ادویہ باریک کر کے قند سفید سہ چند ادویہ کا عرق کیوڑہ میں قوام بنا کر ملائیں۔ معجون بن جائے گی۔

خوراک، ۶ ماشہ صبح و شام، ترش، تیل، مرچ اور گڑ سے پرہیز۔

برائے بے قاعدگی حیض: ہچکی کے لئے بھی مفید ہے (صفت) بادیان، گاؤزبان، تخم خربوزہ، تخم کڑ ہر ایک ۷ ماشہ جوش کر صاف کر لیں اور تین تولہ شکر سرخ ملا کر علی الصباح پلایا کریں۔ (ف)

برائے سوزاک قرحہ و کہنہ: (صفت) گوگرد، شورہ قلمی، پھٹکڑی ہر ایک ۲ تولہ، زرنیخ سرخ ایک تولہ، چونا قلعی ۸ تولہ، صدف صادق

سم الفار ہر ایک ایک تولہ، سہاگہ چوکیہ ڈیڑھ تولہ۔ جملہ ادویہ نہایت باریک مثلِ غبار پیس چھان کر دو پہر عرق گھیکوار میں کھرل کریں۔ اور گلِ حکمت کرکے ۵ سیر پاچک دشتی کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں، اور نصف یا ایک رتی بالائی میں استعمال کرائیں۔ غذا خوب مرغن دیں۔

اکسیر ملیریا: (صفت) مغز کرنجوہ ۲ تولہ، دارچینی، زیرہ سیاہ، برگِ ببول، پھٹکڑی شگفتہ ہر ایک ایک تولہ کوٹ چھان کر کمکوڑ کے چھلکوں کے پانی سے خوب کھرل کرکے نخودی گولیاں تیار کرلیں۔ صبح، دوپہر، شام ہمراہ بدرقہ مناسبہ یا پانی دیں۔ ملیریا کے لیے اکسیری علاج ہے۔

عرقِ دافع تپ: ہر قسم کے بخاروں کے لیے مفید ہے۔ (صفت) نانخواہ کوفتہ، کاسنی کوفتہ، قصب الذریرہ کوفتہ، عنب الثعلب کوفتہ ہر ایک ۱۰ تولہ، گلوئے سبز، منڈی ہر ایک بیس تولہ، عناب، افسنتین، برنجاسف ہر ایک پانچ تولہ۔ جملہ ادویہ رات بھر بارہ سیر پانی میں بھگوئیں۔ صبح بطریق معروف دس بوتل عرق کشید کریں۔ خوراک: ۲ تولہ صبح و شام ہمراہ شربت شفا۔ بچوں کی خوراک کا تعین خود کرلیں۔

حبِ اذراقی: مقوی اعضائے رئیسہ، ممسک و مقوی باہ ہیں۔ گردہ و اعصاب کے لیے بھی نہایت مجرب و معمول ہے۔ (صفت) دارچینی، شقاقل مصری، بوزیدان، شتر اعرابی، موصلی سفید، جوز بوا، بسباسہ، عود صلیب، قرنفل، ریگ ماہی ہر ایک ۶ ماشہ، اذراقی مدبر ایک تولہ، ثعلب مصری ۹ ماشہ، مشک ۲ ماشہ کوٹ چھان کر حبوب نخودی بنالیں۔ خوراک: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ نیم گرم شیر۔ (ن)

حبِ زعفرانی: کالی کھانسی کے علاوہ ہر قسم کی کھانسی دور کرنے میں اکسیر الاثر اور معمول ہیں۔ (صفت) شکوفہ تیغال ۶ ماشہ، مغز بادام، مغز کدو، جو کھار سفید، فلفل سفید، اجزا بوا، مرکی، صمغ عربی، جدوار خطائی ہر ایک ایک تولہ، تخم کتان، اصل السوس مقشر، کاکڑا سینگی ہر ایک ۸ ماشہ، بسباسہ ۴ ماشہ، زعفران ۳ ماشہ۔ جملہ ادویہ کوٹ چھان کر شہد خالص کے ہمراہ خوب کھرل کرکے حب بقدر فلفل سیاہ بنالیں اور ایک ایک گولی صبح و شام پانی سے نگل لیں یا ویسے ہی چوس لیں۔ (ن)

حبِ زحیر معہ رعایت ریاح بواسیری: مغز نمکولی، مصطگی، طباشیر ہر ایک ۳ ماشہ عرق بادیان میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ دو گولیاں ہمراہ لعاب بہدانہ شیریں ہر ایک ۳ ماشہ، شیرہ خار خسک، شیرہ تخم بادیان، شیرہ حب الآس ہر ایک ۴ ماشہ باریک کپڑے سے چھان کر نیم گرم پلائیں۔ (ن)

مدرِ حیض: (صفت) برگ بانس سبز، تخم خربوزہ، تخم خیارین، بیخ بادیان، بیخ کاسنی، عنب الثعلب خشک، انیسوں، تخم کرفس ہر ایک ۳ ماشہ رات کو پانی میں بھگو کر صبح خفیف جوش دے کر شربت بزوری ۲ تولہ حل کرکے نیم گرم پلائیں۔ (ف)

جناب حکیم نظام الدین شیدا مرحوم پاک پتنی

برائے قوتِ باہ و امساک: زعفران، قرنفل، جاوتری، جائفل، مرچ سیاہ، بہمن سرخ، بہمن سفید، افیون، عقرقرحا، ہر ایک ۴ ماشہ، مشک خالص ۴ رتی، شہد سہ چند وزن۔ جملہ ادویہ ادویہ باریک کرکے شہد میں ملائیں اور کھلے منہ کی شیشی میں ڈال کر منہ بند کرکے پندرہ بیس یوم غلہ گندم میں دفن کردیں۔ بعد ازاں نکال کر ۶ ماشہ صبح و شام ایک ہفتہ ہمراہ شیر گاؤ تازہ استعمال کریں۔ مرغن غذاؤں کا بکثرت استعمال کریں۔ دوران استعمال ترش، تیل والی اشیاء اور جماع سے پرہیز کریں۔ عمدہ اور مجرب ہے۔ (ف)

اکسیرِ جریان: نہایت عمدہ اور قابلِ بھروسہ نسخہ ہے۔ جریان چاہے کس قدر پرانا ہو تین چار روز کے استعمال سے بند ہوجاتا ہے۔ (صفت) تخم دھتورہ، تخم خرفہ سیاہ، تخم تلھن، مغز بادیان ہر ایک ۶ ماشہ پیس کر پانی کی مدد سے نخودی گولیاں بنالیں۔ ایک سے دو گولی تک ہمراہ شیرہ بادیان صبح استعمال کریں۔ (ن)

کشتہ شنگرف: برائے قوتِ باہ، وجع المفاصل، فالج، لقوہ، عرق النساء، درد عصبی ریحی وغیرہ امراضِ بلغمی، بلغمی مزاج والوں کے لئے اکسیر ہے۔ (صفت) چینی کی پیالی میں شنگرف ایک تولہ کی ڈلی پر شیر مدار اس قدر ڈالیں کہ شنگرف ڈوب جائے۔ جب خشک ہوجائے۔ پھر ڈلی کو ایک کوزہ گلی میں دس تولہ حرمل نیچے اوپر دے کر منہ بند کرکے تیز آنچ پر رکھیں۔ جب دھواں نکلنا بند ہوجائے تو باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ اور ایک رتی بتاشہ میں ڈال کر صبح نہار منہ استعمال کریں۔ (ن۔ف)

برائے دردِ ریحی: ریحی درد کو جلد رفع کرتا اور اس کے دوبارہ عود کرنے کا خطرہ نہیں رہتا۔ اس کے علاوہ ہر قسم کے درد کے لیے بھی مفید ہے قوتِ باہ میں اضافہ کرتا، مولدِ منی، مصفی خون اور چہرہ کی رونق بڑھاتا ہے۔ (صفت) دار فلفل، فلفل سیاہ، خولنجان، دانہ الائچی خورد، بالچھڑ، ناگرموتھا، تخم کرفس، ہر ایک ایک تولہ، پودینہ خشک، اجوائن، سداب، زیرہ سیاہ، گل سرخ، سورنجان شیریں، دارچینی، زنجبیل ہر ایک ۲ رتی، جاوتری، زیرہ سیاہ، جائفل، کباب چینی، عقرقرحا، ہر ایک ۶ ماشہ، مغز اخروٹ، مغز فندق، مغز نارجیل، مغز چلغوزہ، مغز

بیاغوزہ، مغز پستہ، مغز بادام ہر ایک ۳ تولہ، انیسون، گل بابونہ ہر ایک ۹ ماشہ، مغز
تخم خیارین، مغز تخم تربوز، مغز تخم خربزہ ہر ایک ایک تولہ۔ جملہ ادویہ خوب باریک کرکے
شہد سہ چند میں ملا کر شیشے کے مرتبان میں ڈال کر چالیس یوم تک غلہ گندم میں دفن
رکھیں۔ خوراک: ۶ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ۔ مکمل نسخہ استعمال کریں۔

معجونِ زنجبیل: برائے ضعفِ ہضم و قلتِ اشتہا، مقوی باہ و اعضائے
رئیسہ۔ (صفت) زنجبیل ایک تولہ، زرنباد، دانہ ہیل کلاں، دانہ ہیل خورد،
اسارون، ساذج ہندی، زرنب، مصطگی رومی، صندل سفید، شقاقل، اشنہ،
حب الآس، سنبل الطیب، بادرنجبویہ، بسباسہ، جوزبوا، بہمن سرخ، بہمن سفید
درونج عقربی، عود، عود غرقی، زیرہ سفید، کشنیز خشک، گل نیلوفر، ابریشم خام مقرض،
انار دانہ شیریں، زرشک بے دانہ، گل گاؤزبان، زعفران، آملہ خشک، طباشیر، تخم
منقی بریاں ہر ایک ۶ ماشہ۔ ادویہ باریک کرکے پارچہ بیز کریں۔ اول شیرہ مربّہ
آملہ بنارسی ۵ اتولہ ۲۵ تولہ پانی میں نکال کر صاف کیا ہو۔ آب ادرک، آب برگ
پودینہ سبز، آب انار، خربزہ ہر ایک دو تولہ اس میں اضافہ کرلیں۔ قند سفید، شہد
خالص ہر ایک ۳۲ تولہ۔ ان میں قوام کریں اور پسی ہوئی ادویہ قدرے ڈال کر
آگ سے اتار لیں۔ بعدہٗ مشک خالص محلول، عنبر اشہب محلول ہر ایک دو ماشہ،
زہر مہرہ خطائی محلول، کہربا محلول، جدوار خطائی محلول، ورق نقرہ محلول،
ہر ایک ۳ ماشہ ملا کر معجون بنالیں۔ (ت)

اکسیر دافع بخار: کونین کے مقابلے میں بدرجہا بہتر ہے۔ بارہا کا آزمودہ
اور معمول ہے، اس کے استعمال سے بخار فوراً ہی اتر جاتا ہے۔ (صفت) برگ
سورج مکھی سبز سایہ میں خشک کرلیں۔ اور پیس کر سفوف بنالیں۔ ایک
ماشہ دوا میں تین مرتبہ ہمراہ شربت بنفشہ ۳ تولہ، عرق گاؤزبان، عرق بادیان
ہر ایک پانچ تولہ میں حل کرکے دیں۔ (ت)

کشتہ ہڑتال ورقی مرکب بہ سیماب: ایک قیمتی نسخہ ہے۔ بواسیر،
جذام، سرطان، فالج، لقوہ، خنازیر، ضعف باہ اور سرعت وغیرہ میں مفید
نیز آتشک و سوزاک کہنہ کو بھی دور کرتا ہے۔ بالوں کو قبل از وقت سفید ہونے
سے روکتا ہے۔ (صفت) ہڑتال ورقی، سیماب مصفّٰی ہر ایک ۳ تولہ کو عرق سنبھالو
سے تین پہر کھرل کریں۔ خشک ہونے پر درختِ سرس کی چھال کے پانی سے تین پہر
کھرل کریں۔ اور قرص بنا کر سایہ میں خشک کرلیں۔ ایک نوعدد کی ڈلیاں خشک کرکے
پیس لیں۔ اور دو سیر شیر مدار میں کھرل کرکے اس کا بوتہ معہ سرپوش بنالیں۔ خشک
ہونے پر اس بوتہ میں شیر مدار ڈال دیں۔ جب خشک ہو جائے تو شیر مدار اور ڈال دیں۔ یہ عمل
کم از کم سات مرتبہ کریں۔ آخری مرتبہ خشک ہونے پر قرص مذکور اسی بوتہ میں رکھ کر شیر
مدار سے پر کریں۔ یہ عمل بھی سات مرتبہ کریں۔ نمک سانبھر بقدر حاجت لے کر تین
پہر شیر مدار میں کھرل کر کے ایک آہنی کٹھالی کے اندر باہر نصف انگلی کی موٹائی تک
لیپ کردیں۔ اس کے اندر بوتہ معہ قرص رکھ دیں۔ بوتہ کے ارد گرد بھی نمک سے
بھر دیں تاکہ کوئی جگہ خالی نہ رہے۔ پھر ایک مٹی کی ہانڈی میں خاکستر چوب پلاس
دو سیر نیچے اور دو سیر کٹھالی کے اوپر گل حکمت کریں اور ایک چولھے پر رکھ
کر نرم آنچ دیں اور آہستہ آہستہ آنچ تیز کرتے جائیں۔ سولہ گھنٹے کے بعد
آگ بند کردیں۔ اور سرد ہونے پر نکال لیں۔ سفید رنگ کا کشتہ باوزن برآمد
ہوگا۔ خوراک: حسب مزاج مریض ایک چاول سے ایک رتی تک ہمراہ
بدرقہ مناسبہ تین سے سات روز تک۔

برائے نارو (رشتہ): مجرب و آزمودہ ہے۔ (صفت)
صبر زرد ۶ ماشہ ہمراہ دہی کے پانی کے علی الصبح مریض کو کھلا دیں۔ اور اس کے
بعد ایک دن اور ایک رات بجائے آب و طعام کے صرف دہی دیتے رہیں۔ حتیٰ کہ
تھوڑا تھوڑا کرکے دن میں دو سیر دہی کھلا دیں۔ پان، تمباکو وغیرہ سے پرہیز کرائیں
اگر دہی کم کھلایا جائے یا دیگر اشیائے خوردنی استعمال کرائی جائیں۔ تو دست کم
ہوں گے اور مرض باقی رہ جائے گا۔ اس صورت حال میں دوا دوبارہ کھلانا پڑے
گی۔ چنانچہ اگر دہی کی کمی سے بھی دست ہو جائیں تو ۲۴ گھنٹے بعد دوبارہ دوا
کھلا دیں اس سے چند اسہال ہو کر ۲۴ گھنٹے میں مریض شفایاب ہوگا۔ عورتوں،
بچوں اور ضعیف حضرات کے لیے صبر زرد کی خوراک کا تعین کرلیں۔ مذکورہ
مقدارِ خوراک جوان آدمی کے لیے ہے۔ یہ نسخہ صرف خیرات کے لیے ہے۔
رقم وصول کرنے سے اجتناب کیا جائے۔ (ت)

تسکر ولبھ رس: برائے قوتِ باہ و امساک مجرب و آزمودہ۔
(صفت) پارہ مصفّٰی، گندھک مصفّٰی، کشتہ ابرک سیاہ، کشتہ فولاد، کشتہ نقرہ،
کشتہ طلاء، شہد خالص ہر ایک ۳ ماشہ، طباشیر ایک تولہ، تخم بھنگ ۴ تولہ،
پارہ اور گندھک کی کجلی بنائیں۔ شہد کے علاوہ باقی تمام ادویہ باریک پیس کر
کجلی میں ملا کر یک ذات کرلیں۔ آخر میں شہد ملا کر خوب اچھی طرح کوٹیں اور
آبِ برگ بھنگ سبز کے ہمراہ دانہ اُرد کے برابر گولیاں بنالیں۔ بوقت ضرورت
ایک یا دو گولی ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

پارہ صاف کرنے کا طریقہ: پارہ کو خشت پختہ میں پانچ منٹ
تک رگڑیں اور دبیز کپڑے سے چھان لیں۔ یہ عمل سات مرتبہ کریں۔

گندھک صاف کرنے کا طریقہ: شیر گاؤ تازہ بقدر ضرورت ایک
برتن میں ڈالیں۔ برتن کے منہ پر ململ کا کپڑا باندھ دیں۔ گندھک کو ہم وزن روغن

گاؤ میں اچھی طرح گرم کر کے کپڑے پر اُلٹ دیں۔ گندھک چھن کر دودھ میں چلی جائے گی۔ سات مرتبہ یہ عمل کریں۔

ترکیب کشتہ طلاء: ورق طلاء بقدر ضرورت ۲-۶ گھنٹہ روز تک آب ادرک میں کھرل کریں۔ خشک ہونے پر کوزہ گلی میں سنپٹ کریں اور دس سیر اُپلوں میں پھونک دیں۔

ترکیب کشتہ نقرہ: ایک بڑی پاتھی میں گڑھا بنا کر پیپلا مول ۲ تولہ، خارخسک ایک تولہ کا سفوف ڈالیں۔ اس پر ملکہ شاہی روپیہ یا اصلی قرش کی چاندی ایک تولہ روپے کی شکل میں بنا کر رکھ دیں اس کے اوپر بھی پیپلا مول ۲ تولہ اور خارخسک ایک تولہ کا سفوف بنا کر ڈال دیں اور دوسری پاتھی اس کے اوپر رکھ کر دس پاتھیاں ارد گرد رکھ کر ہوا سے محفوظ مقام پر آگ دیں۔ پندرہ آنچوں میں کشتہ تیار ہوگا۔ لیکن پہلی آنچ کے بعد چاندی پر ایک ماشہ پارہ مل دیں۔

ترکیب کشتہ فولاد: فولاد اصل بقدر ضرورت گرم کر کے ایک سو مرتبہ بول مادہ گاؤ میں بجھا دیں۔ اس کے بعد گرم کر کے کوٹیں مثلِ برادہ ہو جائے گا۔
اس برادہ کو عرق کھٹکل خورد میں دس روز تک کھرل کر کے ٹکیہ بنائیں۔ اور برگِ کھٹکل خورد کے نغدہ میں رکھ کر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے بیس سیر اُپلوں کی آنچ دیں۔ گلابی رنگ کا کشتہ ہوگا۔ (نوٹ) جتنی زیادہ مرتبہ عرق کھٹکل خورد میں بنایا جائے گا۔ اتنا ہی پُر تاثیر اور قوی ہوگا۔ اگر اس کے ساتھ دسواں حصہ شنگرف ملا کر آبِ کنوار گندل سے رگڑ کر آگ دی جائے۔ تو تاثیر میں مزید اضافہ کا باعث ہوگا۔

ترکیب کشتہ ابرک سیاہ: ابرک سیاہ کو آبِ مولی میں رگڑ کر خشک کر لیں۔ جب برادہ کی مانند ہو جائے تو ہم وزن شیر مدار میں کھرل کر کے خشک کریں اور کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے بیس سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔ شیر میں سات مرتبہ کھرل کر کے آنچ دیں۔ اس کے بعد تین مرتبہ جوشاندہ ریشہ برگد میں کھرل کر کے آگ دیں۔ آخر میں روغن گاؤ ہم وزن میں ملا کر آگ پر رکھیں جب روغن جل جائے نکال کر کام میں لائیں۔

برائے ترکِ افیون: (صفقہ) جائفل، مصبر، کونپل ارنڈ سایہ میں خشک کی ہوئی ہر ایک تین ماشہ، آرد نخود، صمغ عربی ہر ایک ۴ ماشہ، تخم دھتورہ سفید ۲ ماشہ۔ جملہ ادویہ پیس کر پانی کے ہمراہ مونگ کے برابر گولیاں بنا لیں جس قدر افیون کھانے کی عادت ہو پہلے روز اسی مقدار میں گولیاں کھائیں اور روزانہ ان کی تعداد کم کرتے جائیں۔ غذا میں رات کو نصف سیر شیر گاؤ میں ایک تولہ روغن زرد اور چار عدد ورق طلاء حل کر کے استعمال کریں۔ انشاء اللہ افیون کی عادت چھوٹ جائے گی۔

برائے بواسیر خونی و بادی: (صفقہ) پوست ہلیلہ کابلی، رسوت، مغز تخم نیم، مغز تخم بکائن، تخم چاکسو مقشر ہر ایک ۲ تولہ، بادیان، انیسون، تخم گندنا، لونگ، سنا مکی، مغز بادام شیریں ہر ایک ایک تولہ، یہ ادویہ کوٹ چھان کر الگ رکھ لیں پھر مغز فلوس خیار شنبر، مقل ارزق، مویز منقیٰ ہر ایک ۲ تولہ تین پہر پانی میں بھگو کے رکھیں۔ اور مل کر لعاب حاصل کریں۔
اس میں سفوف مذکور گوندھ کر مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنا لیں۔ اور ....
تین تین گولیاں صبح و شام ہمراہ پانی نیم گرم استعمال کریں۔

تریاقِ اطفال: بچوں کے تمام امراض میں مفید ہے (صفقہ):۔
ریوند خطائی ایک حصہ، مروارید ناسفتہ نصف حصہ، پودینہ بستانی ۴ حصے، ہلیلہ زرد ۳ حصے، تربد سفید مجوف خراشیدہ ۴ حصے۔ جملہ ادویہ پیس کر سفوف بنائیں۔ خوراک ۲ رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ

جناب حکیم محمد فیروز الدین صاحب مرحوم علی پوری

دافع جریان: (صفقہ) ست گلو، ست سلاجیت، ثعلب مصری، تخم کشنیز خشک مقشر، بہمن سفید، طباشیر، بیجبند، تخم اٹنگن، شقاقل مصری، دانہ الائچی سرخ ہر ایک ۶ ماشہ، اسبوس اسبغول ڈیڑھ تولہ، تخم تمر ہندی مقشر ۳ تولہ جملہ ادویہ کوٹ کر شکر سفید مساوی الوزن ملا کر سفوف بنا لیں۔ خوراک ۶ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ ایک پاؤ جس میں ترنجبین خراسانی ۲ تولہ حل کر لی گئی ہو۔

برائے حمیات نائبہ: موسمی بخاروں کے لئے اکسیر صفت ہے۔
(صفقہ) کونین، ست گلو، طباشیر، دانہ الائچی خورد، مغز کرنجوہ ہر ایک ۳ ماشہ، نبات سفید ۶ ماشہ سفوف بنا کر علی الصبح شربت بنفشہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

روغنِ حنظل: نزلہ زکام کے لئے اسراری نسخہ ہے۔ (صفقہ)۔
تمہ کا بیج نصف سیر، مالکنگنی نصف سیر کوٹ کر ۴ سیر پانی میں پکائیں۔ جب پانی نصف رہ جائے تو نصف سیر روغنِ کنجد ملا کر مزید پکائیں۔ پانی جل کر جب تیل باقی رہ جائے تو تیل چھان کر بوتل میں ڈال لیں۔

اجوائن تمہ: اجوائن دیسی اور نمک سانبھر ہم وزن اور نصف حصہ مرچ سیاہ تمہ میں بھر کر دو ہفتہ دھوپ میں رکھیں اس کے بعد سایہ میں خشک کر لیں اس میں اجوائن الگ کر کے رکھ لیں۔ خوراک: دو ماشہ ہمراہ پانی۔ درد، قولنج اور اپھارہ میں بہت مفید ہے۔ (ٹ)

جوہر آتشک: دار چکنہ، رسکپور، سم الفار، شنگرف ہر ایک

ایک تولہ کو عمدہ کھرل میں باریک سفوف کرلیں اور زیادہ سے زیادہ پندرہ منٹ گھٹ کر بطریق معروف دو پیالوں میں جو ہر اڑانے کے لیے نیچے والے پیالہ میں کم از کم ۶ گھنٹے بیری کی لکڑی کی آگ جلائیں۔ اس جوہر میں سے نصف رتی مویز منقی میں لپیٹ کر روزانہ صبح استعمال کریں۔ ایک دو دست آجائیں گے۔ ایک ہفتہ کا استعمال کافی ہے۔ غذا میں دودھ، چاول یا دلیا گندم جن میں گھی خوب ڈال لیا گیا ہو۔ گوشت سے پرہیز کریں۔

برائے دیدان شکم: (صفت) قلمی حسب ضرورت کتر لیں اور اِٹ سِٹ بوٹی کے پانی میں اِس قدر کھرل کریں کہ سبز رنگ کا کشتہ ہو جائے۔ بوقتِ ضرورت ۲-۳ رتی ہمراہ دوغ پیش مریض کو کھلائیں۔ دو تین روز کے استعمال سے تمام کدو دانے مردہ حالت میں نکل جائیں گے۔

برائے یرقان: ہر قسم کے یرقان کے لیے مفید و مجرب ہے (صفت) بیخ گل خیرہ، بہدانہ ہر ایک ۲ تولہ رات کو ایک کوزہ گلی آب نارسیدہ میں تین گلاس پانی میں بھگو دیں۔ صبح زلال لے کر چینی ملا کر پی لیں۔ اور ایک گلاس پانی ڈال دیں۔ دوسرے اور تیسرے روز بھی اسی طرح استعمال کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تین روز میں آرام ہوگا۔

دافع دردِ سر: (صفت) زنجبیل ۲ ماشہ، ریوند چینی ۳ ماشہ، گڑ پرانا ۲ تولہ کو عرق برگِ نیم ۵ تولہ میں کھرل کر کے تین یوم صبح پی لیں۔

برائے سرفہ و نفث الدم: (صفت) طباشیر ۳ ماشہ، تخم خرفہ سیاہ ۴ ماشہ، مغز بادام شیریں ۵ دانہ، نشاستہ گندم ۶ ماشہ، مویز منقیٰ ۷ دانہ، مصری ہم وزن کوٹ پیس کر عرقِ گاؤزبان ۵ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ سینکڑوں کا مجرب ہے۔

برائے ہیضہ: (صفت) بلادر ۱۱ عدد، برگ پودینہ سبز، کافور ہر ایک ایک تولہ، تمر ہندی یک سالہ ۵ تولہ ادویہ کھرل کر کے حبوب بقدر کنار دشتی بنالیں۔ بوقتِ ضرورت ایک گولی نگلوالیں۔ دوسری گولی چوسنے کی ہدایت کریں۔ پہلے دن غذا میں صرف دہی دیں۔

حب تپ لرزہ: گیرو کو عرق برگِ دھتورہ سیاہ بقدرِ حاجت میں کھرل کر کے حبوب بقدر دانہ ماش بنالیں۔ بوقتِ ضرورت نوبت بخار سے پیشتر تین گولیاں پانی کے ہمراہ دیں۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

کشتہ شنگرف: برائے قوتِ باہ و آتشک مجرب (صفت) گندھک آملہ سار ۲ تولہ، مصری کوزہ ایک تولہ کی ٹکیہ کریں۔ پھر شنگرف رومی ایک تولہ کی ڈلی کے نیچے اوپر یہ ٹکیہ دے کر گل حکمت کریں۔ اور ایک سیر بھوبل کی آگ میں یہ عمل تین مرتبہ کریں۔ بعدہٗ دس تولہ شراب برانڈی کا چوبہ دے کر کھٹی امبی (ترش کچا آم) کے ایک پاؤ کے نغدہ میں لپیٹ کر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے دو سیر پوست شالی میں آنچ دیں۔ سفید بادامی کشتہ ہوگا۔

برائے سوزاک کہنہ و جدید: مجرب و آزمودہ۔ (صفت) بیخ مرجان، شاخ مرجان، سرد چینی ہر ایک ایک تولہ، روغن صندل خالص، روغن بیروزہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ اول الذکر تینوں ادویہ باریک پیس لیں۔ اور روغنیات سے چرب کر کے رکھ لیں۔ خوراک: تین ماشہ ہمراہ پانی۔ نمک، مرچ، ترش مرغن اور چینی سے پرہیز۔ (ف)

حب مفید: برائے سرعت و رقت، جریان و احتلام و مقوی اعضائے رئیسہ و شریفہ: (صفت) افیون خالص ایک تولہ، عرق گلاب میں حل کریں پھر زعفران ۶ ماشہ، تخم کرفس، درونج عقربی ہر ایک نو ماشہ، جوزبوا، فلفل سیاہ، زرنباد، مصطگی، عود غرقی، بالچھڑ، قرنفل، دانہ ہیل کلاں، صمغ عربی، خولنجان، دار چینی، عقرقرحا، ہر ایک ۴ ماشہ، فرفیون ۲ ماشہ کا سفوف کر کے افیون محلول میں گوندھ کر نخودی گولیاں بنالیں۔ خوراک: ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ دودھ۔ مجرب راقم ہے۔ (ف۔ ف)

محبوب راز: یہ راز کا نسخہ ناچیز کے خاندان سے ہے۔ جب حمل چار ماہ کا ہو تو حاملہ کو ایک گولی روزانہ دیں۔ وضع حمل کے بعد زچہ کو وہی ایک گولی روزانہ دیں۔ اور بچہ کو ایک چوتھائی یا اس سے بھی کم گولی شیرِ مادر میں گھس کر دیا کریں۔ ۶ ماہ کے بعد بچہ کو نصف اور ایک سال بعد پوری گولی دیا کریں۔ جب بچہ دودھ پینا چھوڑ دے تو ماں کو گولی دینا بند کر دیں مگر بچے کو پورے تین سال تک دیتے رہیں۔ غذا میں عمدہ دودھ شامل کیا کریں۔ بفضلہٖ تعالیٰ بارہ برس تک بچہ کسی عارضہ میں مبتلا نہ ہوگا۔ اگر ہر سال کے ابتدا میں دو دو ہفتہ تک ان گولیوں کا استعمال کر لیا کریں تو تمام عمر کوئی عارضہ نہیں ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ (صفت) آرد نخود بریاں، فلفل سیاہ، زعفران، سہاگہ بریاں، ادرک، اجوائن خراسانی، موصلی سفید، ثعلب مصری، اجمود، زرد چوبہ، تخم بادیان، کلونجی ہر ایک ایک تولہ، پوست خرما، اسپند، گندھک آملہ سار، اندر جو، دانہ ہیل خورد، لہسن، مرداسنگ، برگ سنا مکی، فلفل دراز ہر ایک ڈھائی تولہ، زنگی ہڑ، پوست ہلیلہ، پوست آملہ ہر ایک دو تولہ، نمک سیاہ، نمک سفید، سہاگہ کھار، نوشادر ہر ایک ایک تولہ، افیون ۶ ماشہ۔ افیون کو عرق گلاب میں حل کریں اور باقی ادویہ کا باریک سفوف کر کے ملا کر مونگ کے برابر گولیاں بنالیں۔ بادی، ثقیل اور بغیر خواہش کھانے سے پرہیز کریں۔ (ا۔ ف)

جناب حکیم احمد بخش صاحب مرحوم سیکھنوی حیدرآباد

برائے تپ دق: (صفت) کافور، زعفران، بہدانہ، اصل السوس مقشر، تخم

خشخاش سفید ہر ایک دو تولہ، تخم خرفہ مقشر، مغز تخم خیارین، تخم کاہو، صندل سفید، گلاب میں پسا ہوا، مغز تخم تربوز ہر ایک ۱۱ تولہ، صمغ عربی، کتیرا ہر ایک ۴ ماشہ۔ جملہ ادویہ کوٹ کر لعاب اسبغول میں قرص بنا کر محفوظ رکھیں۔ پھر ایک گلاس میں آب تربوز ۳ تولہ، شربت انار شیریں ۲ تولہ، شیر گاؤ ۴ تولہ، شربت انجبار ۲ تولہ ملا کر رکھیں۔ اور اس پر معہ تسمیہ سورۃ فاتحہ شریف ۱۹ مرتبہ اس طرح پڑھ کر دم کریں کہ بسم اللہ کی آخر والی میم مکسورہ الحمد کے لام ساکن سے ملتی جائے۔ یعنی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الحمد (الخ) اب اول ۱۰ ماشہ قرص مذکورہ کھا کر اوپر سے گلاس والا شربت پلائیں۔ صبح و شام یہی معمول کریں۔ ہمارا خاندانی معمول ہے۔

مقوی باہ: ایک کھجوئیں تیتر کو ذبح کر کے اس کا پیٹ صاف کریں۔ اس کے سنگدانہ میں ایک عدد جائفل بھر کر اس کے پیٹ میں ڈال دیں اور پیٹ سی دیں۔ تیتر کے گرد آٹے کی موٹی تہہ چڑھا کر ایک سیر روغن گاؤ میں بریاں کر لیں۔ سرخ ہونے پر نکال لیں اور جائفل کو پیس کر رکھ لیں اور ایک چاول گھی اور گوشت کی چوری بنا کر کھائیں۔ (ن)

کشتہ مرگانک نقرئی: مقوی اعضائے رئیسہ، کاسر ریاح، دافع کھانسی، دمہ، بخار لازمی وسل، مقوی باہ، مغلظ منی، ممسک، مزیل جریان و مسمن بدن، ضعف دماغ و درد کمر، بھوک بڑھانے، قوت ہاضمہ کو قوی کرنے اور چہرہ کا رنگ سرخ کرنے میں بے عدیل ہے۔ (صفت) برادہ نقرہ باریک، پارہ، گندھک آملہ سار، نوشادر، ہر ایک مساوی الوزن۔ پہلے پارہ اور گندھک کو مدبر کر لیں۔ پھر پارہ کو قدرے سفوف ہلدی ملا کر کھرل کریں۔ جب ہلدی سیاہ ہو جائے تو اسے نکال کر نئی ہلدی ڈال دیں۔ اسی طرح سات مرتبہ ہلدی میں کھرل کریں۔ گندھک کو اس طرح مدبر کریں کہ کسی برتن میں قدرے گھی ڈال لیں (تاکہ پگھلتے وقت جلے نہیں) اور اس میں گندھک ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب گندھک پگھل جائے تو تھوڑے سے پانی میں (ہڑ، بہیڑہ، آملہ ہر ایک ایک تولہ، پانی دس تولہ میں ملا کر تین روز بعد ہلکی آنچ پر گرم کریں۔ جب جوش آنے لگے تو پانی نکال لیں۔) کے بعد دیگرے گیارہ مرتبہ بجھا دیں، گندھک مدبر ہو جائے گی۔ اب چاندی کا برادہ اور پارہ کھرل میں ڈال کر اس قدر رگڑیں کہ یکذات ہو جائے۔ اس کے بعد گندھک اور نوشادر یکے بعد دیگرے ملائیں۔ اور خوب کھرل کریں۔ جب سب یکذات ہو جائیں تو ایک آتشی شیشی میں ڈال کر کوئلوں کی آگ پر پکانا شروع کریں۔ شیشی کے منہ میں لوہے کی سلاخ پھیرتے رہیں تاکہ سیاہ دھواں خارج ہوتا جائے۔ جب دھواں نکلنا بند ہو جائے تو شیشی کا منہ بند کر دیں۔ اور آنچ تیز کر دیں۔ آدھ گھنٹہ کے بعد اتار لیں۔ سرد ہونے پر شیشی توڑ کر رنگین کشتہ نکال لیں۔ خوراک: ایک رتی بالائی میں لپیٹ کر دودھ کے ہمراہ دیں۔ (ع)

برائے ورم و خارش رحم: گل سرخ، برگ حنا، برگ نیب، سنبل الطیب، کمیلہ، گل بابونہ ہر ایک ۲ ماشہ پانی میں جوش دے کر آب دست کرائیں۔

سفوف مانع تبخیر: ست گلو، طباشیر، دانہ الائچی سفید، گل سیوتی، کشنیز خشک، تخم کاہو، آملہ خشک، زیرہ، گلاب ہر ایک تین ماشہ، شکر سفید ہم وزن۔ ادویہ کوٹ چھان کر سفوف تیار کر لیں اور حسب خواہش بعد از طعام استعمال کریں۔

سفوف مقوی دہشتی: شنگرف رومی ایک تولہ، گل مدار چالیس عدد۔ اول شنگرف باریک کریں اور ایک ایک کر کے پھول ڈال کر کھرل کرتے جائیں تاکہ یکذات ہو جائیں۔ خوراک: ایک چاول مکھن یا بالائی میں۔ (ث)

سفوف احمر: بواسیر دموی و استحاضہ کے جریان کو روکنے کے لئے معمول و مجرب ہے۔ اکثر ۲ خوراکیں استعمال کرنے سے ہی فائدہ ہو جاتا ہے۔ (صفت) گیرو، خاکستر ٹاٹ کہنہ ہم وزن پیس کر رکھ لیں۔ خوراک: ۳ تا ۶ ماشہ۔

حب سعال بلغمی: (صفت) کاکڑا سینگی، پیپل کلاں، مرچ سیاہ، رب السوس ہر ایک ۶ ماشہ، تخم خطمی، کبابہ خنداں، خولنجان، مرکی ہر ایک ۳ ماشہ، ہلیلہ سیاہ، پوست ہلیلہ کابلی ہر ایک ۶ ماشہ جملہ ادویہ اچھی طرح پیس کر سفوف بنا لیں اور لعاب صمغ عربی میں چنے کے برابر گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کر لیں۔ ہر دو گھنٹے بعد ایک گولی چوسیں۔ (ن)

برائے ام الصبیان: بچوں کے تشنج میں بہت مفید ہے۔ (صفت) عرق ریشہ پیپل، عرق برگ تلسی، عرق برگ سدو، سنگھی، عرق ادرک ہر ایک ۵ تولہ، پانچوں نمک ہر ایک ایک تولہ۔ نمکیات کو عرق میں اسی قدر کھرل کریں کہ گولی بنانے کے قابل ہو جائے تو نخودی گولیاں بنا لیں اور حسب عمر یعنی دن میں تین مرتبہ پانی یا شیر مادر سے دیں۔ (ن)

برائے ضیق النفس و کھانسی کہنہ: (صفت) درخت مدار سالم، درخت چرچٹہ سالم، درخت کنٹالی خورد سالم، درخت اونٹ کٹیلا سالم، درخت بافسہ زرد بگی سالم، درخت سا کلی سالم ان کی ٹکی بنا لیں اور جلا کر خاکستر کر کے نمک حاصل کر لیں۔ اس میں نمک ایک تولہ، اصل السوس ۴ تولہ ملا کر رکھیں۔ خوراک ۳ رتی ہمراہ پانی۔

سرمہ مقوی بصر و نزول الماء: فلوس منصوری ۵ عدد کو آب ترپھلہ میں ۳۰ بجھاؤ دیں پھر عرق بھنگرہ میں تیس بجھاؤ دیں بعدہ سوہن مکھی ۵ تولہ پیس لیں اس سفوف کے درمیان پیسے رکھ دیں اور ایک خانہ ساز اوپلہ میں گڑھا کر کے بہ غلولہ (سوہن مکھی اور فلوس منصوری کا) اس میں رکھ کر اس کے اوپر دوسرا اوپلہ رکھ دیں اور بغار زمین میں رکھ کر بیس سیر اوپلوں کی آنچ دیں سرد ہونے پر فلوس کھرل کر لیں پھر فلوس ۲ تولہ، چاکسو مدبر، تخم نیل، تخم سرس ہر ایک ۳ ماشہ عرق بادیان ۳ ماشہ، عرق انار ترش، عرق برگ نیم سبز، عرق کیلہ ہر ایک ۱ تولہ کھرل کریں سرمہ تیار ہوگا۔ نہایت مفید و آزمودہ ہے۔ (ن ف)

برائے رطوبت رحم: چرم سوختہ کفش کہنہ، تا سپاری، جو ہر مازو ہر ایک ایک تولہ، مشک گرا حت ۶

ماشہ، کشتہ قلعی از گوکھرو چھپان ۲۴ ماشہ پیس کر ہم وزن مصری ملا لیں۔ خوراک ۶ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ۔

مقوی و مولّد: ایک سیر شہد میں چھوٹی چھوٹی ڈلیاں پیاز سفید کی گودہ گودہ کر سیر بھر کے قریب ڈال دیں اور تین روز تک پڑا رہنے دیں۔ شہد کا قوام پتلا ہو جائے گا، پیاز نکال کر آگ پر شہد کا قوام درست کر لیں پھر نئے پیاز ڈال دیں اسی طرح تین مرتبہ عمل کر کے شہد کا قوام درست کر کے رکھ لیں روزانہ رات کو یہ شہد تین تولہ پاؤ بھر دودھ میں گھول کر ہمراہ ۴ رتی سفوف دار چینی چھڑک کر پی لیں، موسم سرما بہتر ہے۔ (ن)

حب لواسیر خونی: (صفت) رسوت ۲ تولہ، کتیرا ۱۴ ماشہ، مازو سبز، سنگ جراحت، گیرو ہر ایک ۷ ماشہ باریک کوٹ کر حب نخودی بنا لیں۔ اور ۲ تا ۴ گولیاں ہمراہ باسی پانی استعمال کریں۔ (ن)

روغن مقوی: (صفت) مومیائی اصلی، سم الفار سفید، افیون، ہینگ، زعفران ہر ایک ایک تولہ، لوبان کوڑیہ ۲ تولہ، مغز کنجشک نر، سقنقور ہر ایک ۸ عدد، کچلہ مدبر ۴ عدد (مسفوف کردہ)، زردی بیضہ مرغ ۸ عدد، عرق پیاز سفید، عرق ادرک سبز ہر ایک ۸ تولہ، بیربہوٹی ۸ عدد، شنگرف آق، مسک ۲ اونس۔ پیسنے والی ادویہ باریک کر کے ان میں پہلے مغز کنجشک ملا کر باقی اشیاء ملائیں اور گولیاں بنا کر خشک کر لیں۔ اور بذریعہ پاتال جنتر روغن کشید کر لیں۔ اور دو قطرے مکھن میں ڈال کر ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔ اس کے ساتھ یہ طلاء خارجی طور پر استعمال کرائیں۔

نسخہ طلاء: (صفت) خشک ۴ ماشہ، فلفل سیاہ، جند بیدستر، ہینگ ہر ایک ۱۲ ماشہ، مغز بنبہ دانہ ۲۸ عدد کوٹ چھان کر روغن چنبیلی میں حل کر کے استعمال کریں۔ مفید ہے۔

نسخہ ہفت پیکر: برائے سوزاک، جریان و ضعف باہ مفید و مجرب۔
(صفت) اسرت یبروزہ، طباشیر، موصلی سفید، موصلی سیاہ، ثعلب مصری، پنجہ، مصطگی رومی، کشتہ قلعی ہر ایک ایک تولہ۔ کل ادویہ کے ہم وزن شکر سفید ملا کر سفوف تیار کر لیں۔ خوراک: ۹ ماشہ تا ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ۔ (ن)

سفوف برائے احتلام: (صفت) کوکنار ایک تولہ، ثعلب مصری ۲ تولہ، تخم خشخاش سفید ۴ تولہ، مصطگی رومی ۶ ماشہ، کندر ایک تولہ، پوست اسبغول کے علاوہ جملہ ادویہ پیس کر ہم وزن نبات سفید کے ہمراہ سفوف بنا لیں۔ خوراک: ایک تولہ تک ہمراہ دودھ۔ (ن)

برائے سنگ گردہ: مفتت حصاۃ، مدر بول ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دس روز میں سنگ گردہ ریگ ہو کر خارج ہو جائے گا۔ (صفت) بگلہ ذبح کر کے اس کا پیٹ صاف کریں۔ اس میں اجوائن دیسی دو تولہ بھر کر سی دیں اور بال و پر دور کر کے گل حکمت کریں، خشک ہونے پر پانچ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ تاکہ اجوائن سوختہ نہ ہو۔ سرد ہونے پر اجوائن نکال کر پیس لیں۔ خوراک ایک ماشہ مکھن میں۔

حب احمر: برائے حمی نوبتی۔ یوں تو ہر قسم کے نوبتی بخاروں میں مفید ہے لیکن اصولی طور پر بلغمی نوبتی بخار کے لیے استعمال کرانا چاہیے۔ (صفت) شنگرف مصفیٰ ایک تولہ، مرچ سیاہ ۴ تولہ کھرل کر کے پیس لیں اور عرق لیموں کاغذی بقدر ضرورت میں بقدر فلفل سیاہ گولیاں بنا لیں۔ خوراک: ایک سے تین گولی تک، قبل از نوبت بخار۔ نوبت کا وقت گزر جانے کے بعد غذا میں دودھ چاول استعمال کریں۔

دوائے ہیضہ: اگر مریض سرد پڑ گیا ہو نبض ساقط ہو گئی ہو اس وقت بھی مفید ہے۔ (صفت) حقہ کا سڑا ہوا پانی آگ پر اڑا کر بطریق معروف نمک حاصل کریں اور تھوڑے وقفہ کے بعد ایک ایک رتی دیں۔

جناب حکیم شمس الدین احمد مرحوم۔ ملتان

اکسیر طاعون: آب برگ مدار، آب برگ تلسی ہر ایک ۶ ماشہ ایسی ایک ایک خوراک مریض طاعون کو ہر تین گھنٹہ بعد پلائیں۔ اگر قے اور دست ہوں تو پریشان نہ ہوں۔ اگر خشکی اور پیاس کا غلبہ ہو تو دودھ پلائیں۔ اس سے مرض میں افاقہ ہو گا۔ اس کے بعد دوا ہر ۶ گھنٹے بعد دیں۔ میرا معمول ہے۔

برائے چوتھیا و تجاری بخار: مسہدتی معہ کل اجزا ایک تولہ فلفل سیاہ ۵ عدد نصف پاؤ پانی میں گھوٹ کر بغیر چھانے مریض کو نوبت بخار سے تین گھنٹے پہلے پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک نہیں تو دوسری خوراک میں نوبت ضرور رک جائے گی۔

برائے جریان خون داخلی ہر قسم: (صفت) پھپھی عنبر ۳ ماشہ دم الاخوین، کہربا ہر ایک ایک ماشہ آدھ پاؤ پانی میں پیس کر پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہی خوراک میں خون رک جائے گا۔

برائے تپ بلغمی و سوداوی: ایک سے تین روز تک ہر قسم کا بلغمی و سوداوی بخار اس کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔ (صفت) سم الفار سفید ایک تولہ کی ڈلی ایک بڑے بینگن میں ڈال کر گل حکمت کر کے خشک کریں۔ اور بارہ سیر اپلے دشتی کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر سم الفار کو نکال کر اسی طرح دوسرے اور تیسرے بینگن میں آگ دیں۔ آخر میں ایک آہنی کڑاہی میں سم الفار کو تیس تولہ پانی میں نرم آنچ پر پکائیں جب تمام پانی جل جائے تو سم الفار کو الگ کر کے اس کے ہم وزن گل ارمنی ملا کر اچھی طرح پیس کر سفوف بنائیں۔ بوقت ضرورت حسب رائے طبیب ایک چاول سے ایک

رتی نمک مصری یا تباشیر کے سفوف میں ملا کر استعمال کرائیں۔ غذا میں دال مونگ مقشر اور خشکہ دیں۔ جس میں گھی کافی مقدار میں ڈالا گیا ہو۔ نمک کا استعمال بند کر دیں۔

حب بخار: ہر قسم کے نوبتی بخاروں میں خواہ روزانہ ہوں یا تجاری یا چوتھیہ مفید ہیں۔ بفضلہ تعالیٰ دو تین روز میں بخار دور ہو جاتا ہے۔ اور دوالے نسخہ "بخار چوتھیہ و تجاری" سے اگر فائدہ نہ ہو تو اسے استعمال کریں۔ (صفت) اقراص کونین خورد بیس عدد، طباشیر، دانہ الائچی خورد، گل ارمنی، سفوف برگ سورنج ملکھی، سفوف برگ گلینڈا، نشاستہ گندم ہر ایک تین ماشہ۔ جملہ ادویہ پیس کر لعاب اسغول یا لعاب بہدانہ کی مدد سے نخودی گولیاں بنا لیں۔ جب بخار کی نوبت گذر جائے اس وقت چار گولیاں قدرے شیر گاؤ کے ہمراہ کھلائیں اور نوبت سے چند گھنٹے پہلے بھی دیں۔

تریاق الصبیان: بچوں کے درد شکم، قبض، بخار، کھانسی وغیرہ اکثر امراض میں مفید و مجرب ہے۔ میرا ہمیشہ کا معمول ہے۔ (صفت) تربد سفید، پودینہ خشک، پوست ہلیلہ زرد ہر ایک ۶ ماشہ کا سفوف الگ الگ باریک کر لیں۔ اور پھر آپس میں اچھی طرح ملا لیں۔ خوراک: حسبِ عمرِ طفل فی سال ایک ماشہ۔ کھانسی وغیرہ میں شربتِ بنفشہ کے ہمراہ۔ قبض کی صورت میں شربتِ انجیر کے ہمراہ۔ بخار میں عرق گاؤ زبان کے ہمراہ اور دیگر امراض میں بدرقہ مناسب کے ہمراہ استعمال کرائیں۔ (ف)

حب خنازیر: کنٹھ مالا کے لیے نہایت مفید ہے۔ (صفت) گل عباسی دو تولہ، دار فلفل ایک تولہ۔ دونوں کو اچھی طرح پیس کر حبوب بقدر کنار دشتی بنا لیں۔ ایک ایک گولی صبح و شام کھانے سے انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ میں خنازیر کا زہر دور ہو جائے گا۔ (ف)

دوائے عجیب: ممسک و مقوی باہ، دافع آتشک و وجع المفاصل نافع امراضِ بلغمی و سوداوی، بھوک بڑھاتی اور قوتِ ہاضمہ کو تقویت دیتی ہے۔ (صفت) شنگرف رومی ۲ تولہ، سیماب ایک تولہ دونوں کو الگ الگ باریک کر لیں ایک استخوان ساق بز کو گوشت، میکھ اور اندرونی آلائش سے پاک کریں۔ اور ایک تولہ باریک شدہ شنگرف اس میں ڈال دیں۔ پھر ایک تولہ سیماب اور باقی ماندہ شنگرف مسقوف ڈال دیں اور روئی وغیرہ سے منہ اچھی طرح بند کر دیں تاکہ ان کو کسی طرح جنبش نہ ہو اور نلی کے منہ کے برابر چاندی کا سرپوش بنا کر نلی کے منہ کا منہ اس سے بند کر کے آرد گندم لپیٹ کر آبِ دریا دس سیر میں اچھی طرح جوش دیں۔ پھر نکال کر محفوظ رکھ لیں۔ روزانہ پاؤ سیر گوشت بز میں دو رتی اور روغن زرد کافی مقدار میں ڈال کر پکایا کریں۔ پختہ ہونے پر نلی نکال کر گوشت کھا لیا کریں۔ روزانہ ایسا کیا کریں۔ چالیس یوم بعد نلی سے شنگرف نکال کر پیس لیں۔ خوراک: ایک چاول تا نصف رتی۔

تریاقِ نزلہ: نزلہ چاہے کتنا ہی پرانا ہو اس کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔ (صفت) کشتہ فولاد ۹ رتی، زنجبیل ۹ ماشہ، افیون ۲ ماشہ، زعفران ۲ ماشہ، صمغ عربی ۹ ماشہ۔ نہایت باریک پیس کر لعاب بہدانہ کی مدد سے نخودی گولیاں بنا لیں۔ اور رات کو سوتے وقت دو گولیاں کھا لیا کریں۔ (ف)

اکسیرِ دق: ہر قسم کے تپ دق میں مفید ہے۔ میرا ذاتی تجربہ اور معمولِ مطب ہے۔ (صفت) ست گلو، زنجبیل، پت پاپڑہ، ہر ایک ۶ ماشہ سب کو جو کوب کر کے آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب پانی ایک پاؤ رہ جائے فلفل سیاہ ۱۵ ماشہ پیس کر اس میں ملا کر پلا دیں۔ انشاء اللہ سات یوم میں آرام ہو جائے گا۔ اگر موقع ہو تو کشتہ ہڑتال بھی کھلائیں۔ (ف)

حبوبِ مقوی: ان کے استعمال سے اندرونی نقائص بھی رفع ہو جاتے ہیں۔ (صفت) جدوار خطائی، عود، زرنباد، صندل سفید، مصطگی، قرنفل، صمغ عربی، درونج عقربی، دارچینی ہر ایک ۷ ماشہ، زعفران، عنبر، مشک ہر ایک ۲ ماشہ۔ جملہ ادویہ خوب باریک پیس کر شہد یا مصری کے قوام کی مدد سے نخودی گولیاں بنائیں اور ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ (ف)

حبوبِ سعال: (صفت) اصل السوس ۵ تولہ، پوست بیخ مدار ۶ ماشہ، افیون ۳ ماشہ خوب باریک پیس کر پانی کی مدد سے نخودی گولیاں بنا لیں اور ایک گولی دن میں تین چار مرتبہ چوس لیں۔ نزلہ وبائیہ کی کھانسی میں اکسیری نسخہ ہے۔ (ف)

حبِ معدہ: معدہ کے جملہ امراض، درد شکم، بدہضمی وغیرہ میں مفید ہے۔ (صفت) ایلوا ۵ تولہ، اجوائن خراسانی، فلفل دراز، سہاگہ بریاں، فلفل سیاہ ۵، سونٹھ ہر ایک ایک تولہ، نمک سونچر ۴ تولہ۔ جملہ ادویہ کا باریک سفوف بنا کر گودہ گھیکوار سے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ بوقتِ ضرورت ایک گولی سادہ پانی سے کھا لیں۔ (ف۔ ف)

اکسیرِ آتشک: اس کے استعمال سے صرف سات دن میں بغیر منہ آئے آرام ہو جاتا ہے۔ (صفت) سم الفار سیاہ ایک تولہ کو ایک بیضۂ مرغ میں ڈال کر چالیس یوم تک رکھیں۔ بعدہٗ نکال کر ایک تولہ سیماب مصفیٰ میں کھرل کریں جب خوب باریک ہو جائے تو آک کا دودھ

ڈال کر کھرل کرتے رہیں تا آنکہ اس میں دو سیر شیر مدار جذب ہو جائے پھر وہ سکورہ گل میں رکھ کر خوب سنیپٹ کرکے دس سیر اپلے جنگلی دشتی کی آگ دیں اگر خام رہے تو مزید نصف سیر شیر مدار بذریعہ کھرل جذب کرائیں اور حسب طریق سابق سنیپٹ کرکے بیس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ اور ٹھنڈا ہونے پر پیس کر محفوظ رکھیں۔ خوراک: ایک رتی مکھن یا بالائی میں ملا کر صبح استعمال کرائیں۔

جناب حکیم رضا علی خان مرحوم۔ دہلی

شربت برائے بخار کہنہ و سرفہ خشک: مفید، مجرب و معمول۔

(صفتہ) صمغ عربی، کتیرا ہر ایک ۹ ماشہ، انجیر زرد، عناب ولایتی ہر ایک بیس دانہ، سپستان کوفتہ ساٹھ دانہ، پرسیاؤشان ۵ تولہ، تخم خطمی، تخم خبازی، گاؤزبان، مویز منقی، ابریشم مقرض ہر ایک دو تولہ، اصل السوس مقشر ۳ تولہ، جو مقشر نیم کوفتہ ۴ تولہ، بنفشہ ایک تولہ، تخم ہندبا ۳ تولہ۔ اول الذکر دونوں ادویہ کو پیس کر رکھ لیں۔ اور باقی تمام دواؤں کو بقدر ضرورت پانی میں جوش دے کر صاف کر لیں۔ پھر ان میں نبات سفید نصف سیر اور سکنجبین چالیس تولہ داخل کرکے شربت کا قوام تیار کریں۔ آخر قوام میں لعاب اسبغول ۴ تولہ، شیرہ تخم خشخاش ۴ تولہ، شیرہ مغز بادام شیریں ۲۰ دانہ شامل کر دیں۔ قوام درست ہونے پر اتار لیں۔ اور صمغ عربی اور کتیرا کا سفوف تھوڑا تھوڑا کرکے ملاتے جائیں۔ ٹھنڈا ہونے پر محفوظ کر لیں۔ خوراک: ۳ تولہ تنہا یا کسی مناسب جوشاندہ یا خیساندہ میں حل کرکے دیں۔ یہ شربت سل، دق میں بھی سفوف سرطان و قرص طباشیر کے ہمراہ استعمال کراتا ہوں۔ بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔

برائے درد دنداں: پہلے روز ہی نفع ہوتا ہے۔ (صفتہ)۔ طوطیا بریاں، تراتج بریاں ہر ایک ۲ ماشہ، پھلاؤں سوختہ ایک عدد، فلفل سیاہ، عقرقرحا ہر ایک ۲ ماشہ۔ سب کا سفوف بنا لیں اور ڈیڑھ تولہ شہد خالص میں ملا کر چند بار دانتوں اور مسوڑھوں پر مل کر لعاب گرا دیں۔ سخت گرم اور نفاخ چیزوں سے پرہیز کریں۔

دافع بخار فصلی: (صفتہ) چرائتہ تلخ ۸ ماشہ، گلو سبز ۴ ماشہ، اتیس، پوست اندر نیب، فلفل دراز، الائچی کلاں۔ ہر ایک ۲ ماشہ، مغز کرنجوہ، پیپلا مول، زنجبیل، زیرہ سفید ہر ایک ایک ماشہ۔ سب کو تیس تولہ پانی میں بھگو کر اس قدر جوش دیں کہ دس تولہ باقی رہ جائے۔ چھان کر ۲ تولہ صبح و شام پلائیں۔

مانع بخار ہر ہشتم: (صفتہ) اتیس، ریوند چینی ہم وزن پیس کر پانی کی مدد سے گولیاں بنائیں اور دو گولی ہر تین گھنٹہ کے بعد ہمراہ عرق گاؤزبان دیں۔

دیگر: (صفتہ) اتیس، ست گلو ہر ایک ۶ ماشہ، فلفل سیاہ ۳ ماشہ کوٹ چھان کر سفوف تیار کر لیں۔ قبل از نوبت ۳ ماشہ ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔ اگر خفیف حرارت کے لیے دینا ہو تو شربت بادآورد کے ساتھ دیں۔ (ع)

برائے موسمی بخار: (صفتہ) ست گلو، طباشیر، دانہ الائچی خورد صمغ عربی، کونین ہر ایک ہم وزن کوٹ چھان کر پانی کی مدد سے گولیاں بقدر نخود بنا لیں۔ خوراک: بخار سے پہلے پہلے تین سے ۴ گولی تک۔ اگر قبض ہو تو پہلے ملین مناسب استعمال کرائیں۔ بخار فوراً رک جائے گا۔

دوائے سیاہ: برائے ضیق النفس عمدہ اور مجرب۔ (صفتہ) منگل یا اتوار کو ایک خرگوش ذبح کرکے اس کا خون ایک پیالے میں لے لیں۔ پھر اس کا پیٹ صاف اور آلائش سے پاک کرکے اس میں پھٹکڑی، نوشادر، قلمی شورہ ہر ایک دس تولہ بھر دیں۔ اور خرگوش کا خون جو ایک پیالہ میں لیا گیا تھا اس میں ڈال دیں اور پیٹ سی دیں۔ پھر ایک گلی برتن میں بند کرکے مضبوط گل حکمت کر دیں۔ اور ایک دیگدان پر سوار کرکے آٹھ پہر تک بیری کی لکڑی کی آگ دیں جب تمام خرگوش سوختہ ہو جائے نکال کر پیس لیں۔ خوراک: دو تین رتی صبح مکھن یا بالائی میں۔ روٹی اور گھی کے علاوہ کوئی خوراک نہ دیں۔ (ف۔ ف)

حبوب قوت باہ: مجرب و آزمودہ راقم (صفتہ) کبوتر صحرائی نر ذبح کرکے بال و پر اور پیٹ اچھی طرح صاف کر دیں۔ اس میں مشک ۶ ماشہ، عنبر ۱/۲ ۱ ماشہ، عود سک ۴ تولہ پیس کر بھر دیں۔ اور پیٹ اور گردن سی دیں۔ ایک دیگ میں تیس سیر پانی بھر کر کبوتر معلق کریں۔ دیگ پہ سرپوش دے کر گل حکمت کرکے چار پہر تک اوسط درجہ کی آنچ دیں۔ بعدہٗ سرد ہونے پر کبوتر نکال لیں۔ اور استخوان دور کرکے گوشت مع ادویہ کوٹ کر حبوب نخودی بنا لیں۔ خوراک ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ۔ نیز پانی پر جو روغن ہو اتار کر بطور طلاء استعمال کریں بے نظیر فائدہ بخشتا ہے۔

حبوب حابس اسہال: ہر قسم کے اسہال دور کرنے میں بے نظیر ہے۔ (صفتہ) صدف مرواریدی سوختہ، مغز کدو، گل ارمنی، الائچی خورد ہر ایک ۲ ماشہ مازو سبز، طباشیر ہر ایک ۳ ماشہ، افیون ایک ماشہ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنا لیں۔ خوراک ایک ماشہ۔ پانی یا انجبار کے ہمراہ۔ دو تین مرتبہ کے استعمال سے اسہال بند ہو جاتے ہیں۔

برائے وجع المفاصل: یہ ایک خاص اکسیری اور مجرب و معمول

نسخہ ہے۔ (صفت) شنگرف، افیون، میٹھا تیلیہ، مرچ سیاہ ہر ایک ایک تولہ۔ شنگرف اور افیون کو علیحدہ اور مرچ سیاہ اور میٹھا تیلیہ کو الگ دو دو گھنٹے کھرل کریں۔ پھر ملا کر ۴ تولہ عرقِ ادرک شامل کر کے دانہ ماش کے برابر گولیاں بنا لیں۔

خوراک: ایک گولی صبح و شام ہمراہ آبِ گرم یا شربتِ ذیل:۔

شربت: (صفت) گل سرخ خشک ۴ تولہ، تربد سفید، بالچھڑ، افسنتین ہر ایک ایک تولہ پندرہ تولہ چینی میں بطریق معروف شربت تیار کر لیں۔ اور ایک تولہ شربت ۴ تولہ پانی میں ملا کر دیں۔ (ف)

حبِ آتشک: جو اقسام آتشک کو بفضلہ تعالیٰ ہفتہ عشرہ میں دور کر دیتی ہیں۔ (صفت) تھوہر کا دودھ، شہد، روغن زرد، بیسن نخود مقشر بریاں ہر ایک ۲ تولہ، جوہر رسکپور، ناقصہ۔ (ترکیب) ایک مٹی یا تام چینی کے برتن میں گھی اور شہد اس قدر گرم کریں کہ پگھل کر باہم مل جائیں۔ اس کے بعد تھوہر کا دودھ شامل کر کے کسی چمچہ سے خوب ہلاتے جائیں کہ اچھی طرح مل جائے۔ اب جوہر رسکپور بھی اچھی طرح ملا دیں۔ آخر میں بیسن تھوڑا تھوڑا ملاتے جائیں اور خوب ہلاتے جائیں۔ جب گولیاں بنانے کے قابل ہو جائے تو ایک ماشہ کی گولیاں بنا لیں۔ صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ عرقِ گلاب کھا لیں۔ غذا میں اکیس روز تک صرف بیسنی روٹی زیادہ گھی والی۔ نمک سے قطعی پرہیز کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مرض جڑ سے دور ہو جائے گا۔ (ف)

کشتہ جست: داخلی طور پر مغلظ، قابض، مقوی معدہ اور ہاضم طعام۔ خارجی طور پر مقوی بصر اور رطوبات چشم کو خشک کرتا ہے۔ اگر پتھر پر گھس کر ضماد کیا جائے تو محلل اورام ہے۔ (صفت) اول قسم کے مصفی جست کو مٹی کے برتن میں تیز آنچ پر پگھلائیں۔ جب پگھل جائے تو اس پر چٹکی چٹکی سفوف پوست بیخ لسکیر الیاں تک ڈالتے جائیں کہ کشتہ ہو جائے۔ خوراک ۲ چاول ہمراہ شیر گاؤ۔ یہ کشتہ دوسرے درجہ میں گرم و خشک و مفید ہے۔ (ف)

اکسیر العین: جملہ امراضِ چشم کی اکسیر دوا ہے۔ مجرب و معمول ہے (صفت) کافور عمدہ ۵ تولہ، عقرقرحا ایک تولہ، جاوتری، جائفل، لینڈی پیپل ہر ایک ۴ ماشہ، زیرہ، گل بنفشہ، کتھا ۳ ماشہ۔ جملہ ادویہ باریک کر کے دو مٹی کے کوزوں کے برتنوں میں گل حکمت کر کے گھی کے چراغ سے بدستورِ معروف جوہر اڑا لیں اور سلائی سے آنکھوں میں لگایا کریں۔ (ف)

اکسیر باہ: قوتِ باہ، امراضِ بارد و ضیق النفس کے لئے نہایت مفید ہے۔

(صفت) زعفران، سم الفار ہر ایک ایک تولہ کو چار پہر کھرل کر کے دو سیر خالص دودھ جوش خوردہ میں ڈال کر دہی جمائیں اور مکھن نکال کر گھی بنا لیں۔ ایک قطرہ سے شروع کر کے حلوہ مرغن یا روغن مچھلی دس قطرہ میں ملا کر رفتہ رفتہ خوراک بڑھاتے جائیں۔ (ف)

حبِ سعال: بلغمی کھانسی جب کہ بلغم کا اخراج مشکل ہو اور سینہ پر جما ہوا ہو اس کے استعمال سے اخراج بآسانی ہو جاتا ہے۔ (صفت) پیپل کلاں، کاکڑا سینگی، مرچ سیاہ، رب السوس ہر ایک ۶ ماشہ، تخم حلبہ (میتھی کے بیج)، کبابہ خنداں، خولنجان، مرکی ہر ایک ۳ ماشہ، ہلیلہ سیاہ، پوست ہلیلہ کابلی ہر ایک ۷ ماشہ۔ جملہ ادویہ نہایت باریک پیس کر سفوف بنا لیں اور ببول کے گوند کا لعاب بنا کر سفوف اس میں گوندھ کر نخودی گولیاں بنا لیں اور سایہ میں خشک کر لیں۔ دن رات میں ۶ گولیاں ایک ایک کر کے چوسیں۔ یہ گولیاں صرف بلغمی کھانسی میں مفید ہیں خشک کے لئے فائدہ مند نہیں۔ (ف۔ف)

سفوفِ عشرت: نہایت مجرب اور عرصہ سے معمول ہے۔ (صفت) دانہ الائچی خورد، لونگ، دارچینی، بہمن سرخ، بہمن سفید، شقاقل مصری، خولنجان ہر ایک ۴ ماشہ، زعفران ۶ ماشہ، موچرس ۳ ماشہ، مشک عنبر، ورق طلا ہر ایک ایک ماشہ، موچرس خالص ۳ ماشہ، نبات سفید ۲ تولہ۔ تمام دواؤں کا نہایت باریک سفوف بنا لیں۔ خوراک ۲ رتی سے ایک ماشہ تک ہمراہ دودھ۔ غایت درجہ کا نافع اور مفرح ہے نیز دافع سرعت و جریان۔ کثرتِ احتلام اور مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔ (ف۔ف)

حبوبِ ممسک: (صفت) ورق نقرہ دس ماشہ، مشک، جند بیدستر، فلفل سیاہ، زعفران ہر ایک ۴ ماشہ، دار فلفل ۲ ماشہ، تخم دھتورہ، افیون، بیر بہوٹی، ہر ایک ۶ ماشہ، جاوتری، دارچینی، اجوائن خراسانی ہر ایک ایک تولہ، جوزبوا ۴ عدد کو نہایت باریک پیس کر عرق گلو کے ساتھ مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنائیں۔

برائے اخراجِ بلغم: (صفت) تخم کتان بریاں، مغز بادام مقشر، مغز بنبہ دانہ ہر ایک ۵ تولہ کوٹ چھان کر ۵۴ تولہ شہد کی مدد سے معجون بنا لیں۔ خوراک: ایک تولہ صبح ایک تولہ شام۔ بہترین نسخہ برائے اخراجِ بلغم اور دمہ کے لیے مفید ہے۔

سنونِ دنداں: یہ منجن دانتوں اور مسوڑھوں کو قوی کرتا ہے۔ اگر مسوڑھوں کا گوشت کمزور پڑ گیا ہو اور دانتوں کی جڑیں نکل آئی ہوں تو اس کے استعمال سے مسوڑھوں پر گوشت پیدا ہو جاتا ہے اور دانت مضبوط ہو جاتے ہیں اور ایسے معلوم ہوتے ہیں کہ از سر نو پیدا ہو گئے ہیں۔ استحکام بن دندان اور گوشت پیدا کرنے کے لئے سرکہ کے ساتھ مخلوط کر کے دانتوں پر ملیں۔ اور خالص لثہ و حفر کے لیے مضمضہ کریں۔ نہایت مفید و مجرب اور ہیر اکئی سال سے معمول ہے۔ (صفت) عقرقرحا، وج ترکی، مازو، سعد کوفی ہر ایک ایک تولہ، پوست انار، گلنار، قشار کندر، مازو سبز، گل سرخ ہر ایک ۶ ماشہ، نمک لاہوری،

کف دریا، شب یمانی، فلفل سفید، مصطگی رومی، عود بلسان ہر ایک ۲ ماشہ، گھونگا سوختہ ۲ ماشہ، شاخ گوزن سوختہ، دندان فیل سوختہ ہر ایک ۸ ماشہ، طباشیر، تخم خرفہ، نشاستہ، گیرو، کشنیز خشک بریاں، آرد عدس ہر ایک ۱۴ ماشہ کوٹ چھان کر ۲ ماشہ کافور ملا کر خوب کھرل کر کے بحفاظت رکھیں۔ (ن)

اکسیر اطفال: (صنعت) قلب ابجر، طباشیر، شب سبز، الائچی سفید، گچوہ، کچرکا بریاں ہر ایک ۳ ماشہ، کانتی سار نصف ماشہ، چینی ۹ ماشہ باریک پیس کر شیشی میں رکھیں۔

فوائد: بچوں کے لیے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ اور میرا ذاتی نسخہ کئی برس سے زیر استعمال ہے۔ اس کے استعمال سے دانت آسانی سے نکل آتے ہیں۔ اور اس زمانہ میں عام طور پر جو بچوں کو تکلیف ہوتی ہے۔ اس کا ازالہ ہو جاتا ہے۔ اگر بچے کو ہرے اور پیلے دست آتے ہوں تو یہ سفوف ایک سال کے بچے کو نصف ماشہ خمیرہ مروارید نصف ماشہ شیر مادر میں ملا کر پلائیں۔ اگر دست زیادہ آتے ہوں تو دن میں خوراک تین چار مرتبہ دے سکتے ہیں۔ دانت نکلنے کے زمانہ میں بطور حفظ ما تقدم بچے کو صبح ایک خوراک دے دیا کریں۔ فوائد بالا کے علاوہ بخار، تپ، کمزوری سوکھا سان کے لئے بھی یکساں طور پر مفید ہے۔ (ف۔ ف)

حب سعال: بچوں کی کالی کھانسی کے لیے قیمتی نسخہ ہے۔ (صنعت) نشاستہ، صمغ عربی، رب السوس، افیون مساوی الوزن کوٹ چھان کر لعاب بہدانہ گولیاں بقدر دانہ ماش بنائیں اور مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

حب اسہال سبز: بچوں کے پیلے اور سبز دستوں کے لئے مفید و مجرب ہے۔ (صنعت) بادیان، بیخ سماٹھی ہر ایک ایک تولہ، نارجیل دریائی ۵ ماشہ، زہر مہرہ خطائی ۲ ماشہ، برگ نیم ۱۰ عدد، زہر مہرہ کو پہلے گھس لیں۔ اور باقی ادویہ پیس کر پانی کی مدد سے مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنائیں۔ بچے کو ایک گولی ماں کے دودھ میں گھول کر دیں۔ (ف)

کشتہ نمک سیاہ: حسب ضرورت ہو نمک سیاہ کوٹ کر ایک پیالہ میں شیر مدار ملا کر سایہ میں اچھی طرح خشک کریں۔ اور کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے کمہار کے آوے میں رکھیں۔ سفید رنگ کا کشتہ برآمد ہوگا۔ ایک رتی مناسب بدرقہ کے ہمراہ اکثر امراض معدہ میں مفید ہے۔

کشتہ قلعی: مقوی باہ، مشتہی اور دافع جریان ہے۔ (صنعت) قلعی رانگ بیس تولہ کو پگھلا کر اول جوشاندہ ترپھلہ میں گیارہ مرتبہ بجھا دیں۔ پھر اونٹ کٹیلہ تازہ کا عرق دے کر قلعی مذاب پر تھوڑا تھوڑا ڈالتے رہیں۔ اور اسی کی شاخ سے قلعی کو حرکت دیتے رہیں تاکہ خاکستر ہو جائے۔ ایک رتی پان بالائی یا شہد کے ہمراہ دیں۔ (ن)

لعوق کھانسی: پوست ہلیلہ زرد، فلفل سیاہ، صمغ عربی، اصل السوس، ککڑا سینگی، شکر تیغال ہر ایک ایک تولہ، سپستان ۱۰ تولہ پیس کر شہد میں حل کر کے چٹائیں۔

جناب حکیم سید علی شاہ مرحوم - پلولی

سفوف مغلظ: یہ نسخہ ایک عرب کی یادگار ہے جو انہوں نے حضرت استاد المعظم قاضی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو دیا تھا۔ مقوی باہ، مشتہی، دافع سرعت و رقت ہے۔ (صنعت) مغز تر ہندہ ۱۰ بریاں، قشر ... دس تولہ، مغز تخم [illegible]، تعلب مصری، پنجہ داز، خولنجان، خراطین مصفیٰ، مصطگی رومی، زیرہ سفید، سپستان خام خشک شدہ ہر ایک پانچ تولہ، ریگ ماہی، مایہ شتر اعرابی ہر ایک ڈھائی تولہ کوٹ چھان کر سب کے وزن کے برابر شکر سفید ملا کر پیس لیں۔ خوراک ۹ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ۔ (ن)

طلاء سفید: (صنعت) شیر مدار، ہیرا ہینگ، پوست بیخ کنیر سفید، گھونگچی سفید مقشر، مغز پنبہ دانہ، شہد، بلادر ہر ایک ۵ تولہ، سم الفار سفید ڈھائی تولہ، جملہ ادویہ باریک کر کے بذریعہ پاتال جنتر روغن حاصل کریں۔ اس روغن میں پارہ ایک تولہ، انگوجھک، آکاسار، زلف رومی، بیر بہوٹی، خراطین، جونک، مغز مینڈک صحرائی ہر ایک ۶ ماشہ، بیتہ رو مچھلی ۳ عدد، مرچ کینیا ۴ رتی داخل کریں اور دو تین روز مسلسل کھرل کر کے رکھیں۔ بوقت ضرورت دو تین رتی عضو مخصوص پر لگا کر آہستہ آہستہ مالش کر کے پتہ پان لپیٹ کر دھاگہ خام باندھیں۔ ہر قسم کی سستی، کمزوری کے لیے مفید ہے۔ مجلوقین کے لیے بہترین تحفہ ہے۔ (ف۔ ف)

مقوی باہ: (صنعت) لونگ کلاں (لونگا)، عاقرقرحا ہر ایک ایک تولہ، تخم نیواڑ ۲ تولہ تینوں اجزا اچھی طرح باریک پیس لیں۔ اور بوقت ضرورت اس میں سے تقریباً ڈیڑھ ماشہ، عرق پیاز میں کسی قدر سخت کریں۔ عرق اس قدر ہونا چاہیے جس میں سفوف کیچڑ کی طرح بن جائے۔ اس کو ایک پان پر پھیلا کر عضو مخصوص کو اس طرح باندھیں کہ پان کے اطراف لپٹ جائیں۔ اور اوپر کوئی کپڑا لپیٹ دیں تھوڑی دیر بعد جب عرق پیاز خشک ہو جائے اتار کر عضو مخصوص کو کسی کپڑے سے صاف کر دیں۔ (ف)

ضماد مقوی باہ: (صنعت) پیاز نرگس، عاقرقرحا، مویز منقیٰ ہر ایک ۳ ماشہ گائے کے پتہ کے پانی میں حل کر کے ضماد کریں۔ بے حد مقوی باہ ہے۔ (ف)

طلاء برائے مجلوق: (صنعت) سم الفار ایک تولہ کی ڈلی ایک ہفتہ شیر مدار میں تر رکھیں۔ اس کے بعد نکال کر روغن زرد ۳ تولہ میں کھرل کر کے دھوپ میں رکھ کر روغن مصفیٰ حاصل کریں۔ احتیاط کریں کہ سم الفار کا کوئی ذرہ روغن میں نہیں آنا چاہیے۔ اس روغن میں بیر بہوٹی، خراطین، جائفل، جاوتری،

لونگ، بیخ کبر سفید، عطر اگر، مشک ہر ایک ایک ماشہ کھرل کرکے شامل کریں۔ اور پھر اس قدر کھرل کریں کہ کوئی ذرہ باقی نہ رہے۔ بدستور مالش کرکے پان باندھیں تیسرے روز باریک باریک بثور مثل خشخاش پیدا ہوں گے جو دو تین روز میں خود بخود خشک ہو جاتے ہیں تین مرتبہ کا استعمال کافی ہے۔ (ف)

حب مقوی: باہ اور امساک کے لیے بالخاصہ مفید ہے۔ (صفت) اسم الفار سفید، دار چکنا، رسکپور ہر ایک ایک تولہ، شراب جاپانی دس تولہ میں کھرل کرکے قرص بنا کر بدستور جوہر اڑائیں۔ جوہر مذکور ۲ ماشہ، مشک ایک ماشہ، ورق طلاء ڈیڑھ ماشہ، ورق نقرہ ۲ تولہ، زعفران ۳ ماشہ، عرق گلاب ڈھائی تولہ میں کھرل کرکے عرق جذب کرائیں۔ اور تھوڑا تھوڑا گوند ملا کر دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنالیں۔ خوراک ایک یا دو گولی دودھ کے ہمراہ۔ نر دو ہضم ہے۔

دیگر: (صفت) سیماب مصفی، گندھک، کتھ سفید، قرنفل ہر ایک ۴ ماشہ پہلے سیماب اور گندھک کی کجلی بنائیں اس کے بعد دوسری ادویہ ڈال کر باریک پیس لیں۔ پھر زردی بیضہ مرغ ملا کر تین روز کھرل کریں۔ اور سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنالیں۔ خوراک ایک گولی دودھ کے ہمراہ۔ (ف)

معجون مقوی: مجلوق کے لئے عمدہ اور بہترین شے ہے۔ (صفت) ثعلب مصری، موصلی سیاہ، موصلی سفید، بہمن سرخ، بہمن سفید، دانہ الائچی کلاں، دانہ الائچی خورد، شکر تیغال، مغز کشنیز خشک، مغز بادیان، مغز بادام، مغز کدو، مغز تخم خیارین، مغز تخم تربوز، مغز پنبہ دانہ، مغز بیٹھہ ہر ایک ۶ ماشہ، مغز فندق، مغز چلغوزہ، مغز پستہ ہر ایک ۴ ماشہ، ورق نقرہ، ورق طلاء ہر ایک ۲۵ عدد، مربہ سیب، مربہ گزر، مربہ آملہ، مربہ بہی ہر ایک ایک تولہ، کشتہ قلعی، کشتہ مرجان، کشتہ صدف، کشتہ عقیق ہر ایک ۳ ماشہ، شہد خالص دو چند ادویہ بدستور معجون بنالیں۔ خوراک، ایک تولہ صبح و شام۔ (ف)

کشتہ نقرہ: تقویت باہ کے لیے بے حد مفید اور ایک ہی آنچ میں تیار ہوتا ہے۔ (صفت) شیر تھوہر ۵ تولہ ایک مضبوط برتن میں ڈالیں پھر ایک چاندی کا روپیہ یا ایک تولہ چاندی کا پترہ آگ پر سرخ کرکے اس میں تین مرتبہ بجھا دیں اس کے بعد پھٹکڑی سہاگہ اور نوشادر سے صاف کرکے پھر سرخ کرکے بجھا دیں تا آنکہ شیر تھوہر بالکل ختم ہو جائے۔ اب بیخ نیلوفر ۵ تولہ خوب باریک پیس کر روپے پر تھوڑا سا شیر تھوہر مل کر اس سفوف کے درمیان رکھ کر گل حکمت کرکے ایک گڑھے میں پانچ سیر اپلے دشتی نیچے بچھائیں اور اسی قدر اوپر دے کر چاروں طرف سے مٹی کے ذریعے بطور گلاوہ چھپا دیں۔ اور کنڈوں میں اس طریقہ پر آگ دیں کہ تمام اچھی طرح جل جائیں۔ لیکن شعلہ نہ نکلے۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ کشتہ تیار ہوگا۔ خوراک: ایک رتی پان، بالائی یا شہد میں صبح و شام۔ (ف)

برائے سعال و نفث الدم: (صفت) کشتہ سنگجراحت ۲ رتی، کہربا، سرطان محرق ہر ایک ایک ماشہ باریک پیس لیں۔ آب ثمر گولر خام، ۵ ماشہ میں ملا کر ہمراہ عرق گاؤزبان دس تولہ، شربت کوکنار ۲ تولہ صبح کے وقت۔ صمغ عربی، کتیرا، رب السوس، سرطان محرق، گیرو، سنگجراحت، ہر ایک ایک ماشہ باریک پیس کر لعوق نزلی میں ملا کر ہمراہ شیر حب الآس، شیرہ تخم خرفہ سیاہ پانی میں نکال کر شربت کوکنار، شربت انجبار ہر ایک ۲ تولہ ملا کر شام کو۔ کہربا، طباشیر، یشب سبز ہر ایک ایک ماشہ باریک پیس کر لعوق خشخاش میں ملا کر بوقت خواب۔ گوند ببول، کتیرا، رب السوس، شکر تیغال، سرطان محرق، خشخاش سفید، تخم کاہو جملہ ہم وزن پیس کر لعاب کوکنار کے ہمراہ حل کرکے نخود [illegible] بنالیں اور ہر وقت چوستے رہیں۔ میں نے اس طریقہ سے بہت سے مریضوں کا کامیاب علاج کیا ہے۔

سفوف نفث الدم: از بس بے عدیل نسخہ ہے۔ سینکڑوں مریضوں پر حکماً مفید ثابت ہوا ہے۔ (صفت) بریشم ماہی، ملک مغسول، کشتہ سرطان، کشتہ سنگجراحت، شکر تیغال، نوفل دکھنی، مازو، ماہیں، موچرس، دم الاخوین، گل ارمنی، گل مختوم، شب یمانی بریاں ہر ایک ایک تولہ، مروارید ۳ ماشہ، کشتہ صدف، کشتہ ابرک، کشتہ ودع ہر ایک ۹ ماشہ سب کو یک جان کرکے سفوف بنالیں۔ خوراک ۳ ماشہ ہمراہ شربت انجبار یا فریاد رس صبح و شام۔ (ف۔ ف)

برائے قوت باہ: قوت باہ، اشتہا، جریان اور سوزاک کے لیے آزمودہ ہے (صفت) قلعی (سالم) بیس تولہ کو مذاب کرکے پہلے جوشاندہ ترپھلا میں گیارہ مرتبہ بجھا دیں، بعدہ عرق اونٹ کٹارا تازہ لیں۔ جب مانگ پانی ہو جائے تھوڑا تھوڑا ڈالتے جائیں اور اسی کی شاخ سے ہلاتے جائیں۔ تاکہ خاکستر ہو جائے۔ ایک رتی ہمراہ پان، بالائی یا شہد استعمال کرائیں۔ اور اثر ملاحظہ فرمائیں۔ نہایت عمدہ اور مفید چیز ہے۔ (ف۔ ف)

برائے یرقان: (صفت) روغن تلخ ایک تولہ منہ میں ڈال کر دو تین منٹ تک کلی کریں۔ اور پھر گرا دیں۔ دس منٹ بعد پھر ایک تولہ روغن تلخ منہ میں ڈال کر دو تین منٹ کلی کرکے گرا دیں۔ تیل منہ میں انڈے کی زردی کی طرح گاڑھا اور زرد ہو جاتا ہے دو روز دن میں تین چار مرتبہ ایسا کرنے سے یرقان بالکل جاتا رہے گا۔ جسم اور آنکھوں کی زردی دور ہو جائے گی۔ جب تیل منہ سے اصلی حالت اور رنگت پر نکلنے لگے تو سمجھنا چاہیے کہ مرض رفع ہو گیا ہے۔

حب دافع بخار: جو کہنہ سے کہنہ بخاروں کے لیے مفید ہے۔ خصوصاً تپ بلغمی میں اکسیر ہے۔ (صفت) مغز کرنجوہ، فلفل دراز ہر ایک ۴ تولہ، برگ [illegible] خشک کردہ ۳ تولہ، زیرہ سفید، شب یمانی بریاں ہر ایک ایک تولہ، کشتہ گئودنتی (جو بذریعہ آب نیم کیا گیا ہو) ۶ ماشہ۔ جملہ ادویہ کوٹ چھان کر نخودی گولیاں بنالیں اور ایک تا دو گولی ہمراہ مناسب بدرقہ دیں۔ بچوں کی خوراک کا تعیین عمر کے لحاظ سے کریں۔

دیگر: (صفت) طباشیر، دانہ الائچی خشک، گل بنفشہ، مغز بادیان، مغز کشنیز کنگنی سفید، تخم کاسنی، برگ سنا، زیرہ سفید، ست گلو، مغز بادام شیریں۔ جملہ ادویہ ہم وزن اور سب کے برابر چینی سفید ملا کر پیس کر سفوف بنا لیں۔ خوراک ۶ ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق گاؤزبان۔

برائے شقیقہ عِلّین: میرا بار ہا کا مجرب ہے۔ (صفت) ٹڈا مداذہ بھوری برتج، نیلا تھوتھا تمام ہم وزن۔ ٹڈے کو پکڑ کر مار کر سایہ میں خشک کر لیں۔ اور باقی دوا میں ملا کر سفوف کر لیں۔ بوقت ضرورت مریض کو لٹا کر ایک رتی سفوف ماؤف جانب بطور نسوار استعمال کرائیں۔ اور پھر اسی ناک کے سوراخ میں کسی نلکی وغیرہ کے ذریعے زور سے پھونک ماریں تاکہ دوا اندر تک پہنچ جائے۔ اور مریض کو اس کے بعد فوراً بٹھا دیں۔ منہ کے راستہ بکثرت بلغم خارج ہوگا۔ اور فوراً سکون ہو جائے گا۔ یہ عمل صبح و شام کریں۔ دو تین روز تک گیہوں کی روٹی چوری روغن زرد ملا کر کھلائیں۔ ترشی، تیل اور مٹھائی سے پرہیز کرائیں۔

حبِ سرفہ بلغمی: (صفت) پوست انار ۴ تولہ، دار فلفل ۲ تولہ، فلفل گرد ایک تولہ، قند سیاہ کہنہ، تولہ کوٹ چھان کر نخودی گولیاں بنا لیں اور ایک گولی منہ میں رکھ کر چوسیں۔ بلغمی کھانسی دور کرنے کے لیے بہترین تحفہ ہے۔ (ش)

کشتہ سونا مکھی: مجرب و معمول برائے جذام، البواسیر، سوزاک، یرقان، طحال، ورم و کرمِ شکم، بادی و گرمی کا ازالہ کرتا ہے۔ (صفت) سونا مکھی ۴ تولہ، سیندھا نمک ایک تولہ باہم ملا کر سحق کریں۔ پھر لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور عرق لیموں پر گیارہ بجھا دیں۔ اور آہنی دستہ سے چلاتے رہیں۔ پھر گندھک کا سفوف تین تولہ ڈالیں کشتہ ہو جائے گا۔ اگر سرخ رنگ کا کشتہ بنانا مقصود ہو تو عرق گھیکوار میں سحق کریں بعد ازاں دس سیر میں گجپٹ کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر سرخ کشتہ برآمد ہوگا خوراک حسب برداشت مریض ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔ (ن)

سفوفِ جریان: جریان کا بے ضرر و مجرب ترین آزمودہ نسخہ ہے۔ (صفت) تالمکھانہ، بوچھلی بوٹی ہم وزن الگ الگ پیس لیں۔ اور دونوں کے ہم وزن شکر سفید باریک سفوف شامل کر لیں۔ خوراک ۶ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ۔ موسم گرما میں اگر شیر بز سے استعمال کیا جائے تو بہت زیادہ اثر ظاہر کرتا ہے۔ ترش، تیل والی اشیاء اور گڑ سے پرہیز کریں۔ (ن۔ ف)

حبوب اکسیر: بہترین مقوی باہ اور اعضائے رئیسہ ہے۔ (صفت) کتھ سفید ۳ تولہ، سم الفار سفید، شنگرف، ہڑتال طبقی، پارہ ہر ایک ایک تولہ، اسٹرکنیا ۴ رتی، گندھک آملہ سار ۳ تولہ، مرجان، مروارید ۶ ماشہ، مشک، عنبر ہر ایک ۳ ماشہ، ورق طلا ۲ تولہ، ورق نقرہ ۸ ماشہ، پارہ اور گندھک کی ایک روز متواتر کجلی کریں اور الگ رکھ لیں، شنگرف، ہڑتال، سم الفار کو ایک سو کاغذی لیموں کے پانی میں کھرل کریں۔ بعدہٗ جملہ ادویہ ملا کر ایک دن اور کھرل کریں۔ اور دانہ ماش کے برابر گولیاں بنا لیں۔ خوراک ایک گولی بعد از غذا مسکہ گاؤ میں لپیٹ کر روزانہ ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

جناب حکیم ملک عبدالعزیز خان صاحب مرحوم سنگرور

حبِ شاہی: بہترین مقوی باہ و دافع امراضِ بلغمی (صفت) سم الفار، شنگرف ہر ایک ایک تولہ کو باریک کر کے آبِ افشردہ برگِ کریلا، آبِ افشردہ برگِ ارنڈ تو رستہ برنگ سرخ ہر ایک تیس تولہ میں اچھی طرح کھرل کر کے جب گولیاں بننے کے قابل ہو جائے تو حبوب نخودی بنا کر ورق نقرہ چڑھا دیں۔ صبح یا رات کو ایک گولی ایک سیر دودھ کے ہمراہ کھائیں۔ سات روز سے زائد اس کا استعمال برداشت نہیں ہوگا۔ (ف)

حبِ محافظِ اطفال: بچوں کے تمام امراض کے لیے بہترین تحفہ ہے (صفت) مروارید ناسفتہ، ورق نقرہ ہر ایک تین ماشہ، طباشیر، زہر مہرہ خطائی ہر ایک ایک تولہ۔ جملہ ادویہ کو آبِ سیب میں حل کر کے برابر گولیاں بنا لیں اور ایک گولی روزانہ کھلا دیا کریں

حبوب مقوی اکسیرِ اطفال: (صفت) مروارید ناسفتہ ۴ رتی، نارجیل دریائی، زہر مہرہ خطائی، حجر الیہود، پوست ہلیلہ زرد، مغز کنول گٹہ، طباشیر، دانہ الائچی خورد، زرور ہر ایک ۶ ماشہ۔ ایک پاؤ عرق گلاب میں سحق کر کے حبوب بقدرِ مونگ بنا لیں۔ اور ایک گولی روزانہ دیں۔

حفاظتِ جنین: جس عورت کو خرابیٔ معدہ اور ضعفِ رحم کے باعث اسقاط ہو جاتا ہے اس کو آثارِ بارداری معلوم ہونے پر اس نسخہ کا استعمال کرائیں۔ اس سے جنین کی حفاظت بھی ہوتی ہے۔ اور بچہ بھی صحیح و سالم پیدا ہوتا ہے۔ اول مفرح بارد ۵ ماشہ ایک عدد ورق نقرہ میں لپیٹ کر کھلائیں۔ اس کے ساتھ لعاب گاؤزبان ۵ ماشہ جو بارہ تولہ عرق بادیان میں نکالا گیا ہو اس میں خمیرہ بنفشہ ۲ تولہ، شربت سیب ۴ تولہ ملا کر پلا دیا کریں۔ (نسخہ مفرح بارد) یہ مفرح و مسکن و مقوی ہے۔ (صفت) عنبر، ورق طلا محلول، ورق نقرہ محلول ہر ایک ۱ رتی، مروارید، کہربا ہر ایک ۴½ ماشہ، گل گاؤزبان، طباشیر، صندل سفید، کلی گلاب، مغز تخم کدوئے شیریں، تخم خرفہ مقشر ہر ایک نو ماشہ، آب سیب شیریں، آب بہی شیریں ہر ایک ۷½ تولہ، عرق گلاب، عرق بید مشک ہر ایک ۹½ تولہ، نبات سفید ۴۵ تولہ بطریق معروف مفرح بنا لیں۔ قدرِ شربت ۵ ماشہ۔ یہ رحم کی گرمی کو بے حد مفید ہے۔

طلاء دارچینی مشک والا: معمول جناب مسیح الملک مرحوم جو پانچ چھ برس سے میرے معمولات میں داخل ہے۔ (صفت) شنگرف، ہڑتال طبقی،

سیماب کمیلہ، عقرقرحا، پیانہ، نرگس، دارچینی مساوی الوزن کوٹ چھان کر تھوڑے مشک کے ساتھ زہرہ گاؤ یا زہرۂ بز میں کھرل کر کے محفوظ رکھیں اور رات کو بدستور ایک رتی استعمال کر کے پانی باندھیں۔ اور پانی نہیں ہوتا۔ مگر دانے ضرور نکل آتے ہیں ان پر روغن چنبیلی لگائیں۔ جب دانے خشک ہو جائیں۔ طلا کا استعمال دوبارہ شروع کر دیں زور سے مالش نہ کریں۔ (ن۔ ف)

ضماد برص: (صفت) پوست بیدانجیر دشتی، گندھک نرسی، سہاگہ بریاں، ہلدی، سفیدہ حور ہر ایک تولہ، توتیا بریاں ۶ ماشہ ان کو عرق لیموں کاغذی میں پیس کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کر لیں اور تین چار مرتبہ عرق ترنج میں گھس کر لگایا کریں۔ اس میں ایک تولہ بارہ سنگھا بھی شامل کر سکتے ہیں۔

عرق مصفی: برص، جذام، قوبا، جرب، حکۃ، بثور، سعفہ، دمامیل جیسے امراض کو تنقیہ کامل کے بعد استعمال کرنے سے مفید ثابت ہوا ہے۔ جذام اور برص میں ترک نمک کر کے تین ماہ اس نسخہ کا مسلسل استعمال کرنا چاہیئے خاندان شریفی کا نسخہ میرے ذاتی مجربات میں شامل ہے۔ (صفت) برگ نیم، پوست اندرون نیم، برگ بکائن، پوست کچنال، پوست مولسری، دودھی خورد، بھنگرہ سیاہ، جوالسہ، پوست گولر، برگ چنار، منڈی، شاہترہ، سرپھوکہ، دھمایا، چوب چینی، گل نیلوفر، کشنیز خشک، گل سرخ، صندل سفید، گاؤزبان، ابریشم مقرض، تخم کاسنی، بیخ کاسنی، مجیٹھ، برگ بید سادہ، برادہ شیشم، گل عصفر، چرائتہ، افتیمون، پوست ہلیلہ پوست بلیلہ، پوست آملہ، عشبہ مغربی، گلو، خس، عناب، مغز تخم نیم، نگر، ساذج ہندی ۲۲ سیر پانی میں ۲۴ گھنٹے تر رکھیں۔ اور ۱۲ سیر عرق کشید کریں۔ خوراک ۶ تولہ۔

حب تلین: ہاضم و کاسر ریاح۔ (صفت) فلفل سیاہ ۴ ماشہ، اجوائن دیسی ۶ ماشہ، مصبر، سہاگہ بریاں ہر ایک ایک تولہ، سب کو پیس کر لعاب گھیکوار میں حل کر کے نخودی گولیاں تیار کر لیں۔ خوراک ایک تا دو گولی۔ (ن)

برائے درد ریاحی: ہاضم اور ہیضہ و تخمہ کے لیے مفید۔ (صفت) ہر چہار اجوائن، ہر چہار نمک ہر ایک ۵ تولہ، گل مدار تازہ دس تولہ سب کو خوب کھرل کریں جب گولی بنانے کے قابل ہو جائے نخودی گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کر لیں۔ خوراک: دو گولی۔ (ن)

حب مشتہی: غائت درجہ ہاضم۔ (صفت) زنجبیل، سہاگہ بریاں، نمک سیاہ، حلتیت بریاں در روغن گاؤ ہر ایک ایک تولہ، سہانجنہ کی جڑ کے عرق میں پیس کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا لیں اور بعد از طعام استعمال کریں۔

برائے عظم طحال: (صفت) قلمی شورہ، سہاگہ، شب یمانی،

[illegible]، جوکھار، پانچوں نمک، ہم وزن، مغز گھیکوار گندل میں باریک کر کے ڈالیں اور عرق کشید کریں۔ خوراک: جوان آدمی کو دس بوند اور بچے کو ۴ بوند دیسی چینی میں ڈال کر۔ غذا میں زیادہ گھی والی چیزیں نہ دیں۔

دیگر: ورم و عظم طحال کے واسطے بے نظیر تحفہ ہے۔ نیز طحال کے باعث پیدا ہونے والے تمام نقائص کا خاتمہ کرنے والا حیرت انگیز جوہر ہے۔ (صفت) ملح البحر ہندی (میگنیشیا سلفاس) دس تولہ، ہیر اکسیس عمدہ یا فیرائی سلفاس فرائیٹ ایمونیا ہر ایک ۳ ماشہ، سوڈا بائی کارب ایک تولہ، عنب الثعلب و عرق بادیان ہم وزن ایک بوتل۔ تمام ادویہ کو عرقیات میں کھرل کر کے ایک بوتل مدد او بنا لیں اور بوتل پر سولہ نشان لگا لیں ایک ایک خوراک صبح و شام ایک ہفتہ کافی ہے۔ (ن)

دافع قبض: دن میں کسی وقت بھنے ہوئے چنے چھلکوں سمیت کھا لیں۔ صبح کھل کر اجابت ہوگی۔

درد فم معدہ: ایک بڑی ہانڈی میں ڈیڑھ سیر شیر شتر میں تھوڑا سا پانی ملا کر ۸ تولہ نمک لاہوری ملا کر پکانا شروع کریں۔ آنچ نرم رکھیں اور کسی لکڑی سے ہلاتے جائیں۔ جب کھویا بننے کے قریب ہو تھوڑے سے شیر شتر میں ۳ ماشہ زعفران پیس کر شامل کر دیں اور کھویا کا قوام درست ہو جائے اتار کر ٹھنڈا کر لیں۔ خوراک ۳ ماشہ ہمراہ پانی۔

حب اٹھرا: چراغ کی گل کہنہ جو خانقاہوں اور مسجدوں میں جلائے جاتے ہیں آگ پر تپا تپا کر چکنائی دور کر لیں۔ جب دہنیت سے صاف ہو جائیں تو انہیں نہایت باریک پیس لیں اور پانی کی مدد سے نخودی گولیاں تیار کر لیں۔ حمل کے چوتھے ماہ میں صبح و شام ایک ایک گولی دیں۔ وضع حمل پر بچہ کو بھی چوتھائی گولی دیں بچہ بفضلہ تعالیٰ صحیح و سالم پیدا ہوگا اور زندہ بھی رہے گا۔ (ن۔ با)

سرمہ مفید چشم: آنکھ کے جملہ عوارض کو رفع کرتا ہے۔ موتیابند، جالا، پھولا، ناخونہ وغیرہ میں بہت مفید ہے۔ (صفت) پھٹکڑی ۴ ماشہ، سرمہ اصفہانی، شورہ قلمی ہر ایک ۲ ماشہ، فلفل دراز، برگ سرس در سایہ خشک کردہ، برگ نیم، ہڑ زنگی، چاکسو ہر ایک ایک ماشہ، آب باراں ۱۲ تولہ۔ ادویہ کو آب باراں میں اس حد تک کھرل کریں کہ سرمہ بن جائے۔ رات کو آنکھوں میں لگائیں۔ روغن سیاہ، ترشی اور بادی اشیاء سے پرہیز۔ (ن)

سفوف مسیحا: جلق سے عارض ہونے والے ضعف باہ اور جریان کے لیے مفید ہے نیز مغلظ منی بھی ہے۔ (صفت) ثعلب مصری، ثقاقل مصری، موصلین، تخم اٹنگن، دارچینی، مصطگی، گوند ببول، دانہ الائچی کلاں، تالمکھانہ، خولنجان، بوزیدان

اندر جو شیریں، امو ہر مس، زنجبیل، کشتۂ قلعی ہر ایک ایک تولہ، شکر سفید۔ جملہ ادویہ ہم وزن۔ خوراک: ۶ ماشہ تا ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ۔ (ف)

برائے کرمِ شکم: (صفت) بابڑنگ، نانخواہ، پلاس پاپڑہ، مغز تخم کرنجوہ ہر ایک ۶ ماشہ باریک کر کے قندِ سیاہ کہنہ بقدرِ ضرورت ملا کر فالسہ کے برابر گولیاں بنالیں۔ ایک ایک گولی دن میں تین مرتبہ پانی کے ہمراہ دیں۔ (ف)

کشتۂ نیلا تھوتھا: آتشک اور سوزاک کے لیے مفید ہے۔ (صفت) نیلا تھوتھا ۶ ماشہ کی ایک ڈلی لیں۔ کافور دیسی دو تولہ کا فرش و لحاف دیں اور سفوف ریٹھہ ۲۰ تولہ کسی آبخورہ میں ڈال دیں۔ اور خوب مضبوط گل حکمت کر کے دو سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سفید کشتہ برآمد ہو گا۔ جو انشاء اللہ ایک سال تک خراب نہ ہو گا۔ خوراک: نصف چاول مکھن میں۔

برائے سرعت و احتلام: (صفت) بہمن سرخ، بہمن سفید، کمرکس، تالمکھانہ، ست گلو، آرد سنگھاڑہ، ملٹھی، صمغ عربی، سبوس اسبغول، طباشیر ہر ایک تولہ پیس کر اس میں تین ماشہ کشتہ فولاد ملا کر مزید سحق کریں۔ خوراک: ۶ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ گاؤ استعمال کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ گیارہ روز میں تمام شکایات رفع ہوں گی۔ (ف)

سفوف چنگی: جو جھنگا میں اس وقت نافع ہے جب مرضعہ اور بچہ کو معدی خلش کی شکایت ہو۔ (صفت) اہلیلہ سیاہ، پودینہ خشک، نرکچور، نمک لاہوری، سہاگہ بریاں، دانہ ہیل خورد، دانہ ہیل کلاں، زیرہ سیاہ، زیرہ سفید، برگ نیم، مرچ سیاہ، چاکسو، بادیاں، تخم شبت، نوشادر، ہر ایک نہایت باریک پیس کر سفوف بنائیں۔ اور دو سے چار رتی تک شیر مادر میں بچے کو اور عرق بادیان کے ہمراہ اس کی ماں کو دیں۔ (ف)

سفوف مجرب: دافع صعود البخرہ و ریاح معدہ، دافع قبض اطفال و مفید تپ، مخرج مواد فاسد، دافع ضم و تشنج۔ نہایت بھروسہ کا نسخہ ہے۔ اور مستقل طور پر معمولِ مطب ہے۔ (صفت) سنا رکی، بادیان، گندھک مصفیٰ، اصل السوس مقشر، مصری کالپی، جملہ ادویہ الگ الگ باریک پیس کر ہم وزن ملا لیں۔ اور سحق بلیغ کریں، تاکہ یک ذات ہو جائیں۔ خوراک ایک سے چار رتی تک ہمراہ عرق بادیان۔ (ف)

مقوی باہ: میں نے اس کشتہ سے بفضلِ خدا بہت سے از کار رفتہ اشخاص کا کامیاب علاج کیا ہے۔ خون صالح پیدا کرنے میں بہت مؤثر اور اکسیر الامراض بھی ہے۔ (صفت) فولاد خام جوہر دار ۴ تولہ، سم الفار بلوری ۳ تولہ دونوں کو کھرل میں سرمہ کی طرح باریک کر لیں۔ بعد میں برانڈی ۳-۴ ماشہ ڈال کر بذریعہ کھرل ایک تولہ جذب کرائیں اور ٹکیہ بنا کر دو سکوروں میں بند کر کے خوب گل حکمت کریں۔ خشک ہونے پر ۲۵ سیر کنڈوں میں ہوا سے بچا کر آنچ دیں۔ اسی طرح اکیس پٹ دیں۔

کشتہ تیار ہو جائے گا۔ دو چاول صبح و شام مسکہ یں دودھ کے ہمراہ کھا لیا کریں۔ غذا مرغن ہونی چاہیئے۔ سردی کا موسم اس کے استعمال کے لیے زیادہ موزوں ہے۔ (ا۔ف)

حب صداع: ہر قسم کے دردِ سر کے لئے مفید ہے۔ (صفت) مغز بادام، فلفل سیاہ، الائچی سفید، مویز منقے، ہر ایک ایک تولہ باریک کر کے شہد خالص میں ملا کر نخودی گولیاں بنالیں اور بوقتِ خواب ایک دو گولی کھالیں۔

برائے شقیقہ: اس کے استعمال عموماً ایک ہی روز میں آرام ہو جاتا ہے لیکن تین روز متواتر استعمال کرنا چاہیئے۔ (صفت) روغن زرد خالص دو تولہ، شیر گاؤ ایک پاؤ، دونوں کو باہم ممزوج کر کے گرم کریں اور طلوعِ آفتاب سے پہلے نوش کریں۔

حب محافظِ چشم: برائے رمدِ چشم اور جالا و پھولا مفید ترین و مجرب۔ (صفت) سفیدہ کاشغری ۹ ماشہ، اسفیدہ جست ایک تولہ، پھٹکری بریاں ۶ ماشہ، سنگ بصری ۳ ماشہ، مغز تخم کھرنی ایک ماشہ پیس کر پانی کی مدد سے گولیاں بنالیں۔ اور بوقتِ ضرورت ایک گولی پانی میں گھس کر آنکھیں لگائیں۔

سفوف اطفال: بچوں کی قے، کھانسی اور دست وغیرہ کے لئے مفید ہے۔ (صفت) اتیس، کاکڑا سینگی، فلفل دراز ہر ایک ہم وزن پیس کر سفوف بنائیں اور شہد میں بہ لحاظِ عمر ملا کر انگلی سے چٹائیں۔

کشتۂ نقرہ: جس طرح پارس کے اتصال سے بعض چیزیں طلا بن جاتی ہیں اسی طرح اس کشتہ کا استعمال انسان کو جوان رکھتا ہے دل، جگر، معدہ، مثانہ، دماغ اور گردہ کو حیرت انگیز قوت بخشتا ہے۔ (صفت) ایک تولہ نقرہ کا پترہ بنا کر ایک پاؤ بھنگرہ سفید کے نغدہ میں لپیٹ کر بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ دوسرے روز بھی یہی عمل کریں۔ یعنی دو دن میں دو مرتبہ۔ تیسرے روز اس نقرہ کے پترہ کو ایک ماشہ سم الفار سفید اور ایک ماشہ پارہ میں گودہ گھیکوار میں کھرل کر کے جذب کرائیں تاکہ یک جان ہو جائیں۔ اس مقصد کے لیے کم از کم چار پہر کھرل کریں۔ پھر کھرل شدہ ادویہ کو نغدہ بھنگرہ سفید میں لپیٹ کر دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اور علی الصبح نکال کر دوبارہ ترکیب بالا کی طرح ایک ماشہ سم الفار سفید اور ایک ماشہ پارہ ملا کر گودہ گھیکوار میں کھرل کریں اور بھنگرہ سفید کے نغدہ میں لپیٹ کر معمولی کپر موٹی کر کے دس سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔ اسی طرح دس مرتبہ عمل کریں۔ تمام عمل کے دنوں کی مجموعی تعداد ۲۱ ہو گی۔ خوراک ایک چوتھائی مکھن میں ایک چوتھائی چاول کشتہ نقرہ ملا کر ایک ہفتہ استعمال کر کے چار یوم ناغہ کریں۔ اور بعد میں پھر ایک ہفتہ استعمال کریں۔ چہرے کا رنگ سرخ ہو جائے گا۔ بدن میں بے حد قوت پیدا ہو گی۔ اور تمام اعضائے رئیسہ قوی اور مضبوط ہو جائیں گے۔ (ف)

سفوف عفص: برائے سیلان الرحم بلکہ تمام امراضِ رحم کے

لیے خصوصیت سے مفید مجرب اور راقم کا معمول ہے۔ (صفت) صندل سفید، طباشیر، الگ گوند، مور چریں، کرکس، مازوئے سبز، ستاور، تج، ہابہ چینی، قند سفید ہم وزن کوٹ کر باریک سفوف بنائیں۔ خوراک ۴ ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی۔ (ن۔ ف)

حب ہیضہ: (صفت) کونپل برگ ارنڈ جس قدر ہوں اسی قدر شمار میں مرچ سیاہ ڈال کر گھوٹ کر سایہ میں خشک کر لیں۔ اور نخودی گولیاں بنا کر رکھیں بوقتِ ضرورت ایک گولی پتھر پر باریک پیس کر پانی میں ٹھنڈائی بنا کر چھان کر مریض کو گھنٹہ گھنٹہ بعد دیں۔ حتی کہ قے اور دست بند ہو کر پیشاب جاری ہو جائے۔

نسخہ سوزاک یک روزہ: عرصہ چودہ سال سے معمولِ مطب ہے۔ اور سو فیصدی کامیاب ہے۔ سوزش بول، درد، حدت کو ایک دن میں رفع کرتا ہے۔ (صفت) شراب برانڈی، روغن زرد گاؤ خالص، شکر سرخ ہر ایک دو تولہ خوب مخلوط کر کے بوقتِ خواب کھائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ صبح نمایاں اثر کرے گا۔

حکیم ابوالشفا شیخ خلیل الحق صاحب لسان مرحوم بمبئی

کشتہ زمرد: برائے کثرتِ بول، ذیابیطس، ضعفِ قلب و گردہ وغیرہ خاندانِ شریفی کا یہ نسخہ میرے معمولات میں … داخل ہے۔ فوائد کے لحاظ سے بے نظیر ہے۔ (صفت) زمرد ایک تولہ کو عرق گلاب میں چار پہر کھرل کریں۔ ایک سکورہ گلی میں نصف حصہ تک مغز گھیکوار میں بھر کر اوپر زمرد رکھ دیں۔ اور باقی نصف حصہ بھی مغز گھیکوار سے پر کر دیں۔ اور دوسرا سکورہ اوپر جوڑ کر گل حکمت کر کے خشک ہونے پر بارہ سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔ عمدہ کشتہ تیار ہو گا۔ خوراک ۲ چاول تنہا یا مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ (ف۔ ث)

برائے خارش: (صفت) عرق لیموں کاغذی، عرق گلاب خالص روغن چنبیلی ہر ایک دس تولہ، توتیائے سبز بریاں ۳ ماشہ، گندھک زرد ایک تولہ کا سفوف بنا کر حل کر لیں۔ روزانہ صبح بعد از غسل بدن پر مالش کرایا کریں خشک و تر خارش کو ایک ہفتہ میں صحت ہو جاتی ہے۔ (ف)

تریاق عقرب: (صفت) ہینگ، عاقرقرحا، پکھان بید، مرچ سیاہ، کلونجی، جند بیدستر، تلسی کے بیج، بھنگ کے بیج، حب الغار، زراوند مدحرج، یاطولی، زنجبیل، قسط تلخ۔ جملہ ادویہ برابر وزن کا سفوف کریں اور خالص شہد کے قوام میں جوارش تیار کر لیں۔ چند بار آزمائش کا اتفاق ہوا ہے۔ میرے تجربہ میں بچھو کے علاوہ سگ گزیدہ کو بھی نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔

سفوف سوزاک مرکب: (صفت) مغز تخم خیارین، مغز تخم کدوئے شیریں، تخم سرمق (بتھوا)، تخم خربزہ، اجوائن خراسانی، تخم کاہو، تخم کشنیز مقشر، تخم خطمی، کتیرا بریاں، صمغ عربی بریاں، صمغ ڈھاک بریاں، اصل السوس مقشر، تخم خشخاش ہر ایک دو تولہ، سنگ سرمہ سیاہ، ست سلاجیت، ست بہروزہ، دم الاخوین، نبسلوچن، ست لوبان، سنگ جراحت ہر ایک ایک ماشہ۔ جملہ ادویہ کا باریک سفوف بنا لیں۔ اور ان کے وزن کے برابر نبات سفید شامل کر لیں۔ اور ۹ ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت بزوری بارد استعمال کریں۔ بشرطِ پرہیز ایک ماہ کے استعمال سے پرانے سے پرانا سوزاک و قرحہ مندمل ہو جاتا ہے۔ سینکڑوں مریضوں پر آزمودہ ہے۔ (ن۔ ف)

سفوف مسہل: نہایت قابلِ اعتماد اور بے ضرر نسخہ ہے۔ (صفت) حب النیل یعنی کالا دانہ مدبر ۴ ماشہ، عصارہ ریوند ایک ماشہ، زنجبیل دو ماشہ کا سفوف بنا کر ایک تولہ گلقند میں ملا کر عرق گلاب بارہ تولہ کے ہمراہ دیں۔ ضعیف معدہ والوں کو کم مقدار میں دیں۔ (ف)

سرمہ مقوی البصر: (صفت) سرمہ اصفہانی ۳ تولہ، قرنفل و ماز ۳ عدد، عرق برگ تر ہندی، عرق برگ کپاس، عرق برگ انبہ، عرق برگ سرس، عرق برگ کیلہ، عرق برگ نیب، عرق برگ جامن، عرق گلاب، عرق بادیان ہر ایک ۶ ماشہ۔ سرمہ کو قرنفل سمیت تین یوم تک عرقیات میں کھرل کریں۔ اور بوقتِ ضرورت استعمال کریں۔ ضعف البصر، جالا، ناخونہ اور ڈھلکا وغیرہ میں مفید ہے۔

حب سرفہ بلغمی: (صفت) پوست انار ۲ تولہ، دار فلفل ایک تولہ، فلفل گرد ۶ ماشہ، قند سیاہ کہنہ ۴ ماشہ کوٹ کر حب نخودی بنا لیں۔ اور ایک گولی چوسیں۔

حب دافع تپ: کہنہ بخاروں کو مفید اور خصوصاً تپ بلغمی کے لئے اکسیر اور مجرب ہیں۔ (صفت) مغز کرنجوہ، فلفل دراز ہر ایک ۴ تولہ، برگ مغیلان در سایہ خشک کردہ ۲ تولہ، شب یمانی بریاں دو تولہ، زیرہ سفید، کشتہ گئودنتی بذریعہ برگ نیم کشتہ کردہ ہر ایک ایک تولہ۔ جملہ ادویہ کوٹ کر حبوب نخودی بنا لیں۔ خوراک ایک تا دو گولی ہمراہ بدرقہ مناسب۔

مسہل عجیب: کئی بار کا آزمودہ و مجرب ہے۔ (صفت) تھوہر غیر خاردار جو بطور پھلی نظر آتی ہے کہ اس کے دودھ کی ہی کی ڈالی سے اٹھ دس پاپڑ پر لکیر کھینچیں اور پاپڑ کو آگ پر سینک کر کھا لیں۔ پاپڑ پر جتنی لکیریں کھینچی جائیں گی۔ اسی قدر اسہال ہوں گے۔ کوئی تکلیف محسوس نہ ہوگی

نسخہ طحال: (صفت) چونا اور نوشادر ہم وزن رات کو چینی کے برتن میں چھڑک کر رکھیں۔ صبح تیل ہو جائے گا۔ ایک قطرہ بتاشہ میں کھائیں۔

برائے ہیضہ: (صفت) برگ نیم، برگ بیل، برگ املی، برگ جامن، مرچ سیاہ ...... ہر ایک تین عدد، نمک سیاہ ۳ ماشہ، سب کو خوب باریک پیس کر پانی میں گھول کر چھان کر تھوڑا تھوڑا یا اکٹھا مریض کو پلا دیں۔ جب تک صحت نہ ہو روزانہ پلائیں۔

گندھک رس: گندھک مصفیٰ، پارہ مصفیٰ، ناگرموتھا، موچرس، اندر جو شیریں مقشر، لودھ پٹھانی، اگل دھا، افیون، کرم کلہ، بلکٹھ ہر ایک ایک تولہ۔ اول تین گھنٹہ پارہ اور گندھک کو کھرل کر کے کجلی بنائیں۔ جب کاجل کی طرح ہو جائے تو باقی ادویہ غبار کی طرح پیس کر شامل کریں اور ایک گھنٹہ تک کھرل کریں۔ مریض پیچش اور مروڑ کو تین رتی یا ایک ماشہ ہمراہ آبِ انار روانہ دیں۔ پہلی یا دوسری خوراک میں پیچش و اسہال دور ہو جائیں گے۔ اگر سوتی ہو تو فی خوراک ۴ رتی مصطگی رومی شامل کر کے دیں۔ یہ دوا ہیضہ کے اسہال وقے کو بھی روکنے میں اکسیر ہے۔ سنگرہنی کے ازالہ کے لیے بے نظیر ہے لیکن اگر زحیر اور اسہال شدید ہوں تو شدت دور کرنے سے پیشتر یہ دوا نہ دیں۔ (ف)

کشتہ ہڑتال ورقی: راکھ پوست پیپل دو سیر کو شیر مدار میں تر کر کے بھگو کر ہڑتال ورقی ۲ تولہ کو درمیان میں رکھ کر گل حکمت کریں۔ اور اتنی آنچ دیں کہ راکھ بالکل خشک ہو جائے۔ عمدہ کشتہ ہوگا۔ میرا مجرب ہے۔ (ف)

برائے حمی لثقہ: (شربت) تخم خرفہ، تخم کشوث، انیسون، بادیان، سورنجان شیریں ہر ایک دو تولہ، کاسنی، بیخ کاسنی، بیخ خرفہ، بیخ بادیان ہر ایک ۳ تولہ، چینی اور شہد ہر ایک ایک پاؤ۔ شربت بنا لیں۔

(عرق) ۔ کاسنی ایک پاؤ، پودینہ، مکوہ خشک ہر ایک نصف پاؤ، اجوائن، افسنتین، رب گلو ہر ایک ایک چھٹانک، سنبل الطیب، اذخر ہر ایک نصف چھٹانک، سورنجان شیریں ایک تولہ، ان سب دواؤں سے ڈھائی سیر عرق حاصل کریں۔ خوراک ۲ تولہ شربت، دس تولہ عرق۔

برائے وجع المفاصل: (صفت) اول دس تولہ بچ کو کوٹ کر آدھ سیر چونہ ملا کر دو سیر پانی ڈال دیں۔ پھر اس کا جوش ٹھنڈا ہونے کے بعد اسے تھوڑا سا جوش دے لیں۔ اور دن میں دو تین بار ہلا دیا کریں۔ ۲۴ گھنٹوں بعد زلال لے کر اس قدر پکائیں کہ شہد کی مانند گاڑھا ہو جائے۔ اسے الگ رکھ لیں۔ اب سیماب، گندھک آملہ سار، شیر کتھ ہر ایک ۲ تولہ، ہڑتال ورقی ایک تولہ، نوشادر ... ہو تو بہتر ورنہ معمولی ۶ ماشہ، سہاگہ ۶ ماشہ، کافور ایک ماشہ۔ پہلے پارہ اور گندھک کی کجلی کریں۔ پھر زرنیخ، نوشادر، سہاگہ، کافور ملا کر خوب رگڑیں۔ اور محلول بچ جو پہلے تیار کیا گیا تھا اس قدر شامل کریں کہ ادویہ

تر ہو جائیں۔ اور تین گھنٹہ تک خوب کھرل کریں۔ اسی طرح روزانہ تین تین گھنٹے کھرل کر کے اس کی گولیاں دانہ گندم کے برابر بنا کر خوب خشک کر لیں۔ ان گولیوں کو آتشی شیشی میں ڈال کر بطریق پتال جنتر تیل کشید کر لیں۔ جو سرخ رنگ کا ہوگا اسے مضبوط ڈاٹ والی شیشی میں محفوظ کر لیں۔ بوقتِ ضرورت کشمش کو چیر کر ایک تنکہ بقدر دانہ تل روغن مذکورہ سے کر کشمش میں لگا کر بند کر کے سویرے کھائیں۔ اور ایک تولہ روغن میں یہ دوا تقریباً ۶ رتی ملا کر مقام درد پر مالش کریں لیکن یہ یاد رہے کہ بوقت پتال جنتر ایک ایک گولی کے ہمراہ کنکر کی بھی ایک ایک صاف ڈلی ڈالنا چاہیئے۔ اس سے تیل کافی مقدار میں نکل آتا ہے۔ اگر کنکر نہ ڈالے جائیں تو گولیاں بوجہ حرارت ایک ڈلا سا بن جاتی ہیں۔ اور تیل کم مقدار میں برآمد ہوتا ہے۔

وجع المفاصل (گنٹھیا) کے لیے نہایت مفید ہے تین سے چھ خوراک تک فائدہ ہو جاتا ہے۔ میرا ذاتی تجربہ ہے کہ ۶ - ۶ سال کے پرانے مریض اس کے استعمال سے کلی شفا حاصل کر چکے ہیں۔ انہیں بھی ۶ خوراک سے زائد استعمال کرانے کی نوبت نہیں آئی تھی۔ نیز یہ روغن دمہ، ناردا، سوزاک، آتشک، خارش اور سوءِ ہضم میں بھی عمدہ کام دیتا ہے۔ اگر عمدہ بن جائے تو مس و نقرہ کو قابل حملان بنا دیتا ہے۔ (ن - ف)

برائے بواسیر خونی: (صفت) چاکسو بیس تولہ، شیر گاؤ ڈیڑھ سیر، پانی آدھ سیر، دودھ اور پانی دیگچی میں ڈال کر چاکسو کو ململ کی پوٹلی میں باندھ کر دیگچی کے درمیان میں لٹکا دیں۔ پوٹلی تہ کو نہ لگے۔ جب دودھ کم ہونے لگے تو پوٹلی کو ذرا اور ڈبو دیں۔ یہاں تک کہ تمام دودھ جذب ہو جائے۔ پھر پوٹلی کو کسی کھلے برتن میں کھول کر چاکسو کو چھ سات مرتبہ پانی سے دھو کر صاف کر لیں تاکہ دودھ کا اثر زائل ہو کر صاف پانی آنے لگے۔ اس کے بعد چاکسو کو مقشر کر لیں۔ اور اس کا مغز ہاتھ سے نکال کر سایہ میں خشک کریں۔ اس کے بعد پیس لیں اور ایک سے دو ماشہ دودھ کے ہمراہ اکیس یوم تک کھائیں۔

بواسیر خونی، سیلان الرحم، رقت و سرعت کے لیے یہ دوا بے حد مفید ہے میں خود بواسیر کا مریض تھا اسی دوا سے صحت حاصل کی ہے۔ گزشتہ دو سال سے بالکل صحت مند ہوں۔ (ن - ف)

عقد سیماب: (صفت) پارہ مصفیٰ ۵ تولہ کو آب آکیا بوٹی (لٹوکڑی، جل دھنیا) میں ۴ پہر کھرل کریں۔ عرق تازہ حسب ضرورت ڈالتے جائیں۔ انشاء اللہ مسکہ ہو جائے گا۔ پھر دھاوے پتوں سیر کے لے کر کاواک کر کے چینی کی ۲ تولہ کا فرش کر کے مسکہ رکھ کر دو تولہ چینی کھار کا لحاف دے کر اور ولیوں کا منہ مطبق کر کے گوبر سے بند کر دیں۔ اور محفوظ الہوا مقام پر آگ دیں۔ منعقد

اور قائم النار ہوگا۔ راقم نے مسکہ تک پہنچایا نہ کھانے کی نوبت نہیں آئی تھی۔

حب سیماب: بذریعہ کشتہ نقرہ جو پارہ تولہ پارہ کو باندھتا ہے۔ راقم کا مجرب ہے۔ (صفت) ایک تولہ نقرہ کا پترہ ایک انچ چوڑا بنائیں اور اسے آب برگ مدار میں ایک دن بجھاویں۔ ڈیڑھ پاؤ فندق ہندی معہ تخم و پوست کوٹ کر نغدہ بنالیں۔ درمیان میں پترہ رکھ کر ڈیڑھ پاؤ چیتھڑے لپیٹ کر ہوا سے بچاکر آگ دیں۔ اگر ایک آنچ میں نہ ہو تو بدستور فندق ہندی میں دوسری آنچ دیں۔ پھر پارہ تولہ پارہ کے ہمراہ کھرل کریں۔ اور تھوڑے تھوڑے آب لیموں بھی ڈالتے جائیں۔ ایک گھنٹہ کھرل کرنے سے پختہ گولی بن جائے گی۔ ممسک بھی ہے۔ خواہ دودھ میں جوش دے کر پئیں خواہ منہ میں رکھے رکھیں۔ آگے نشست بھی کھا سکتا ہے۔ جیسے معلوم ہو عمل کرے۔

برائے عظم طحال: مغز گھیکوار ایک سیر، ادرک آدھ سیر، پوست ہلیلہ، زنجبیل، فلفل گرد، آملہ، برادہ آہن، پیپل ہر ایک ڈھائی تولہ، قند سیاہ ایک سیر۔

ترکیب: قند سیاہ کو دو سیر پانی میں گھول کر شربت بنالیں۔ اور تمام اجزاء اس میں ملاکر ایک چکنے گلی برتن میں بند کرکے گل حکمت کریں۔ ایک گڑھے میں ایک من گھوڑے کی لید نیچے اوپر دے کر دبائیں۔ دو ہفتے بعد نکال کر عرق کشید کریں۔

خوراک: ۲ تولہ تا ۴ تولہ ہمراہ شربت بزوری۔ عظم طحال کے لیے میرا ذاتی تجربہ شدہ اور نہایت مفید و کامیاب ہے بشرطیکہ ایک حاذق طبیب حسب موقع استعمال کرائے۔

برائے بھگندر: (صفت) کشتہ طلاء ۴ ماشہ، کشتہ سونا مکھی ۳ ماشہ، کشتہ فولاد ۲ تولہ، گندھک آملہ سار، چھال چمپا، ناگرموتھا، فلفل سیاہ، فلفل دراز، پوست آملہ، پوست ہلیلہ، پوست بلیلہ، سونٹھ ہر ایک ۳ ماشہ، باؤبڑنگ ۴ ماشہ، تخم انکول، بہارنگی، کاکولی، چھال ریٹھا، اسرنج ہر ایک ۵ ماشہ، بھنگ، نیم ۶ ماشہ، دیودار، تخم اندرائن ہر ایک ۷ ماشہ، کھیر سار، موساکنی ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب کشتہ طلاء: (صفت) برادہ طلاء ۵ ماشہ، عرق کٹائی خورد ۵ تولہ میں کھرل کریں۔ خشک ہونے پر ٹکیہ بنالیں اور ایک سکورہ گلی میں رکھ کر بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ عرق کٹائی خورد میں یہ عمل پانچ مرتبہ کریں۔ کشتہ تیار رہے۔

ترکیب کشتہ سونا مکھی: (صفت) سونا مکھی، گندھک ہر ایک ۳ ماشہ خوب کھرل کریں۔ پھر روغن بیضہ ملاکر قرص بنالیں اور اسی ترکیب سے چار پانچ مرتبہ گجپٹ کی آنچ دیں۔ کشتہ تیار ہوگا۔

ترکیب کشتہ فولاد: (صفت) برادہ فولاد اصلی ۳ تولہ آب برگ جامن ۱۰ تولہ میں کھرل کریں۔ خشک ہونے پر ۳ سیر کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر آب انار ۱۵ تولہ میں اتنی ہی آگ دیں۔ تیسری مرتبہ بھی آب انار میں کھرل کرکے آگ دیں۔ کشتہ تیار ہوگا۔

بھگندر کے لیے بہت مفید ہے۔ برادر بزرگ کو دو سال سے یہ تکلیف تھی اور تقریباً لا علاج سمجھا جاتا تھا۔ ایک فقیر نے جب حالات سنے تو اس نے مہربانی سے یہ نسخہ مرحمت فرمایا۔ اس کے استعمال سے برادر بزرگ کو تین ہفتہ میں کلی صحت ہوگئی۔

کشتہ تانبہ: (صفت) تانبہ خالص نہایت باریک پترے بنا کر سات سات مرتبہ علی الترتیب لبن گاؤ، دوغ ترش (کھٹی دہی)، جوشاندہ ترپھلہ، جوشاندہ کلتھی اور روغن کنجد میں بجھاویں۔ اس سے تانبہ صاف ہوجائے گا۔ پھر پیپل کے بور کے شیرہ میں ان مصفی پتروں کو اکیس مرتبہ بجھاویں۔ پھر پیپل کا بور کوٹ کر آدھ سیر کی دو ٹکیہ بنا کر ان پتروں کو درمیان میں رکھ کر اور باقی ماندہ شیرہ جو بجھاتے وقت بچ گیا ہو داخل کرکے ان ٹکیوں کو بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ سرخ رنگ کا کشتہ برآمد ہوگا جو آسانی سے پس جائے گا۔ اور دہی پر ڈالنے سے زنگار نہیں دے گا۔

فوائد: جمیع امراض باردہ کو مفید اور ضعف باہ کے لئے بے نظیر ہے۔ نصف چاول تا ایک چاول حسب برداشت موسم سرما میں۔ (ن-ف)

حب فواق: (صفت) زرنباد ۲ تولہ، مصطگی رومی، عود غرقی ہر ایک ایک تولہ باریک پیس کر عرق گلاب میں سحق کرکے نخودی گولیاں بنالیں۔ دو دو گولیاں آب تازہ یا عرق الائچی دس تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

طلاء بے نظیر: (صفت) سیماب، سنبل، عودسک ہم وزن زردی بیضہ مرغ میں حل کرکے گولیاں تیار کرلیں۔ اور بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں۔ کجی، کوتاہی، ناہمواری اور لاغری کے لئے واقعی بے نظیر ہے۔ مخلوق کے لئے لاجواب ہے۔ (یہ نسخہ مفتاح الخزائن میں بھی درج ہے)۔ میں کئی بار تجربہ کرچکا ہوں۔

ناخونہ کے لئے: سمندر جھاگ اور مصری ہم وزن پیس کر بطور سرمہ لگائیں۔ میرا ذاتی تجربہ شدہ نہایت زود اثر و مفید ہے۔

برائے کھانسی و ضیق النفس: (صفت) ناگر موتھا، سونٹھ، ہلیلہ زرد ہم وزن کا سفوف بنا کر دو چند قند سیاہ ملاکر نخودی گولیاں بنالیں۔ دن میں تین گولیاں منہ میں رکھ کر چوسنے سے کھانسی اور دمہ شرطیہ دور ہوجاتے ہیں۔ (ن-ن)

حب زعفرانی: (صفت) کچلہ مدبر، زعفران، فلفل سفید ہر ایک ۶ ماشہ، عرق سونف آدھ سیر میں اس قدر کھرل کریں کہ گولیاں بنانے کے قابل ہو جائے تو دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنا کر ورق نقرہ چڑھادیں۔ ایک گولی صبح، دوپہر، شام ہمراہ دودھ گائے استعمال کریں۔ درد کمر کے لئے اکسیر صفت ہے۔

اکسیر قلب: برگ گاؤزبان تازہ مقشر ۵ تولہ، طباشیر کبود ایک تولہ،

غبار کی مانند پیس لیں۔ خوراک: ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی یا شربت صندل۔ دماغ کی تقویت کے لئے اس سے بہتر اور کم قیمت نسخہ کوئی نہیں۔ نہایت زود اثر ہے۔ (ف)

برائے استحاضہ: (صفت) خاکستر لیشک ہوش ۳ ماشہ شکر سفید ۴ ماشہ پیس لیں۔ اور نہار منہ صبح ۲ ماشہ ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔

برائے نزلہ دائمی: چند روز استعمال کرنے سے نزلہ کا ہمیشہ کے لیے قلع قمع کرتا ہے۔ سفر و حضر میں کبھی ان کا استعمال مفید رہتا ہے۔ (صفت) زعفران افیون، مغز بادام شیریں، مغز کدوئے شیریں، مغز تربوز، اندر جو شیریں، حب الآس، جوز بوا، صبر زرد ہر ایک ہم وزن کوٹ چھان کر نخودی گولیاں بنا لیں۔ خوراک: ایک گولی صبح ۔ ایک شام ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔ بادی، ثقیل، دیر ہضم اور مرطوب اشیاء سے پرہیز کریں۔ (ن۔ ف)

حب جواہر: (صفت) ست سلاجیت، مروارید ناسفتہ، مشک خالص، عنبر، زعفران، ورق طلاء، ورق نقرہ، ابریشم خام مقرض ہم وزن سرمہ کی طرح باریک پیس کر شہد کی مدد سے دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنا لیں۔ خوراک ایک گولی بوقت خواب۔

دیگر: (صفت) مروارید ناسفتہ، ورق نقرہ ہر ایک ۱۲ ماشہ، ورق طلاء، یاقوت سرخ، یاقوت زرد، فیروزہ اصلی ہر ایک ۴ ماشہ، بیخ مرجان ۵ ماشہ، یشب سبز، عقیق سرخ ہر ایک ۳ ماشہ، نارجیل بحری، زعفران ہر ایک ۲ ماشہ، زہر مہرہ خطائی ۷ ماشہ، سب کو عرق گلاب میں خوب کھرل کریں اور حبوب نخودی بنا لیں جس قدر کھرل کریں گے اسی قدر قوی ہوں گی۔ خوراک: ایک گولی بوقت خواب ہمراہ شیر نیم گرم۔

اسہال اطفال: اس کے استعمال سے دست بند ہو کر معدہ قوی ہو جائے گا۔ (صفت) بادیان بریاں، زرورد، طباشیر، اگر دسماق بریاں، نمک لاہوری، الائچی سفید، زیرہ سفید بریاں، نرکچور۔ کوٹ کر باریک سفوف بنا لیں۔ اور دن میں دو تین بار بچے کو چٹا دیا کریں۔

دیگر: (صفت) مصطگی، طباشیر، بادرنجبویہ، بادکھنبہ، بادیان، مکوئے خشک، زرنباد، زرورد، گل سرخ، الائچی خورد ہم وزن کوٹ چھان کر ایک ماشہ صبح پانی میں گھول کر چند روز دیں۔ اگر قبض مطلوب نہ ہو تو مصطگی اور طباشیر شامل نہ کریں۔

جناب حکیم سلطان بخش صاحب مرحوم ہوشیارپور

کشتہ شنگرف: ایک پیاز لہسن کوٹ کر کے ایک آبخورے میں اس کا فرش لحاف دے کر درمیان میں ایک تولہ شنگرف کی ڈلی درمیان میں رکھ کر نرم آنچ پر پکائیں۔ جب لہسن سرخ ہو جائے تو آگ بند کر دیں۔ اور رات بھر پڑا رہنے دیں صبح سرد ہونے پر دوبارہ یہی عمل کریں۔ یہ عمل اکتالیس بار کریں۔ کشتہ ہو گا۔

فوائد: صرع کے لئے نہایت مفید ہے۔ تین روز کا وقفہ دے کر ایک سے تین چاول تک مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔ اسی طرح برگ تنبول میں ایک چاول کھانا مشتہی اور مقوی ہے، غذا نان، گندم اور پیاز جس میں روغن زرد کافی ڈالا گیا ہو۔ بارد المزاج سردیوں میں استعمال کریں۔ (ن)

کشتہ طلاء: عجیب و غریب نسخہ ہے۔ مقوی اعضائے رئیسہ و شریفہ، تمام اعضائے بدن و قوائے جسمانیہ و نظام عصبیہ، نہایت لطیف واسطے اعادہ قوائے مسلوبہ کے چند روز دے کے قریب قریب، قوت باہ کے لئے کشتہ سم الفار کے ہمراہ ایک عجیب و غریب نعمت غیر مترقبہ ہے۔ ہوالشافی۔ ورق طلاء، سیماب مصفی ہر ایک ۴ تولہ۔ اول دونوں کو کھرل خشک کریں پھر سو عدد آب لیموں کاغذی تھوڑا تھوڑا ڈال کر بذریعہ کھرل جذب کرائیں۔ جذب ہونے پر گندھک آملہ سار ۵ تولہ ڈال کر آب لیموں کاغذی پچاس عدد میں اسی طرح کھرل کریں۔ جب غلولہ بن جائے تو دو پیالوں میں بند کر کے گل حکمت کریں۔ اور ہوا سے محفوظ مقام پر تین سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر باہر نکال کر گندھک آملہ سار ۵ تولہ اور پچاس عدد آب لیموں کاغذی میں بدستور کھرل کر کے حسب طریقہ سابق آنچ دیں۔ کل چودہ مرتبہ اسی طریقہ پر آنچ دیں۔ اکسیر اعظم تیار ہو گا۔ محل استعمال کو ملحوظ خاطر رکھ کر برتنا آپ کی حذاقت پر منحصر ہے۔

حب عجیب: مقوی قوائے جسمانیہ و باہ و اعضائے رئیسہ و ہاضمہ۔ اسرار ی اور صدری حقیقتاً نعمت غیر مترقبہ ہے۔ ہوالشافی۔ سم الفار سفید مدبر، ورق طلاء، عنبر اشہب ہر ایک تین ماشہ، مشک خالص، مروارید ہر ایک ڈیڑھ ماشہ، بھنگوری کشتہ دو تولہ، زعفران دو تولہ۔ جملہ ادویہ باریک کر کے دو تولہ روح گلاب خالص کھرل کر کے تقریباً دو سو گولیاں بنا لیں۔ خوراک ایک گولی صبح و شام بعد از طعام خالی معدہ کی حالت میں استعمال نہ کریں۔ (ن)

تدبیر سم الفار: سم الفار کے ریزے ریزے کر کے ایک پوٹلی میں باندھ کر درخت کیلا کی جڑ میں سورج نکلنے سے پیشتر رکھ کر سوراخ بند کر دیں۔ اسی طرح ہر تیسرے روز قبل از طلوع آفتاب نئے درخت کی جڑ میں رکھ دیں۔ چالیس روز مکمل ہونے پر کل تیرہ درختوں کی جڑوں میں دبائیں۔ پھر نکال کر ایک ہفتہ پوٹلی آب لیموں کاغذی میں معلق رکھیں۔ اس طرح سم الفار مدبر ہو جائے گا۔ نسخہ بالا میں شامل کر لیں۔ اگر گولیوں کے استعمال سے گرمی ہو تو دو بتاشوں میں روغن بادام بھر کر کھلائیے۔

مسہل طلسمی: میرا ذاتی تجربہ شدہ اور نایاب نسخہ ہے۔ ایک عدد ہلیلہ کابلی کلاں (کافی بڑا)، تازہ حنظل میں چوکور شگاف دے کر ٹکڑا نکال لیں۔ ہلیلہ اس میں

مچھر کر حنظل کو اسی ٹکڑے سے بند کر دیں۔ اور سایہ میں خشک کر لیں۔ یہ عمل ۲۵ عدد پھل اندرائن میں کریں۔ بس مسہل تیار ہے۔ جس کو مسہل دینا ہو گرم پانی سے ہاتھ دھلوا کر ہلیلہ ہاتھ میں دے کر مٹھی بھینچ دیں اور تھوڑا سا گرم پانی پلا دیں۔ پندرہ بیس منٹ میں اسہال شروع ہوں گے۔ جب بند کرنا مقصود ہو تو چند گھونٹ سرد پانی کے پلا دیں۔

حب ملیریا: (صفت) پھٹکڑی بریاں، سہاگہ بریاں، نمک لاہوری، اجوائن خراسانی ہم وزن لے کر برگ دھتورہ سبز کے دو چند عرق میں کھرل کریں۔ اور نخودی گولیاں بنا لیں۔ ایک تا دو گولی آب نیم گرم سے دیں۔ لرزہ اور تپ کو روکنے کے لیے اکسیر الاثر اور کونین سے بہتر ہے۔ (ف)

برائے پھولا چشم: بارہ بنگن (بھانٹھ بینگن) کی جڑ عرق گلاب میں کھرل کر کے گولیاں بنا لیں۔ وقت ضرورت گلاب میں گھس کر آنکھوں میں لگائیں۔

برائے بواسیر خونی: (صفت) سم الفار ایک رتی، رسونت، کاتھ سفید ہر ایک تیس رتی کی ساٹھ گولیاں بنا لیں۔ خوراک دو گولی صبح و شام ہمراہ پانی

ناف ٹلنا: سینکڑوں افراد اس سے فائدہ اٹھا چکے ہیں۔ (صفت) چھال سینبھل، پوست بیخ آک، پوست بیخ اسگندھ، بیخ پھلی کٹیلی ہر ایک دو تولہ ہمراہ شیر گوسفند پیس پکا کر چار یوم متواتر لیپ کریں۔

ورم رحم: جن عورتوں کو ورم رحم کی شکایت ہو، ایام میں بے قاعدگی اور ناف ٹل جاتی ہو ان کے لئے عجیب تحفہ ہے۔ بالچھڑ، نانخواہ، تخم بابونہ، برگ پان، چھال سینبھل، پوست بیخ آک، پوست بیخ اسگند، بیخ پھل کٹیلی، ہر ایک ایک تولہ، عرق مکوئے سبز میں پیس اور پکا کر شکم پر لیپ کریں۔

برائے حبس خون بواسیری و اسہال: تخم کنگھی دو تولہ نہایت باریک پیس کر تین تولہ شکر سفید کا اضافہ کر لیں۔ خوراک: ۶ ماشہ ہمراہ پنیر گاؤ یا مسکہ گاؤ دو تولہ۔

مقوی، مغلظ، مولد، دافع بند کشاد: (صفت) آملہ مقشر، سنگھاڑا خشک، گوند ڈھاک، مصطگی، دارچینی، موصلی سنبھل تازہ، موصلی سیاہ، تالمکھانہ، دانہ الائچی خورد، طباشیر، لودھ پٹھانی، کچھالا بید ہر ایک دو تولہ، شکر سفید، ہم وزن کل ادویہ۔ جملہ ادویہ نہایت باریک پیس کر شکر باریک کر کے ملائیں۔ اولاً تین روز کے لئے اناج میں دفن کر دیں۔ کف دست شیر گاؤ کے ہمراہ استعمال کر کے قدرت کا تماشہ دیکھیں۔ (ن۔ف)

حب مقوی: (صفت) مشک خالص، رتی، جاوتری، خولنجان، درونج عقربی، جند بید ستر ہر ایک ایک ماشہ سب کو پیس کر شیر برگد یا شہد کے ہمراہ بقدر دانہ مونگ گولیاں بنا لیں۔ خوراک: تین گولیاں ہمراہ دودھ۔ دل، اعصاب اور باہ میں مقوی ہیں۔ میں نے صرف ضعف باہ میں آزمایا۔ نہایت مفید و مجرب پایا۔ (ف)

کشتہ مرجان: مرجان ایک کو تین تولہ گائے کے مکھن میں ملا کر کوزہ گلی میں گل حکمت کریں۔ خشک ہونے پر بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں اور بدستور تین تولہ مکھن میں ملا کر حسب سابق آگ دیں۔ یہ عمل تین مرتبہ کریں۔ کشتہ تیار ہوگا۔ خوراک: ایک رتی ہمراہ مناسب بدرقہ بہترین مقوی دماغ ہے۔

برائے تپش: گلو اور سونٹھ کا جوشاندہ نہایت نفع بخش ہے۔ میں ہمیشہ اسے استعمال کرتا ہوں۔

برائے یرقان: (صفت) ہڑ، بہیڑہ، آملہ، برگ اڑوسہ، چرائتہ، کٹکی، دارہلدی، گلوئے خشک، کا جوشاندہ شہد آمیز اکسیر صفت ہے۔

کایا کلپ: ایک بزرگ کا عطیہ صدری اور اسراری نسخہ کایا کلپ اور درازی عمر کا ہے۔ اور اس کے اجزاء آسانی سے دستیاب ہو جاتے ہیں۔ بیل کا درخت جب پھلے تو نظر رکھیں پھل پختہ ہو کر گرنے لگیں گے جب سب پھل گر جائیں تو بدقسمتی ورنہ کبھی کبھی کسی درخت میں کوئی بیل لگا رہ جاتا ہے۔ اور نئی فصل کی آمد پر از سر نو سبز ہو جاتا ہے۔ اس پر شناختی نشان لگا کر نگرانی کریں۔ اسی طرح سال بھر کے بعد پختہ ہو کر خود بخود گر جائے گا۔ اس کو اگر کھا لیا جائے تو اصلی مقصود حاصل ہوگا انشاء اللہ۔

نفث الدم کثرت طمث: مرمکی ۴ ماشہ خوب باریک پیس کر بیضہ نیم برشت میں رکھ کر کھلائیں۔ انشاء اللہ شکایت رفع ہوگی۔ میرا ذاتی تجربہ شدہ ہے۔ (ن)

بواسیر: گندہ بہروزہ خشک ۴ ماشہ ہمراہ آب قلیل روز بلاناغہ دینے سے انشاء اللہ تکلیف دور ہوگی۔ اور بواسیر عود نہیں کرے گی۔

وجع المفاصل ریحی: مینگیں گاؤ (گوبر) حسب ضرورت مقام درد پر لیپ کر کے کچھ دیر کے لئے دھوپ میں بیٹھیں اور گرم پانی سے دھو ڈالیں درد دور ہوگا۔

زحیر صادق: پوست درخت اندر جو ۴ تولہ کا نیم پاؤ پانی میں شیرہ نکال کر پی لیں۔ بارہا کا مجرب ہے۔

سرمہ محافظ چشم: تالمکھانہ مانند غبار پیس کر نقرئی سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔ فانہ من الاسرار المخزونہ۔

سرفہ رطوبی: گل بنفشہ ایک تولہ، آب ادرک ۲ تولہ میں حل کر کے نخودی گولیاں بنا لیں۔ اور ایک گولی چوسنے دیں۔ باذن اللہ فوراً سکون ہوگا۔

بریح البواسیر: اندرجو شیریں کوٹ کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا لیں۔ نفخ، درد ریحی اور ریاحِ غلیظ کے لیے عرق بادیان کے ہمراہ ایک گولی کھا لیا کریں۔

اکسیر عصابہ و شقیقہ: اسطوخودوس، کشنیز خشک ۲ تولہ، فلفل سیاہ چالیس عدد، فلفل سفید بائیس عدد باریک سفوف بنا لیں۔ خوراک ۶ ماشہ ہمراہ پانی قبل از طلوعِ آفتاب۔

برائے تپ بخاری و حمی تحصیبہ: خانہ عنکبوت قندِ سیاہ میں ملفوف کر کے نوبت سے پہلے کھلائیں۔ حکماً بخار رک جائے گا۔ سو فی صدی کا مجرب ہے۔

اکسیر حمی لرزہ: مغز کرنجوہ ایک تولہ، کونین سلفاس ایک ماشہ، ست گلو نو ماشہ، فلفل سیاہ، سفوف برگِ نیم ہر ایک ماشہ۔ جملہ ادویہ پیس کر آبِ رسوت میں گوندھ کر حبوب نخودی بنا لیں اور تپ لرزہ، ملیریا وغیرہ میں ہمراہ مناسب بدرقہ بعد از استفراغ دیں۔

طلائے مشکی: (صفت) مشک خالص ۲ رتی، جندبیدستر، حلتیت خالص، فلفل سیاہ ہر ایک ۵ ماشہ، مغز بنبہ دانہ ۷ ماشہ، جملہ ادویہ کوٹ چھان کر روغن چنبیلی میں حل کر کے رکھ لیں۔ دو رتی حشفہ اور سیون چھوڑ کر طلاء کر کے پان باندھیں شباب کی بے اعتدالیوں سے رونما تمام شکایات کا ازالہ کرتا ہے۔ مجرب راقم ہے۔

کشتہ مرجان: شاخ یا بیخ مرجان ۳ تولہ، برگ تنبول ۱۵ تولہ۔
پان کے پتوں کو کوٹ کر نغدہ بنا لیں۔ اور مرجان درمیان میں رکھ کر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے خشک ہونے پر ہوا سے محفوظ مقام پر بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں کشتہ تیار ہو گا خوراک: ایک رتی مکھن یا بالائی میں۔ دمہ، کھانسی، نوازل اور ضعف دماغ کے لیے مفید ہے۔ (ن)

سفوف اکسیر مردمی: جریان، سرعت، رقت، ضعفِ اعضائے رئیسہ و امراضِ عضوِ مخصوص کے لیے اکسیر ہے۔ مادۂ تولید غلیظ القوام ہو جاتا ہے اور مجلوق کے لیے بہترین اثرات کا حامل ہے۔ (صفت) گوند ڈھاک، صمغ عربی، پھلی ببول خورد خام، چھال کیکر، موصلی سفید، موصلی سیاہ، بیخ سنبھل، تالمکھانہ، اندرجو شیریں، بہمن سرخ، بہمن سفید ہر ایک دو تولہ، کشتہ قلعی دربھنگ ایک تولہ، نبات سفید ہم وزن کل ادویہ۔ خوراک: ۹ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ۔ (ن ن)

جوہر سیماب برائے قوتِ باہ: (صفت) سیماب، قلعی، نوشادر ہر ایک دس تولہ، شورہ بیس تولہ۔ سیماب و قلعی کو گلا کر گرہ کر کے جملہ ادویہ کو ایک ہفتہ خوب کھرل کریں۔ پھر بطریق معروف جوہر اڑا لیں۔ سرخ رنگ کا جوہر برآمد ہو گا۔ خوراک: ایک رتی ہمراہ مسکہ گاؤ تازہ تا ایک ہفتہ کافیست۔

حب سعال: (صفت) مغز تخم کدو، کتیرا، نشاستہ، اصل السوس مقشر، مغز تخم خیارین، مغز بادام مقشر، تخم خطمی، تخم خبازی ہر ایک ۷ ماشہ، صمغ عربی، تخم خرفہ مقشر، خشخاش سفید ہر ایک ۱۲ ماشہ کوٹ کر گولیاں بنا لیں۔ اگر نفث الدم کا خوف ہو تو کہربا ۱۴ ماشہ شامل کریں۔ ایک گولی منہ میں رکھ کر چوسیں۔

قرص طباشیر برائے مسلول: (صفت) مغز تخم پیٹھا، مغز کدوئے شیریں، مغز تخم تربوز، تخم خرفہ سیاہ ہر ایک ایک تولہ، تخم بارتنگ ۹ ماشہ، طباشیر ۶ ماشہ، خاکستر سرطان ۳ ماشہ، کافور قیصوری، جواہر مہرہ ہر ایک دو ماشہ، جملہ ادویہ پیس کر لعاب اسپغول کی مدد سے قرص بنا لیں۔ اور بقدر ۴ ماشہ شیربز کے ہمراہ استعمال کریں۔ اگر کھانسی اور نفث الدم کی شکایت ہو تو اس میں تخم خشخاش، دم الاخوین، کتیرا، گل ارمنی ہر ایک ۶ ماشہ کا اضافہ کریں۔

جواہر مہرہ: (صفت) فادزہر ۱۲ ماشہ، مروارید ناسفتہ، لاجورد مغسول، یاقوت سرخ، زمرد اخضر، زبرجد، نیلم، یشب سبز، عقیق سرخ، ورق نقرہ، مصطگی ہر ایک ۷ ماشہ، ورق طلاء، جدوار خطائی، نارجیل دریائی، عنبر، مشک، مومیائی اصلی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔ سب ادویہ کو ایک ایک کر کے عرق گلاب، عرق کیوڑہ ہر ایک ڈیڑھ سیر میں محلول کریں۔ اور باہم ملا کر خوب کھرل کریں۔

حبوب برائے دق: (صفت) چاولی کشنیز، چرائتہ، گل سرخ، طباشیر، دانہ الائچی خورد ہر ایک ایک تولہ، کافور، کونین ہر ایک ایک ماشہ سب کو پیس کر سرمہ کی مانند سفوف بنا لیں۔ اور شربت بنفشہ کی مدد سے مٹر کے دانے کے گولیاں تیار کر لیں۔ خوراک: ایک گولی صبح و شام ہمراہ شربت بنفشہ۔

لعوق سپستان: (صفت) گل بنفشہ، نیلوفر، بہیدانہ ہر ایک ایک تولہ، سپستان کوفتہ، کوکنار ہر ایک ۳ تولہ، عناب ڈیڑھ تولہ، اسطوخودوس، پرسیاؤشان، تخم حلبہ، تخم کتان، تخم ریحان، تخم خبازی ہر ایک ۶ ماشہ۔ سب دواؤں کو آدھ سیر کھولتے ہوئے پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح چھان کر صرف خیساندہ میں املتاس کا گودا ۲ تولہ حل کر کے دوبارہ لوہے یا پیتل کی چھلنی سے چھانیں اور سر جند چینی کا قوام بنا کر چٹنی تیار کر لیں۔ دن میں تین چار مرتبہ تھوڑی تھوڑی چاٹ لیا کریں۔ یہ چٹنی پھیپھڑے کی پیپ کو صاف کرتی اور تپ دق کے دوسرے درجہ تک مفید و مؤثر ہے۔ (ن۔ ف)

کشتہ مس: (صفت) گندل رائی ۵ سیر کا شیرہ نکال کر اس میں تانبہ کو کوئلوں کی آگ پر سرخ کر کے ۱۴ مرتبہ بجھا دیں۔ پھر رائی مذکورہ کے نغدہ میں ملفوف کر کے بیس سیر کنڈوں کی آگ دیں۔ تیسرے روز کھول کر نکالیں تانبہ شگفتہ برآمد ہو گا یہ کشتہ تانبہ ایک تولہ، مشک ۳ ماشہ، جدوار اصلی ۲ تولہ، قرنفل ۹ ماشہ سب کو خوب کھرل کریں تاکہ یک جان ہو جائیں۔ پھر تین گنا شہد میں مخلوط کر کے محفوظ کر لیں۔ خوراک

ایک تا ۲ رتی۔ مزمن بیماریوں میں بوقت جانکنی دے سکتے ہیں۔ ۵ منٹ میں بیمار کو توانا اور بات کے قابل بنا دیتا ہے۔

کشتہ نقرہ: (صفت) سم الفار ایک تولہ کو آب برگ گگر وندہ میں حل کر کے چاندی کے روپے پر لیپ کریں پھر ۹ تولہ برگ گگر وندہ کے نغندہ میں یہ روپیہ ملفوف کر کے کپر منٹ کر دیں اور ہوا سے بچا کر پانچ سیر کنڈوں کی آگ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر پیس لیں۔ مبروقین کے لیے مفید ہے۔ مقوی باہ، جاذب سیماب، ممسک اور سرد امراض میں مفید ہے۔ خوراک ۲ چاول۔

برائے امراض چشم: (صفت) جست شیریں حسب ضرورت کو روغن کنجد میں سات مرتبہ بجھا دیں۔ پارہ ایک تولہ مصری کوزہ کے ہمراہ ایک پہر کھرل کر کے کسی نیلے کپڑے سے نچوڑ لیں۔ پھر جست مصفیٰ ۲ تولہ اور پارہ مصفیٰ ایک تولہ کا باہم عقد کر کے بیضہ گدھ میں سوراخ کر کے داخل کریں۔ پھر سوراخ بند کر کے انڈے کو گل حکمت کریں، لیکن کپڑے کو پانی کی بجائے شیر مینڈھا سنگھی سے تر کر کے کسی نمناک جگہ میں دفن کر دیں۔ پندرہ روز بعد نکال کر ۵ سیر سر کنڈوں کی آگ ہوا سے بچا کر دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ جست شگفتہ ہوگا۔ اگر بیضہ گدھ نہ ملے تو ۹ تولہ برگ مینڈھا سنگھی کا نغندہ بنا کر اس کے درمیان جست اور پارہ کی گرہ رکھ دیں۔ اور دو سکوروں میں بند کر کے شیر مینڈھا سنگھی سے کپڑ الت کر کے گل حکمت کر دیں۔ خشک ہونے پر بطریق مذکورہ آگ دیں۔ اس جست شگفتہ میں ۳ ماشہ افیون کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔ اور رات کو سوتے وقت تانبے کی سلائی سے لگائیں۔

برائے بواسیر: (صفت) ہیرا ہینگ اصلی ۶ ماشہ، فلفل سیاہ، سہاگہ چوکیہ بریاں، نوشادر، نمک لاہوری ہر ایک ۹ ماشہ کوٹ کر چھان کر آب برگ سہانجنہ تلخ نصف سیر، آب ادرک ایک پاؤ میں ملا کر تاب چینی میں پھیلا کر باریک کپڑا لپیٹ کر دو ہفتہ دھوپ میں رکھیں، جب خمیر ہو کر گولی باندھنے کے قابل ہو جائے تو حب بقدر مونگ بنا لیں اور ایک گولی صبح و شام ہمراہ عرق بادیان نیم گرم ۴۰ روز تک دیں۔ بواسیر خونی و بادی اور وجع المفاصل کے لیے اکسیر ہیں۔ استعمال سے پیشتر تنقیہ کر دینا مفید ہے۔

برائے پیچش: مجرب راقم۔ گلقند ۴ تولہ سونف ۶ ماشہ، الائچی کلاں ۳ عدد پانی کے ساتھ اچھی طرح گھوٹ کر چھان لیں۔ اور بقدر ذائقہ نمک ملا کر اس سفوف کے ساتھ پی لیں۔ (صفت) سونف، ہلیلہ سیاہ، انار دانہ ہر ایک ایک تولہ۔ سونف اور ہلیلہ کو گھی میں بریاں کر کے صاف کریں۔ اور تینوں کو الگ الگ کوٹ کر باہم ملا لیں خوراک: ۳ ماشہ۔ غذا میں گوشت کی یخنی، چاول، کھچڑی، دلیہ، گیہوں استعمال کریں۔ جب مروڑ بند ہو جائیں تو صرف شربت انجبار یا بزوری پلائیں۔ (ن)

زحیر مزمن: افیون خالص، جدوار اصلی ہر ایک ۶ ماشہ، شنگرف رومی، مصطگی رومی ہر ایک ۷ ماشہ، پوست ڈوڈہ، تنکار عمدہ ہر ایک ۳ ماشہ جملہ ادویہ اچھی طرح باریک پیس کر بقدر دانہ ماش گولیاں بنا لیں۔ ایک گولی چاولوں کی پیچھ کے ہمراہ صبح و شام دیں بے نظیر نسخہ ہے۔ (ف۔ ن)

نفث الدم، کثرت طمث: ۳ ماشہ مرکی خوب باریک پیس کر بیضہ مرغ نیم برشت میں رکھ کر کھلائیں انشاء اللہ شکایت رفع ہوگی۔ میرا ذاتی تجربہ شدہ ہے۔

معجون صرع: عاقر قرحا، افتیمون، اسطوخودوس، بسفائج فستقی ہر ایک ایک تولہ، مویز منقیٰ ۸ تولہ۔ تمام ادویہ پیس کر مویز کے ہمراہ کوٹیں اور قند سفید اور شہد کے ہمراہ معجون بنا لیں۔ خوراک: ۹ ماشہ سے ایک تولہ تک صبح و شام۔

انندرس: دافع صرع۔ سیماب مصفیٰ، کشتہ ابرک، کشتہ آہن، کشتہ ہرتال کشتہ منچھل، رسوت ہر ایک ایک تولہ، گندھک مصفیٰ ۔ تولہ۔ سیماب کے ساتھ ایک تولہ گندھک ملا کر کھرل کریں اور باقی ادویہ ملا کر فول گاؤ سے تمام روز سحق کریں۔ پھر ان کو ایک لوہے کے برتن میں باقی گندھک ملا کر پگھلائیں اور ایک پہر کے بعد اتار کر ٹھنڈا کریں سات روز تک ایک ایک رتی کھلائیں۔

ترکیب کشتہ آہن: برادہ آہن کو جغرات گاؤ میں بھگو کر دھوپ میں رکھیں۔ جب خشک ہو سکورہ میں بند کر کے آگ دیں۔ پھر آب ترپھلہ میں صلایہ کر کے آگ دیں۔

کشتہ ہڑتال ورقیہ: زعفران ایک تولہ کو دس تولہ پانی میں حل کر کے ہڑتال کے ٹکڑوں پر کو کڑاہی میں آگ پر چڑھا دیں۔ پھر گل جھاؤ نصف سیر کے نغندہ میں بند کر کے پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ ہوگا۔

ترکیب کشتہ ابرک: ابرک محلول کو آب بیخ ترب سے کھرل کر کے تین بار ہوا سے بچا کر آگ دیں۔

کشتہ منچھل: منچھل کو لعاب گھیکوار میں صلایہ کر کے قرص بنائیں اور ہنڈیا میں گل حکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔

حب نافع: مرگی، فالج، لقوہ، تشنج اور اختناق الرحم کے لئے مجرب اور آزمودہ ہے۔ (صفت) جند بیدستر ۲ ماشہ، مشک ایک ماشہ، عنبر ۵ رتی، جدوار خطائی ایک ماشہ، زعفران ۳ ماشہ پیس کر شہد کے ہمراہ دو دو رتی کی گولیاں بنا لیں۔ خوراک ۲ گولی صبح و شام۔ ترشی، بادی سے پرہیز۔ (ف)

جوہر سیماب برائے قوت باہ: سیماب مصفیٰ، قلعی مصفیٰ، نوشادر مصفیٰ ہر ایک دس تولہ، شورہ قلمی ۲۰ تولہ۔ سیماب اور قلعی گلا کر گرہ کر کے سب چیزوں کو ایک ہفتہ خوب کھرل کریں۔ پھر دو پیالوں میں بطریق معروف جوہر اڑا لیں۔ جوہر کا رنگ سرخ ہوگا۔ خوراک: ایک رتی ہمراہ مسکہ گاؤ۔ ایک مجرب ثانی ہے۔ (ن)

سفوف بخار: ہر قسم کے بخار نیز ابتدائے دق میں بھی نافع ہے۔ (صفت)

کونین، ست گلو، طباشیر، دانہ الائچی خورد، میدہ، پوست درخت کیکر ہر ایک تولہ، شنگرف بیضہ مرغ میں کشتہ کیا ہوا ۳ ماشہ، فیناسیٹین ۹ ماشہ، ثعلب مصری ایک تولہ، ورق نقرہ ۴۰ عدد کا سفوف بنالیں۔ خوراک: ۴ رتی صبح و شام ہمراہ دودھ یا عرق۔

نسخہ طلا: (صفت) سم الفار سفید، شنگرف ہر ایک ایک تولہ، زردی بیضہ مرغ ۴ عدد میں اچھی طرح کھرل کرکے گولیاں بنالیں۔ اور بطور پاتال جنتر روغن کشید کریں۔ اس روغن میں بیر بہوٹی، قرنفل، جاوتری، زعفران، عقرقرحا ہر ایک ۳ ماشہ ملا کر ایک دو دن متواتر و مسلسل کھرل کریں۔ وقت ضرورت حسب دستور استعمال کریں۔ قیمتی طلاؤں سے بدرجہا بہتر ہے۔ (ن۔ ف)

حب النشاط مقوی: بھنگ کا پتہ پانی سے تر کرکے آدھ گھنٹہ بعد روغن بادام ۶ ماشہ میں بریاں کریں۔ جب سرخی مائل ہوں تو آگ سے الگ کرکے باریک پیس لیں۔ اور جند بیدستر ۶ ماشہ، زعفران ۶ رتی، ورق طلاء ایک عدد حل کرکے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ خوراک: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ۔ (ن۔ ف)

شربتِ ریان: ملین طبع، دافع بخار (صفت) سنا مکی، گل سرخ، آلو بخارا ہر ایک ۶ تولہ، تخم کاسنی، برگ تنبول ہر ایک ایک تولہ۔ سب کو سیر بھر پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح اس قدر جوش دیں۔ کہ پانی ڈیڑھ پاؤ رہ جائے۔ صاف کرکے تین پاؤ نبات سفید کے ہمراہ شربت بنائیں۔ خوراک ۲ تا ۴ تولہ۔ مجرب ہے۔

حب مسہل: بے ضرر اور مفید ہے (صفت) گندھک مدبر، سیماب مدبر کجلی کردہ، سہاگہ خام، زنجبیل، فلفل سیاہ، جمالگوٹہ ہر ایک ایک تولہ۔ جملہ ادویہ کو نصف پاؤ شیر گاؤ میں اچھی طرح کھرل کرکے نخودی گولیاں بنالیں۔ ایک سے دو گولی تک ہمراہ سرد پانی دیں۔ نیز سرد پانی پیتے بھی رہیں۔ (ن)

جناب حکیم محمد صادق صاحب مرحوم سیالکوٹ

کشتہ نقرہ: برادہ نقرہ ایک تولہ کو شیر مدار ۳ تولہ میں تر کرکے خشک کریں۔ اور لوبان کوڑیہ دو تولہ ملا کر غلولہ بنالیں۔ اور گل حکمت کرکے دس سیر کی آنچ دیں۔ اگر ایک آنچ میں کشتہ نہ ہو تو شیر مدار اور لوبان کا دوبارہ اضافہ کرکے حسب سابق آنچ دیں۔ شگفتہ ہو جائے گا۔ خوراک: ۲ چاول مسکہ یا بالائی میں۔

دیگر: ورق نقرہ شیر مدار مناسب مقدار میں تین گھنٹہ تک کھرل کریں اور قرص بنا کر مدار کی کونپلوں کے پانچ تولہ کے نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کرکے پانچ سیر کی آگ دیں۔ دوسری آنچ میں کشتہ ہوگا۔ خوراک ۲ چاول مسکہ یا بالائی میں۔

دیگر: برادہ نقرہ و سیماب ہر ایک ایک تولہ ایک پاؤ عرق ترشک بوٹی میں کھرل کرکے غلولہ بنا کر گل حکمت کرکے پانچ سیر کی آگ دیں۔ عمدہ کشتہ تیار ہوگا۔

اس کے سامنے تمام مقویات اور یاقوتیاں ہیچ ہیں۔ خوراک ۲ چاول۔

کشتہ سنکھیا: سنکھیا نصف سیر آہنی کڑاہی میں آگ پر پگھلائیں اور بیخ بسکھپرا سرخ گل والی تازہ سے اس کو اس قدر چلائیں کہ سرخ رنگ کا کشتہ ہو جائے پھر قرص بنا کر تین سیر بسکھپرا نیچے اوپر دے کر بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اگر زندہ ہو جائے تو خام ہے پھر بیخ بسکھپرا کے ساتھ آہنی کڑاہی میں کشتہ کرکے اسی طرح خام کا امتحان کریں جب زندہ ہونا موقوف ہو جائے تو اعلیٰ درجہ کا کشتہ تیار ہوگا۔ قلعی کا کشتہ بھی اسی طریقہ پر بہترین ہوتا ہے۔ (ن۔ ف)

دیگر: سوزاک کا بہترین علاج۔ سنکھیا حسب ضرورت لے کر ان رسوں میں سات سات مرتبہ گرم کرکے بجھا دیں۔ رس لیموں کاغذی، ترپھلہ، خار خشک، شیر بز، انار، روغن گاؤ۔ بعد میں مٹی کے برتن میں پگھلا کر دار ہلد کی لکڑی سے ہلاتے رہیں اور نیچے آگ تیز کر دیں۔ آگ دو پہر تک دیں۔ سنکھیا سرخ رنگ کے کشتہ کی صورت میں تیار ہوگا۔ خوراک: ایک تا ۲ رتی ہمراہ روغن سرشف یا شیرہ مغز تخم تربوز خیارین و خار خسک سے پلائیں۔

کشتہ قلعی: (صفت) قلعی کوٹ کر باریک کریں۔ اور کاٹ کر باریک پترے بنائیں۔ انہیں چار گنا برگ بھنگ میں تہہ بہ تہہ لپیٹ کر دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ عمدہ کشتہ ہوگا۔ جو سرعت و جریان کے لیے بہترین ہے۔ (ن۔ ف)

دیگر: قلعی سالم ڈلی ایک تولہ کو رکھ پان بوٹی کے ایک پاؤ نغدہ میں رکھ کر دس سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔ عمدہ کشتہ ہوگا۔ ایک رتی مسکہ میں۔ دافع جریان ہے۔

نسخہ مقوی: مقوی اعضائے رئیسہ و دافع جریان ہے۔ مربہ آملہ، مربہ سیب، مربہ پیٹھہ، مربہ گزر، مربہ انناس ہر ایک ۱۲ تولہ، مغز تخم خربوزہ، مغز تخم خیارین، مغز تخم کدوئے شیریں ہر ایک دو تولہ، مغز تخم پیٹھہ، مغز کشنیز خشک، مغز کاہو مقشر ہر ایک ایک تولہ، مغز تخم بادام شیریں مقشر، چرونجی ہر ایک دو تولہ۔ تین پاؤ شیر گاؤ میں اچھی طرح رگڑ کر پارچہ بیز کرتے ہوئے دودھ کم ہو جائے تو اس میں شامل کریں۔ پانی ہر گز نہ ڈالیں۔ اور ایک سیر شکر سفید میں قوام کریں۔ اس کے بعد موصلی سفید، موصلی سیاہ ہر ایک ایک تولہ، سردالی، صندل سفید، طباشیر، دانہ الائچی خورد ہر ایک نو ماشہ، ثعلب مصری، تودری سفید، تودری سرخ، شقاقل مصری ہر ایک ۲ تولہ، بہمن سرخ، بہمن سفید، سبوس اسبغول، تخم گاجر، تخم اٹنگن، اسگندھ ناگوری، دارچینی ہر ایک ایک تولہ، زعفران، ورق نقرہ ہر ایک ۴ ماشہ، ورق طلا ۴ ماشہ سب ادویہ کو عرق کیوڑہ میں حل کرکے قوام میں شامل کریں۔ اور حلوہ تیار کریں۔ مناسب پرہیز کے ساتھ ۲ سے ۳ تولہ تک صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

نسخہ مقوی دیگر: جوز مائل سفید نصف سیر کو باہر دستہ سے جو

کوب کریں پھر شیر گاؤ دو سیر اور نصف سیر پانی ملا کر جوش دیں اس میں پکائیں۔ جب پانی جل جائے تو ضامن لگا کر دہی جمائیں۔ پھر مکھن نکال کر اس میں زردی بیضہ مرغ خام دس تولہ، شہد خالص ڈیڑھ سیر، آرد نخود بریاں، روغن زرد ہر ایک بیس تولہ شامل کر کے معروف طریقے سے حلوہ بنالیں۔ سرد ہونے پر دار چینی، سلیخہ، جوز بوا، بسباسہ، بادیان ہر ایک ۶ ماشہ، زعفران ۳ ماشہ، ورق طلاء ۸ عدد، ورق نقرہ ۱۲ عدد، مروارید محلول بعرق کیوڑہ ۶ ماشہ، خمیرہ گاؤزبان ۴ تولہ، مربہ سیب ۴ عدد، مربہ آملہ ۸ عدد، مربہ پیٹھہ، مربہ گزر ہر ایک ۸ تولہ خوب اچھی طرح پیس کر اس میں اچھی طرح ملالیں اور حلوے کو شیشے کے مرتبان میں رکھ لیں۔ خوراک ۳ تا ۹ ماشہ ہمراہ دودھ، سیب، ناشپاتی، مسکہ، مرغ اور بالائی خوب استعمال کریں۔ اگر اس نسخہ کو باپرہیز ایک چلہ استعمال کریں گے تو آپ کو اس کی قدر ہوگی۔

کحل النور۔ (صفت) زبدالبحر، رسوت، زراک، اسپغول، زعفران ہر ایک ۶ ماشہ، سنگ بصری، سرمہ سیاہ ہر ایک ۷ ماشہ، ورق نقرہ، نوشادر، تنکار ہر ایک ایک ماشہ، توتیائے اخضر، مصری ہر ایک ۳ ماشہ پیس کر مثلِ غبار سرمہ بنالیں۔ سال ہا سال کی تاریکی چشم دور ہو کر بصارت بڑھ جاتی ہے۔ (ف)

محلول سلاجیت: (صفت) ایک تولہ سلاجیت ایک سیر شہد میں حل کر کے بوتل میں بند کر کے بوتل کا منہ ایسی طرح بند کریں کہ اس میں چیونٹی وغیرہ داخل نہ ہو سکے۔ اس بوتل کو ۲ فٹ گہرے گڑھے میں ایک ہفتہ تک بند رکھیں۔ بعد میں نکال کر ایک چمچہ چائے کا روزانہ صبح نہار منہ کھایا کریں۔ ایک ماہ کا استعمال کافی ہے۔ مادۂ تولید کو قابل اولاد بنانا، درد کمر، جریان، سر چکرانا وغیرہ کے لیے اکسیر ہے۔ ایک سنیاسی سے یہ نسخہ حاصل ہوا تھا۔ جو تجربہ پر بہت مفید ثابت ہوا۔ (ف)

برائے ریگ و سنگ گردہ: شیشہ آدھ پاؤ ریزہ ریزہ کر کے لوہے کی کڑاہی میں، اگر میسر ہو کر کے ۴ تولہ سجی کو پانی میں گھول کر شیشے پر تھوڑا تھوڑا ڈال کر جلائیں۔ یہ سجی کا عمل تین مرتبہ کریں۔ بالکل خاکستر ہو جائے گا۔ اسے باریک پیس لیں۔ خوراک ۲ رتی ہمراہ دودھ ایک تا تین ہفتہ تک۔ ریگ و سنگ گردہ کے علاوہ بطور سرمہ جالا و پھولا کے لیے میرا ذاتی تجربہ شدہ ہے۔ (ن۔ ف)

حب جواہر: (صفت) مروارید، ورق نقرہ ہر ایک ۳ ماشہ، بیخ مرجان ڈھائی ماشہ، یشب سبز، عقیق سرخ ہر ایک ڈیڑھ ماشہ، نارجیل دریائی، زعفران ہر ایک ایک ماشہ، یاقوت سرخ، یاقوت زرد، فیروزہ ہر ایک ۲ ماشہ زہر مہرہ خطائی ۳½ ماشہ عرق گلاب میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ بعض نسخوں میں ورق طلاء ایک ماشہ، مشک، عنبر ہر ایک ایک رتی۔ کا اضافہ بھی کر لیا جاتا ہے۔

جواہر مہرہ: زہر مہرہ خطائی ۱۲ ماشہ، مروارید، بسد، کہربا، لاجورد مغسول، یاقوت سرخ، یاقوت کبود، یاقوت اصفر، یشب سبز، زمرد، عقیق سرخ، ورق نقرہ، مصطگی ہر ایک ۷ ماشہ، ورق طلاء، نارجیل دریائی، جدوار خطائی، نکوئے خشک، مشک، مومیائی ہر ایک ۴½ ماشہ۔ جملہ ادویہ کو الگ الگ پیس کر عرق گلاب میں ایک ہفتہ تک کھرل کریں۔ بہترین جواہر مہرہ ہے۔ (ن۔ ف)

دیگر: مقوی باہ و اعضائے رئیسہ و ارواح۔ (صفت) مشک خالص، عنبر اشہب، مروارید ناسفتہ، مومیائی، ورق نقرہ، ورق طلاء، لعل بدخشانی، زبرجد، زمرد اخضر، نیلم، یاقوت اصفر، یاقوت کبود، فادزہر معدنی، عقیق سرخ، عقیق سفید، یشب سبز، بسد احمر، مرجان، فیروزہ نیشاپوری، لاجورد مغسول، حجر ارمنی مغسول ہر ایک ۳ ماشہ، کہربا شمعی، جدوار خطائی، نارجیل دریائی، ابریشم مقرض، طباشیر کبود ہر ایک ۶ ماشہ، سب کو باریک کر کے سماق یا عمدہ کھرل میں ہمراہ عرق کیوڑہ سہ آتشہ ۳ تولہ تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کریں۔ کہ جذب ہو جائے۔ پھر آب انگور شیریں ۵ تولہ، آب انار شیریں ۵ تولہ تھوڑا تھوڑا ڈال کر مزید کھرل کریں۔ اور جذب کرا دیں۔ بہترین اور زود اثر جواہر مہرہ ہے۔ (ن۔ ف)

کشتہ سکہ: (صفت) ۲ تولہ سکہ مصفیٰ پگھلا کر کیکر کی سبز لکڑی سے ہلاتے رہیں۔ جب پانی جذب ہو جائے تو ایک پاؤ آک کی بوٹی کے نغدہ میں رکھ کر پانچ سیر کی آگ دیں۔ کشتہ ہوگا۔ جریان کے لیے مفید ہے۔

کشتہ ابرک سفید: (صفت) دس تولہ ابرک کو ۴ تولہ شیر آک میں کھرل کریں۔ اور قرص بنا کر کوزہ گلی میں بند کر کے گل حکمت کر کے خشک ہونے پر ایک من کی آگ دیں۔ کشتہ ہوگا۔ خوراک ایک رتی مناسب بدرقہ کے ہمراہ۔

برائے بخار ہر قسم: (صفت) برگ ہلہل، برگ دھتورہ، برگ پان ہر ایک ۲ تولہ، گڑ ۱۲ تولہ۔ سب دواؤں کو باریک کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔ ایک گولی صبح، دوپہر، شام نیم گرم پانی کے ہمراہ دیں۔ میرا ذاتی تجربہ شدہ ہے۔

برائے عظم طحال: (ص) نوشادر ۴ ماشہ، تنکار بریاں، بادیان، انیسوں، جوکھار، قلمی شورہ ہر ایک ۳ ماشہ، عصارہ ریوند، کونین ہر ایک

۲ ماشہ، تیزاب گندھک ۵ قطرے، فیراتی کونین سائٹریٹ ۳ ماشہ بقدر نخود گولیاں بنا لیں۔ اور ایک گولی صبح و شام ہمراہ شربت دینار یا مناسب بدرقہ دیں۔

حب ہیضہ: (صفت) غنچہ مدار ۱۲ ماشہ، سہاگہ بریاں، لونگ، زنجبیل، دار فلفل، نمک سیاہ ہر ایک ۵ ماشہ، عرق لیموں، عرق پودینہ سبز ہر ایک ۲½ تولہ میں اچھی طرح کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا لیں۔ ایک ایک گھنٹہ بعد عرق گلاب اور عرق پودینہ کے ہمراہ ایک گولی دیں۔ نہایت مجرب ہے۔

حب سعال: ہر قسم کی کھانسی کے لیے مفید ہے (صنعت) مغز بہیدانہ، مغز تخم کدو، مغز تخم خیارین ہر ایک ۴ ماشہ، زعفران ۲ ماشہ، گوند کیکر، کتیرا، نشاستہ ہر ایک ۶ ماشہ، مغز بادام شیریں مقشر، رب السوس، مویز منقیٰ، تخم خشخاش سفید ہر ایک ۸ ماشہ، مصری ۱۴ ماشہ کوٹ چھان کر لعاب بہیدانہ میں گوندھ کر نخودی گولیاں بنا لیں اور ایک گولی بوقت ضرورت منہ میں رکھ کر چوستے رہیں۔

کشتۂ طلاء اکسیری: تمام کشتہ جات سے لطیف تر، عجیب و غریب مقوی اعضائے رئیسہ و شریفہ۔ (صفت) ورق طلاء، گندھک آملہ سار ہر ایک ایک تولہ کو آب مقطر گھیکوار ۵ تولہ میں کھرل کر کے قرص بنا کر مٹی کے دو پیالوں میں بند اور گل حکمت کر کے خشک ہونے پر دو سیر کی آنچ دیں۔ یہ پورا عمل ۴۵ مرتبہ کریں۔ یعنی ہر عمل میں گندھک اور آب مقطر گھیکوار شامل کریں۔ بعد ازاں گندھک ڈالنا موقوف کر دیں۔ اور صرف لعاب مذکور میں بدستور ۵ مرتبہ کھرل کر کے ۵ مرتبہ آنچ دیں۔ پچاس آنچوں میں کشتہ تیار ہو گا۔ اور ۴۵ تولہ گندھک استعمال ہو گی۔

سرمہ برائے جالا: (صفت) فلفل سیاہ ۶ ماشہ کو تین روز تک آب زہرہ سبز میں بھگو کر سایہ میں خشک کر لیں۔ ایک تولہ سنگ بصری کو ۴ مرتبہ گرم کر کے آب لیموں کاغذی میں سرد کریں۔ چرک گوش مردم، پوست ہلیلہ ہر ایک ۶ ماشہ، شورہ قلمی ۲ ماشہ، مغز تخم کھرنی ۵ ماشہ، غنچہ چنبیلی ۲ تولہ ان سب دواؤں کو عرق بادیان میں کھرل کر کے محفوظ رکھ دیں۔ صبح اور رات کو سیسہ یا چاندی کی سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔ جالا، ڈھلکا، رتوندی، غبار، آشوب چشم میں مفید ترین ہے۔

روغن مقوی: (صفت) قرنفل، ہڑتال ورقی، سم الفار سفید، سیماب مصفٰی، بیر بہوٹی، زعفران ہر ایک دو تولہ، گندھک آملہ سار ۴ تولہ۔ سب کو باریک کر کے ۲۵ عدد زردی بیضہ مرغ میں کھرل کر کے نخودی گولیاں بنا لیں۔ خشک ہونے پر بالو جنتر کے ذریعے روغن حاصل کریں۔ خوراک: ایک قطرہ یا حسب قوت مریض کم و بیش۔ دس بارہ روز کا استعمال کافی ہے۔ جن اشخاص کی عمر چالیس سال سے متجاوز ہو چکی ہو ان کے لیے مفید و تجربہ شدہ ہے۔

برائے ڈبہ اطفال: (صفت) مشک خالص، زعفران، جند بیدستر، عنبر، سقوطری ہر ایک ۶ ماشہ پانی میں بقدر دانہ موٹھ گولیاں بنا لیں۔ حسب حاجت ایک گولی عرق بادیان یا عنب الثعلب میں گھس کر قدرے گرم کر کے دیں۔ تین روز استعمال کرنے سے ڈبہ کی شکایت دفع ہو جاتی ہے۔

برائے سعال اطفال: (صفت) کتھ پاپڑیہ، پوست بہیڑہ ہر ایک ۶ ماشہ، قرنفل ۳ ماشہ، پان بنگلہ دس عدد اچھی طرح کوٹ کر دانہ موٹھ کے برابر گولیاں بنا لیں۔ اگر کھانسی شدید ہو تو السی ایک ماشہ، مویز منقیٰ دو دانہ، انجیر نصف دانہ، ملٹھی ۲ ماشہ پانی میں جوش دے کر اس میں یہ گولی رگڑ کر استعمال کرائیں۔

مقوی باہ: بھارت میں ایک جنگلی قوم بھیل کے نام سے مشہور ہے۔ یہ لوگ اس نسخہ کو کثرت سے استعمال کرتے ہیں۔ تجربہ شاہد ہے کہ اس سے از کار رفتہ بھی شفایاب ہو چکے ہیں۔ میں نے بھی ذاتی طور پر آزما لیا ہے۔ نسخہ یہ ہے۔ درخت ڈھاک کی جڑ چار فٹ زمین کھودنے پر مولی کی طرح نرم نکلتی ہے اسے غروب آفتاب کے قریب قریب لا کر رات بھر کسی نمناک کپڑے میں لپیٹ کر رکھا جائے صبح سورج نکلنے سے پیشتر اسے اچھی طرح باریک کوٹ کر بہت طاقت سے پیس لیں۔ اس میں ۲½ تولہ کے قریب جو پانی نکلے گا اسے فوراً پی لیں۔ کچھ دیر کے بعد متلی اور گھبراہٹ ہو گی۔ پھر دن بھر کچھ نہیں ہو گا۔ ایک ہفتہ جماع سے سخت پرہیز کریں۔ دیگر کسی دوا یا طلا کی ضرورت محسوس نہیں ہو گی۔

جوہر برائے آتشک: (صفت) مغز تخم جمالگوٹہ مدبر کر کے ایک بوتل میں رکھ لیں۔ پھر رسکپور، دار چکنا، سم الفار کو برابر وزن جمالگوٹہ کے کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر ایک پیالہ میں رکھیں اور دوسرا پیالہ اوپر دے کر لب بند و گل حکمت کر دیں۔ انہیں سہ پایہ آہنی پر رکھ کر ایک اور پیالہ میں روغن سرشف ڈیڑھ پاؤ ڈال کر اس میں روئی کی بتی ڈال کر فتیلہ روشن کریں۔ جب تمام تیل جل جائے اور پیالہ ٹھنڈا ہو جائے تو جوہر اتار لیں۔ لیکن خیال رہے کہ بالائی پیالہ پر دوران عمل پانی میں کپڑا تر کر کے رکھتے جائیں۔ جب ایک کپڑا گرم ہو جائے دوسرا تبدیل کر دیں تاکہ بالائی پیالہ ٹھنڈا رہے اور جوہر جلنے نہ پائے۔ جس قدر جوہر ہوں ان کے ہم وزن جمال گوٹہ مدبر ملا کر پھر اسی طرح جوہر اڑائیں یہ عمل تین بار کریں۔ تیسری بار جو جوہر حاصل ہو اسے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ آتشک کے مریض کو یہ جوہر سرسوں کی لونگ پر اٹھا کر مناسب بدرقہ کے ہمراہ دیں۔ اگر ضرورت ہو تو ۱۵ روز بعد پھر ایک خوراک دے دیں۔ اس سے خوب دست آئیں گے اور زخم بھی خشک ہو جائیں گے۔ گرم پانی استعمال نہ کریں۔ غذا مرغن دیں۔ بادی اور گرم چیزوں سے پرہیز۔

کشتہ الماس: (صفت) دار چکنا، آر دواڑھ خر، استخوان مار سیاہ ہر ایک دو ماشہ، برگ گل داؤدی سفید ۴ تولہ میں ادویہ مذکورہ کو اس طرح رکھیں کہ اول نصف استخوان اوپر نصف آر دواڑھا اس پر آدھا دار چکنا پھر الماس اوپر الٹی ترتیب سے وہی اشیاء ڈال دیں اور گل داؤدی کے نغدہ میں بند کر کے سپٹ آہنی میں رکھ کر گجپٹ کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ خوراک: بقدر دانہ خشخاش عمر میں ایک مرتبہ۔ ایک مرتبہ سے زیادہ استعمال نہ کریں اور مقدار خوراک سے بھی تجاوز نہ کریں۔ عام جسمانی طاقت اور باہ کے لیے اکسیر چیز ہے۔ (ن۔ ا)

جناب حکیم غلام رسول صاحب مرحوم۔ کالووالی

برائے سرفہ بلغمی: ہڑتال گئودنتی کا کشتہ بین پھل میں تیار کریں۔ روزانہ یہ کشتہ ایک رتی، سفوف ملٹھی ۴ رتی، چینی ایک ماشہ ملا کر شربت اعجاز ۲ تولہ میں عرق سونف ۱۰ تولہ ملا کر صبح و شام استعمال کریں۔

ترکیب کشتہ: بین پھل ۴ تولہ پانی میں پیس کر دو تولہ ہڑتال گئودنتی کی ٹکی پر لیپ کر دیں۔ خشک ہونے پر دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر پیس لیں۔

قرص برائے جمیع امراض شکم: نفخ، کلانی، ریاح، سدہ قبض، تپ لرزہ موسمی و دیدان وغیرہ کے لیے۔ (صفت) نمک سیاہ، کالی زیری، چھوار اجوائن (اسی نام سے مشہور ہے) اندر جو تلخ، باؤ بڑنگ، اتیس ہر ایک ۲ تولہ مغز کرنجوہ پانچ عدد، مرچ سیاہ ۴۸ عدد۔ جملہ ادویہ پیس لیں اور ۲-۲ ماشہ کے قرص بنا لیں اور صبح ۲ عدد قرص عرق بادیان یا پانی میں گھول کر پی لیں۔ غذا کھچڑی مرغن، پلاؤ یا خشکہ ہمراہ شوربا بغیر مرچ۔ تین روز کافی ہے۔ (ن۔ ف)

نمک سلیمانی: بہترین اور عمدہ نسخہ جمیع اوصاف کا حامل ہے۔ (صفت) ترکنہ ۴ تولہ، سہاگہ بریاں ۴ تولہ، نوشادر ٹھیکرا یا ہٹوا ۱۳ تولہ، نمک لاہوری، نمک سیاہ بریاں ہر ایک ۴ تولہ، حلتیت اصیل بریاں، زیرہ سیاہ، زیرہ سفید، بادیان، قرنفل ہر ایک ایک تولہ، جاوتری، ناگرٹری ہر ایک ۶ ماشہ، ست اجوائن، پیپرمنٹ ہر ایک ۳ ماشہ۔ جملہ ادویہ کوٹ چھان کر آخری دو ادویہ حل کر کے شامل کریں۔ خوراک: ایک یا تین ماشہ۔ (ن۔ ف)

مرہم اکسیر: کہنہ اور جدید زخموں کے لیے اکسیر ہے اور ناصور کو بھی مفید ہے۔ (صفت) زیبق ۱۲ ماشہ، مردار سنگ، کمیلہ، توتیا ہر ایک ۳ ماشہ سب کو بذریعہ کھرل پیس کر یک ذات کریں۔ اس میں ۷ عدد خرمہرہ زردہ جلا کر ملائیں اور آخر میں سو بار پانی میں دھویا ہوا روغن گاؤ ملا لیں۔

طلائے اعلیٰ عصفوری: (صفت) سیماب، سم الفار سفید ہڑتال طبقی، شنگرف رومی ہر ایک ایک تولہ، گندھک آملہ سار دو تولہ۔ پہلے ایک ایک کر کے ادویہ کھرل کریں۔ اور پھر سب کو ملا کر اچھی طرح کھرل کر لیں۔ اس کے بعد تیکوار ۶ تولہ میں، پھر مغز کنجشک نر ۵ تولہ میں، پھر مغز چلغوزہ ۲½ تولہ میں کھرل کریں۔ آخر میں مسکہ بھیڑ دو تولہ میں کھرل کر کے حب مخروطی بنا کر پتال جنتر سے روغن کشید کریں۔ اس کو بطور طلاء لگائیں اور ایک سینک پان میں لگا کر رات کو سوتے وقت، آٹھ روز تک کھائیں۔

سفوف بندش خون: برائے بواسیر وغیرہ۔ (صفت) پوست کرڈا چھال، رسوت، پوست انار (ناسپال) پیس کر سفوف بنا لیں۔ خوراک: ۴ ماشہ ہمراہ پانی۔

اکسیر دمہ: آرد چنہ کو ڈنڈا تھوہر کے دودھ میں گوندھ کر بالی بنا کر بھوبل میں پکا لیں۔ تاکہ سرخ ہو جائے کوٹ چھان کر بوتل میں رکھیں۔ خوراک قوی کو ۳ ماشہ، متوسط کو دو ماشہ، کمزور کو ایک ماشہ پانی سے تین روز تک دیں۔ اسہال و قے ہوں گے، گھبرائیں نہیں۔ اگر قے و اسہال کی زیادتی سے ضعف ہو تو درمیان میں ایک روز وقفہ دے لیں۔ نہایت مفید و مجرب ہے۔ (ن)

برائے اسہال معدی مزمن: کچلہ نیم کوفتہ رات کو پانی میں بھگوئیں پانی دو انگل اوپر رہے صبح پکائیں حتیٰ کہ پانی بالکل جل جائے اور کچلے سیاہ ہو جائیں۔ انہیں کوٹ لیں ان کچلوں کا سفوف، افیون، فلفل سیاہ، گل ارمنی ہم وزن اچھی طرح پیس کر مونگ کے برابر گولیاں بنا لیں اور تین گولیاں روزانہ ہمراہ پانی استعمال کریں۔ بارہا کا آزمودہ نسخہ ہے اور میرا معمول ہے۔ (ن۔ خ)

برائے سوکھا (مسان): دانہ الائچی خورد ۲ تولہ، مرچ سیاہ نو ماشہ، عود، زیرہ سفید مقشر، زہر مہرہ خطائی، مروارید ناسفتہ، اندر جو شیریں مقشر، صندل سرخ، صندل سفید، دارچینی، پیپل ہر ایک ۴ ماشہ، سہاگہ بریاں، گل سرخ ہر ایک دو ماشہ، زعفران ایک ماشہ (جملہ ادویہ پیس کر اس دن کی لیں) پہلے عرق گلاب ۶ تولہ پھر عرق کیوڑہ اور آخر میں ۵ تولہ عرق کبا جذب کرائیں اور نخود کا گولیاں تیار کر لیں۔

فوائد: جس عورت کے بچے بوجہ سوکھا (مسان) لاغر ہو کر مر جاتے ہوں اس کے لیے یہ گولیاں بہت مفید ہیں۔ بلکہ حاملہ عورت کو حمل کی حالت میں نو ماہ تک مہینے میں ایک ہفتہ دو گولی صبح ہمراہ شیر گاؤ دیتے رہیں۔ وضع حمل کے بعد ایک گولی بچے کو شیر مادر میں گھول کر دیں۔ (ن)

اکسیر شعال: نوشادر دیسی دو تولہ، مصبر ایک تولہ کو آب پیاز

سفید میں کھرل کرکے قرص بنا کر دو پیالوں میں بطریق معروف جوہر اڑا لیں خوراک: ۴ چاول بتاشہ میں روزانہ دیں۔ ضیق تنگ کو فائدہ دے گا۔

اکسیر حصاۃ الکلیہ: حجر الیہود ۵ تولہ باریک کرکے ایک دن لعابِ گھیکوار میں کھرل کریں۔ خشک ہونے پر کوزہ میں بند کرکے سات سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ یہ عمل تین مرتبہ کریں۔ پھر پیس لیں۔ خوراک ۴ رتی ہمراہ آبِ ترب و شیرہ کلتھی ہر ایک ۵ تولہ۔ پتھری ریزہ ریزہ کرکے نکالتا ہے۔

منجن اکسیرِ دنداں: لوبان کوڑیہ، شب یمانی ہر ایک ایک تولہ، افیون ۴ ماشہ۔ جملہ ادویہ کو الگ الگ پیس کر باہم ملا کر کسی ظرفِ گلی میں آتشدان پر بریاں کر لیں۔ جب اچھی طرح بریاں ہو جائے تو اس میں عقر قرحا، زنجبیل، فلفل سیاہ، کبابہ، خنداں ہر ایک نو ماشہ، نمک لاہوری چینی ہر دو نہایت باریک پسے ہوئے ایک ایک تولہ ملا لیں۔ منہ دھوتے وقت روزانہ لگایا کریں۔ جمیع امراضِ لثہ و دنداں کے لیے نہایت مفید ہے۔

برائے مجلوق: (صفت) عقر قرحا، لبسا سہ، مالکنگنی، بیر بہوٹی، خراطین خشک مصفیٰ ہر ایک ۶ ماشہ باریک پیس کر لگے کی میکھ خالی کرکے اس میں بھر دیں۔ گودا میکھ دوبارہ بھر دیں اور ماش کے آٹے سے منہ بند کرکے بکری کے ایک سیر گوشت میں معہ مصالحہ جات پکائیں۔ جب گوشت بریاں ہونے کے قریب ہو نلی نکال کر اس میں بھری ہوئی ادویہ معہ گودا خوب کھرل کریں۔ دو خت اور حشفہ چھوڑ کر کسی کپڑے کی پٹی پر پیٹ کرکے رات کو باندھیں، صبح کھول دیں۔ مجلوق کی قوتِ باہ لوٹ آتی ہے۔

حبوب ایارج فیقرا: (صفت) مقل ازرق، افتیمون، پوست ہلیلہ کابلی، ہلیلہ سیاہ، برگ سنا مکی از ریشہ پاک کردہ، عود صلیب، انیسون ہر ایک سات ماشہ، زنجبیل ۹ ماشہ، غاریقون، مغسول بسفائج، غنچہ گلاب، اسطوخودوس ہر ایک ۱۴ ماشہ، تربد مجوف ۲۰ ماشہ ایارج فیقرا لونے دو تولہ۔ جملہ ادویہ پیس کر باریک سفوف بنا لیں اور روغن بادام شیریں سے چرب کرکے گولیاں بنا لیں۔ خوراک ۹ ماشہ بوقتِ خواب۔

ایارج فیقرا: مندرجہ بالا نسخہ میں استعمال ہونے والا ایارج فیقرا۔ (صفت) افتیمون، بالچھڑ، سلیخہ، دار چینی، حب بلسان، مصطگی، اسارون، زعفران ہر ایک ۴ ماشہ، صبر سقوطری ۸ ماشہ۔

حبِ ہاضم: (صفت) پوست بیرون پستہ ۷ ماشہ، آملہ، نانخواہ، دانہ ہیل کلاں، پودینہ، پوست ہلیلہ کابلی، نمک سیاہ ہر ایک ۶ ماشہ، سنبل الطیب، بادیان، سعد کوفی ہر ایک ۹ ماشہ، انگوزہ دو ماشہ، زیرہ کرمانی مدبر بہ سرکہ سوا تولہ، دار چینی ۵ ماشہ، نمک لاہوری ۲½ ماشہ، چوک نیموں ۲½ تولہ، سرکہ انگوری کی مدد سے حبوب نخودی بنا لیں۔

حبِ ممسک: (صفت) شنگرف، لونگ، زعفران، افیون، ہینگ، جاوتری ہر ایک ۳ ماشہ پیاز کے عرق میں تین روز مسلسل کھرل کریں اور بعد میں حبوب نخودی بنا لیں۔ پہلے روز نصف اور دوسرے روز ایک گولی استعمال کریں۔ دودھ، گھی خوب کھائیں۔ بہت مفید و مجرب نسخہ ہے۔

اکسیر حمسانی: (صفت) الائچی خورد، الائچی کلاں، زعفران، زیرۂ گلاب، بیخ شہد بڑوا، زیرہ سفید، مصطگی، گل اسطوخودوس، مغز خیارین ہر ایک ایک ماشہ، طباشیر، زہر مہرہ خطائی، کہربا ہر ایک ۳ ماشہ، ست گلو، ہلیلہ ہر ایک ۲ ماشہ، ہر دو خشخاش ۵ ماشہ، عرق گلاب ۴ تولہ، عرق کیوڑہ ۲ تولہ میں باریک پیس کر حبوب بقدر مونگ بنا لیں۔ ماں کو استقرارِ حمل سے ایک گولی روزانہ کھلائیں بعد وضع حمل والدہ کے علاوہ بچے کو بھی شیرِ مادر میں گھس کر دیں۔

نوٹ: تین سال سے زیرِ استعمال ہے۔ بہت سے مریضوں پر آزمایا بفضلہٖ تعالیٰ تیر بہدف پایا۔ الحکیم کے طفیل اثر فیصد کے نسخے کو رٹیوں میں دستیاب ہوتے ہیں۔ بعض عورتوں کو شروعِ حمل سے، بعض کو قریب وضع حمل اور بعض کو بعد وضع حمل دیا گیا۔ ہر حالت میں مفید ہے۔

حبِ مسہل: عجیب و غریب اور بے ضرر نسخہ ہے (صفت) جمال گوٹہ مدبر، ہلیلہ سیاہ ہر ایک ایک تولہ، چاول ساٹھی دو تولہ، سب کو باریک پیس کر ہمراہ عرق بادیان نخودی گولیاں بنا لیں۔ خوراک: ایک تا ۲ گولی حسبِ عمر ہمراہ پانی۔ (ن)

طلائے درازی: بیر بہوٹی ڈیڑھ تولہ، خراطین خشک، مالکنگنی، جاوتری ہر ایک ایک تولہ، زعفران نو ماشہ، مغز بادام چھ تولہ، خراطین کو چوبیس گھنٹہ تک روغنِ زیتون میں تر رکھیں۔ بعدہٗ تمام اشیاء کے ساتھ کونڈی ڈنڈے میں بادام روغن نکالنے کے طریقہ

پر روغن نکالیں۔ اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔ ایک ماشہ روزانہ رات کو عضوِ مخصوص پر مالش کریں۔ اور پان یا ارنڈ کا پتہ باندھیں انشاء اللہ پندرہ بیس روز میں طوالت میں ترقی معلوم ہوگی۔ عجیب و مفید نسخہ ہے، آسانی سے بن جاتا اور میرا تجربہ شدہ ہے۔ (ن۔ح)

طلا مقوی و دافع کجی: پوست بیخ کنیر سفید ۴ تولہ، عاقرقرحا، برادہ کچلہ، بیر بہوٹی صحرائی، پیہ ریچھ، پیہ شتر، مغز گنجشک نر، ریگ ماہی نر، جائفل، لونگ، پیہ مار سیاہ، مغز پستہ، گندھک، پارہ، روغن چنبیلی ہر ایک، ایک تولہ، مالکنگنی، خراطین، بیر بہوٹی، گھونگچی سفید ہر ایک دو تولہ، سم الفار ۳ ماشہ، زردی بیضہ مرغ، جونک خشک ہر ایک بیس عدد، مینڈک کلاں صحرائی ایک عدد، شاہ دیمک دس عدد، مغز حب الملوک ۹ ماشہ، گندھک اور پارہ کی کجلی کر کے تمام اشیاء ملا کر گولیاں بنالیں اور بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کرلیں۔ حشفہ اور دوخت بچا کر مالش کریں۔ ایک ہفتہ کا استعمال حد درجہ کی طاقت دے گا۔

معجون مقوی عجیب: (صفت) ثعلب مصری، ثقاقل مصری، بہمن سرخ، بہمن سفید، گوکھرو خشک، آرد سنگھاڑا، چرونجی، مغز چلغوزہ، ستاور، موصلی سفید، موصلی سیاہ، پنیر مایہ شتر اعرابی، ست اسبغول، تخم شلغم، مغز کدوئے شیریں، ست کھوپھلی ہر ایک ایک تولہ، بیجبند گجراتی، مغز پنبہ دانہ، مغز بادام، مغز فندق، مغز نارجیل تازہ، آرد بیخ سنبھل ہر ایک دو تولہ، ریگ ماہی نر، جدوار اصلی، بوزیدان، جو نہ جندم، ست برگد، تودری سرخ، تودری سفید، تودری زرد ہر ایک نو ماشہ، مصری ابابیل ۵ ماشہ، زردی بیضہ مرغ بیس عدد، کشتہ نقرہ، کشتہ قلعی، مرداربد اصلی، عنبر، زعفران ہر ایک ۳ ماشہ، مشک ایک ماشہ، شنگرف ۴ ماشہ، کشتہ سونا ایک ماشہ، مصری ڈیڑھ سیر، جملہ ادویہ باریک پیس کر مصری کے قوام میں ملالیں۔ خوراک ۲ تولہ صبح و شام۔ برسوں کے سست نامرد، ضعفِ اعضائے رئیسہ کمیٔ قوت کے لیے بمنزلہ آب حیات ہے۔ موسم سرما کا تحفہ ہے۔

نسوار شقیقہ: چاول در شیر آک پرورده ایک تولہ، کچور ایک ماشہ، نوشادر، گیرو ہر ایک ۲ ماشہ، پوست بندق ہندی، برگ کشمیری، بنفشہ، گھونگچی ہر ایک تین ماشہ، تخم سرس ڈیڑھ ماشہ، پیس کر نسوار بنائیں۔ شقیقہ مایوسہ کے لیے مجرب ہے۔

نسوار برائے صرع: نہایت مجرب ہے۔ (صفت) کچھوے کی کھوپڑی، کالی مرچ، ہڈی مردہ سوختہ ہر ایک ۳ ماشہ، منڈا آگ ۲ ماشہ، کیڑا ناک اونٹ ۲ عدد، گھونگچی سفید، گونٹ کے بیج ہر ایک ۵ ماشہ، سرگین بوزنہ ایک ماشہ۔ ان ادویہ کی باریک نسوار بنالیں۔ اور دوسرے تیسرے روز ناک میں لیا کریں۔ ناک سے کیڑا خارج ہو کر مرگی سے کلی شفا ہوگی۔

برائے ضیق النفس: نہایت بے نظیر و بے خطا نسخہ ہے۔ (صفت) لوبان کوڑیہ بیس تولہ، جائفل، اجوائن دیسی ہر ایک دو تولہ، دارچینی، جاوتری، ہر ایک ایک تولہ، میعہ سائلہ ۵ ماشہ۔ تمام اشیاء کا بذریعہ آلاتِ قرع انبیق روغن کشید کریں۔ خوراک دو بوند۔ بلغمی مزاج والوں کو شہد میں اور صفراوی مزاج والے کو مکھن میں۔ برسوں کا دمہ دور ہو جائے گا۔

روغن خنازیر: پرانے سے پرانے خنازیر کے لیے آزمودہ و مجرب ہے۔ سام ابرص ایک کو روغن کنجد میں بریاں کر کے لگائیں۔ خنازیر کو بہت فائدہ ہوتا ہے۔

بواسیر خونی و بادی: (صفت) رسوت مصفی، پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ کابلی، مغز تخم نیب، چونہ سنگ مرمر، گندنا ہر ایک ایک تولہ، شورہ قلمی ۵ ماشہ، ست جاکسو ۳ ماشہ، آب برگ تن میں گولیاں بقدر جنگلی بیر بنائیں۔ خوراک ایک گولی صبح و شام ہمراہ عرق برگ گل صد برگ ۵ تولہ۔ برسوں کی پرانی بواسیر کو مکمل آرام ہو جاتا ہے۔

روغن برائے وجع المفاصل: (صفت) مالکنگنی، رتنجان کوڑ، سورنجان تلخ، جائفل، بیخ وَن (پنجکشت) ہر ایک پانچ تولہ، کچلہ ۲ تولہ، کشمیری زیرہ ایک تولہ۔ تمام ادویہ کا بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں۔ اس کی مالش کے علاوہ معجون کا استعمال بھی ساتھ کریں۔

سرمہ اکسیر چشم: ابتدائے موتیا بند، ضعفِ بصر، دھند، غبار، ککرے، پڑبال کے لئے مفید ہے۔ کوڑی زرد سوختہ، اقلیمائے فضہ، اقلیمائے نقرہ، تخم نیل، گل چنبیلی، سرمہ سفید ہر ایک ۳ ماشہ، مرچ کھجوری، مرداربد، مامیران چینی، ورق نقرہ، کھیکری بریاں، سنگ بصری، شورہ قلمی ہر ایک ایک ماشہ آب بیضہ چیل میں کھرل کر کے سرمہ بنالیں۔

حب نشاط: ممسک، مبہی و ملذذ ہے۔ (صفت) گوند ببول، زہر مہرہ، نشاستہ، جدوار، ہر ایک ۵ ماشہ، ورق نقرہ ایک سو، کہربا ۳ ماشہ، افیون، زعفران، یاقوت، مشک، کشتہ طلاء، تخم دھتورہ ہر ایک ایک ماشہ، سلاجیت ۳ ماشہ، سب کو آب برگ پان میں پیس کر دانہ مسور کے برابر گولیاں بنالیں۔ قبل از جماع ایک گولی استعمال کریں۔ مطلب کی بہتوں کی مجرب ہے۔

حب سوزاک: پرانے سوزاک قرحہ اور پیپ کو تکمیل فائدہ ہوتا ہے۔ (صفت) گندہ بیروزہ مصفیٰ ایک تولہ، بیخ سنگھاڑا ہوتی، کابج ہر ایک پانچ ماشہ، کھیل نخود بریاں کشتہ سنگ جراحت، گل ارمنی، رال ہر ایک ۳ ماشہ، گوند کیکر، گوند کتیرا ہر ایک ۲ ماشہ، جملہ ادویہ پیس کر گندہ بروزہ میں ملا کر نخودی گولیاں بنالیں۔ خوراک ایک گولی صبح و شام ہمراہ شربت بزوری برسوں کے سوزاک کو فائدہ ہوگا۔ میرا ذاتی تجربہ شدہ ہے۔ (ن)

برائے کثرت حیض: مجوزہ پر سوختہ ۵ ماشہ، کہربا، کشتہ صدف، گل ارمنی، نشاستہ، اقاقیا، صندل سفید، سفوف سپاری کا ہر ایک ۴ ماشہ۔ سب کا باریک سفوف بنالیں۔ خوراک ۳ ماشہ ہمراہ شربت انجبار نالے کی طرح خون بہتا ہو فوراً رک جاتا ہے۔ (ن۔ف)

شربت: صفرا، سودا اور بلغم کے لیے بہترین منضج ہے۔ (صفت) بادیان، صندل سفید، بسفایج، گاؤزبان، عناب، سپستان، کاسنی، بیخ کاسنی، منقیٰ، بنفشہ، تخم مکو ہر ایک ۲ تولہ، گل سرخ، افتیمون درپوٹلی بستہ، شاہترہ ہر ایک ڈیڑھ تولہ، تخم خطمی، خبازی ایک ایک تولہ نیلوفر ۳ تولہ، اذخر مکی ایک تولہ، مصری ۲ سیر۔ شربت بنالیں۔ دو تولہ صبح و شام استعمال کریں۔ (ن۔ف)

ابٹن: آرد برگ نارنگی باریک پسا ہوا بیسو تولہ۔ اگر، تگر ہر ایک ۲ تولہ، برادہ صندل سفید، نمک ہلدی ہر ایک ایک تولہ۔ جملہ ادویہ باریک پیس کر روغن گل یا روغن چنبیلی میں ملا کر دو گھنٹہ بعد دھوئیں۔ چھائیاں اور تمام داغ دور ہوں گے۔ چہرہ نہایت خوب صورت ہو جائے گا۔ (ن۔ف)

سفوف جریان: ثعلب مصری، شقاقل مصری، گل ببول مغز تخم املی، سنگ جراحت مغسول ہر ایک نو ماشہ، ثمر کیکر خورد، سینگ کا مغز، نشاستہ، طباشیر، الائچی سفید ہر ایک ۵ ماشہ، آرد نخود بہ شیر بزبر وردہ، بھوپھلی، گوکھرو، ستاور، اندر جو ہر ایک ایک تولہ، گوند کیکر، گوند کتیرا ہر ایک ۷ ماشہ، ست گلو، کشتہ قلعی، کشتہ جست ہر ایک ۳ ماشہ، کوزہ مصری ۲ تولہ۔ جملہ ادویہ کا سفوف بنالیں خوراک ۳ ماشہ ہمراہ دودھ۔ (ن۔ف)

برائے عظم طحال: (صفت) سہاگہ بریاں، مصبر زرد ہر ایک ۳ تولہ، قند سیاہ ۸ تولہ۔ اول دو ادویہ پیس کر قند سیاہ ملائیں اور بقدر ضرورت پانی ملا کر حبوب نخودی بنالیں۔ ایک گولی ہمراہ مناسب بدرقہ صبح و شام۔ عظم طحال دور ہو کر بخار بھی دور ہو گا۔ (ن۔ف)

برائے کثرت طمث: کم خرچ اور بہترین نسخہ ہے۔ (صفت) سپاری، سپتا سپاری، سنگ جراحت، کمر کس، موچرس، رسوت، دم الاخوین ہر ایک ایک تولہ، شکر تری ۳ تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔ خوراک ۳ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ یا دہی۔ (ن۔ف)

سفوف سوزاک: نئے اور پرانے سوزاک کا انشاء اللہ العزیز قلع قمع ہو جائے گا۔ (صفت) پانچ تولہ رال میں شیر برگد اس قدر ڈالیں کہ رال اچھی طرح تر ہو جائے۔ اس کو سائے میں خشک کر لیں۔ خشک شدہ رال، تخم تمر ہندی مقشر ہر ایک ۵ تولہ، پوست اسبغول، شکر تری ہر ایک دس تولہ۔ تمام ادویہ کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔ خوراک: ۳ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ۔ یہ سفوف نئے اور پرانے سوزاک کے علاوہ جریان اور سرعت انزال میں بھی نہایت قوی الاثر اور مجرب۔ (ن۔ف)

مصفی خون: گندھک آملہ سار ۳ تولہ کو اول عرق برگ جل نیم میں کھرل کریں۔ پھر عرق برگ نیم میں اور آخر میں شیر مدار میں کھرل کر کے قرص بنالیں اور روغن کشید کر لیں۔ خوراک ۳ قطرہ ہمراہ روغن زردہ۔ خارش اور خون کی صفائی کا بہترین نسخہ ہے۔ (شیر مدار کے بعد تین تولہ روغن نیم سے کھرل کر کے روغن کشید کریں۔ لال مرچ، ترشی، تیل، گڑ اور بینگن سے پرہیز کریں۔)

برائے عقر: بشرطیکہ عورت یا مرد میں کوئی نقص موجود نہ ہو۔ (صفت) زیرہ، گل کیکر سفید ۶ ماشہ، زعفران ایک ماشہ، دار فلفل ۳ ماشہ کوفتہ بیختہ حبوب نخودی بنالیں۔ بعد انفراغ حیض عورت کو تین روز کھلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ استقرار حمل ہو گا۔ میرا آزمودہ اور صحیح نسخہ ہے۔ (ن۔ف)

حب عنبر: بہت مقوی ہیں۔ اعضائے رئیسہ میں فوراً قوت پیدا کرتی ہیں۔ (صفت) عنبر، مایہ شتر اعرابی، ثعلب مصری، خولنجان ہر ایک ۹ ماشہ، مصطگی رومی ہر ایک ۴½ ماشہ۔ جملہ اجزاء عرق گلاب میں پیس کر نخودی گولیاں اور ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔ (ن۔ف)

روغن ہفت برگ: برائے جمیع امراض بلغمی مثلاً گنٹھیا، فالج، لقوہ و رعشہ وغیرہ۔ (صفت) برگ آک، برگ بکائن، برگ سنبھالو، برگ سہانجنہ، برگ ارنڈ، برگ دھتورہ، برگ تھوہر نیم کوب کر کے سیاہ تل کے تیل میں جلا کر صاف کر لیں۔ بوقت ضرورت نیم گرم مالش کریں۔ ہوا سے محفوظ رکھیں۔ (ن۔ف)

جناب حکیم بہاؤالدین صدیقی مرحوم ۔ ہردوئی

کحل الجواہر : بے نظیر نسخہ اور صدری راز ہے ۔ مَیں نے متعدد بار آزمایا اور مفید پایا ۔ (صفت) ہلیلہ ، بلیلہ ، آملہ ، نمک شیشہ ، مصری زنبوراں ، سہاگہ بریاں ، نوشادر ، تخم سبز ، چینی صادق ، سمندر جھاگ ، توتیا سبز ، کبابہ ، کال پرولہ (؟) ، ریوند چینی ، کتھہ گلابی ، رسوت ، چاکسو ، شب یمانی بریاں ، زیرہ سفید ، سنگ بصری ، شورہ قلمی ، سرمہ اصفہانی ، زرد چوب ، افیون ، فلفل دراز ، ہلیلہ سیاہ ، پنچال ساندھ ، مغز تخم سرس ، تخم نیل سیاہ ۔ تمام ادویہ مساوی لوزن ، مروارید ناسفتہ ۲ ماشہ ، جملہ ادویہ الگ الگ کوٹ چھان کر ۱۴ یوم تک کانسی کے برتن میں عرق لیموں کاغذی و برگ حنا کے خیساندہ کے ساتھ نیم کی شاخ جس میں نانک شاہی پیسہ لگایا گیا ہو رگڑیں اور حبوب دراز بنا لیں ۔ بوقت ضرورت پانی میں گھس کر آنکھوں میں لگانے سے جملہ امراضِ چشم کو نفع ہوگا ۔ (ن ۔ ف)

نسوار عجیب : دردِ شقیقہ اور دردِ دانت کے لیے اکسیر صفت اور بے خطا ہے ۔ (صفت) نوشادر ایک تولہ ، مشک کافور ایک ماشہ پیس کر شیشی میں سخت کارک لگا کر محفوظ رکھیں ۔ بوقت ضرورت دونو نتھنوں میں زور سے چڑھائیں اگر ضرورت پڑے تو پانچ منٹ بعد دوبارہ لیں ۔ تیسری بار کی نوبت نہیں آئے گی ۔ (ن ۔ ف)

دافع دردِ شقیقہ : یہ اسراری نسخہ ہے اور ہمارے ہاں گذشتہ بیس سال سے زیر استعمال ہے (صفت) تخم کاہو ، مرکی ہر ایک ۳ ماشہ ، افیون ۱/۲ ۱ ماشہ ۔ ان سب کو اچھی طرح کوٹ کر تین حصوں میں تقسیم کریں ۔ ایک حصہ کو ڈیڑھ تولہ پانی میں بھگو کر بھوبل پر رکھیں ۔ جب تقریباً ایک تولہ پانی خشک ہو جائے خوب مل چھان لیں اور دونوں نتھنوں میں سعوط کریں ۔ انشاء اللہ تعالیٰ تین روز میں شقیقہ کا نمود نہ رہے گا ۔

الوشدارو : مقوی باہ ، مقوی دل ، دماغ اور جگر وغیرہ ہمہ صفت موصوف ہے ۔ (صفت) آملہ تازہ ۲ سیر ، گل سرخ ، ابریشم مقرض ، تربد سفید ہر ایک ۲ تولہ ، ناگرموتھا ۱/۲ ۱ تولہ ، مصطگی ، جاوتری ، الائچی سفید ، زرنب ، زیرہ سفید ، ریوند چینی ، اسگند ، پوست ترنج ، پوست ، پوست ہلیلہ زرد ہر ایک ایک تولہ ، زعفران ۳ ماشہ ، سعد کوفی ۹ ماشہ ، ورق نقرہ ایک سو عدد ، شہد و مصری ہر ایک نصف سیر ۔ شہد اور مصری کا قوام بنا کر تمام اشیاء کوٹ کر ملا دیں ۔ خوراک ۷ ماشہ بوقت شب ۔ صبح کو دست ہوگا ۔ (ن)

معجون مبہی : اس قدر مبہی و مقوی ہے جو ایک پہر میں اپنا اثر ظاہر کرتی ہے ۔ (صفت) آرد گوکھرو بہ شیر پروردہ ، مغز بادام ، گٹھلی ، خرما ، چہار مغز ، ثعلب دلیسی ہر ایک ۴ تولہ ، موصلی سفید ، موصلی سیاہ ، آرد نخود بریاں ، موصلی سنبھل ، سبوس اسبغول ہر ایک ۲ تولہ ، کمش خرما ۵ ماشہ ، ستاور ، اندرجو ، نشاستہ ، بہمن سرخ ، بہمن سفید ، آرد بیر ہر ایک ایک تولہ ، تودری سرخ ، تودری سفید ، تودری زرد ، طباشیر ، بیر بہوٹی اعرابی ہر ایک ۹ ماشہ ، کشتہ قلعی ۳ ماشہ ، مصری و شہد ہر ایک نصف سیر ۔ مصری اور شہد کا قوام بنا کر باقی اشیاء کوٹ چھان کر ملا لیں ۔ خوراک ایک تولہ ۔ بے حد قوت پیدا کرتی ہے ۔ (ن ۔ ف)

طلاء مقوی : دافع کجی ، سستی ، معظم ، مصلب ۔ (صفت) رتی سفید ، خراطین ، عقرقرحا ، چربی شیر ، بیر بہوٹی ، مغز پستہ ہر ایک ۲ تولہ ، کچھو کر مول ، جونک خشک ہر ایک ایک تولہ ، لونگ ۹ ماشہ ، برادہ سم اسپ نیم تولہ ، زردی بیضۂ مرغ پچاس عدد ۔ تمام اشیاء کا بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کر لیں اور بطور طلاء مالش کریں ۔ نہایت مقوی ہے ۔ (ن)

اطریفل مقوی دماغ : ہمارے ہاں تین پشتوں سے زیر استعمال اور نہایت زود اثر اور مفید ہے ۔ ایسا مقوی دماغ نسخہ میرے دیکھنے میں نہیں آیا ۔ (صفت) پوست ہلیلہ زرد ، پوست بلیلہ ، آملہ مقشر ، ہلیلہ سیاہ ہر ایک ۳ تولہ ۔ ان چاروں کو کوٹ چھان کر دس تولہ گھی میں بھون لیں ۔ اس کے بعد کاہو ، خرفہ ، خطمی ، خشخاش ، الائچی خورد ، طباشیر ہر ایک ایک تولہ ، مغز کشنیز ، مغز بادیان ہر ایک ۳ تولہ ، مغز بادام ۱۰ تولہ ، مغز تربوز ، مغز کدو ، مغز خربزہ ، مغز خیار ہر ایک ۵ تولہ ۔ ورق نقرہ ایک دفتری کلاں ، نبات سفید ایک سیر ، روح کیوڑہ ۵ تولہ ۔ نبات سفید کا قوام کر کے اول مشوی شدہ اشیاء ڈالیں ۔ بعدہٗ باقی ادویہ اور مغزیات شامل کریں ۔ پھر اتار کر ورق نقرہ ، روح کیوڑہ اور ایک تولہ کشتہ عقیق شامل کر لیں ۔ خوراک ایک تا تین تولہ ، مقوی دماغ ہونے کے علاوہ بہترین اور مقوی بصر ہے ۔ (ن ۔ ف)

مبہی و ممسک : یہ ایک بے نظیر فقیری نسخہ ہے ۔ (صفت) گندھک آملہ سار مصفیٰ یا سیماب مصفیٰ ہر ایک نیم دام کی کجلی بنا لیں ، بیخ کنیر سفید ، بیخ اونٹ کٹارا ہر ایک تین تولہ ، لونگ چھ ماشہ ، نک چھکنی ۲ تولہ ۔ شب کو ۵ سیر شیرِ گاؤ میں جوش دے کر جامن لگائیں ۔ اور صبح روغن نکالیں ۔ یہ روغن ۴ تولہ اور کجلی مذکور ملا کر پارچہ پر ضماد کریں ۔ پارچہ کا فتیلہ بنا کر بطریق معروف روغن ٹپکا لیا بعدہٗ زعفران ، جاوتری ہر ایک ۳ ماشہ ، افیون ، مشک ہر ایک ایک ماشہ ، جوزبوا ، عقرقرحا ، اسگند ، موصلی سفید ، مغز تخم املی ہر ایک ۶ ماشہ ، عنبر ۳ رتی کوفتہ

بیخستہ ہمراہ روغن مذکور حبوب نخودی بنالیں۔ خوراک ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ خام۔ استعمال کرنے والا اپنے جسم میں برقی قوت محسوس کرے گا۔ غلام غوث۔

برائے جالا و پھولا: یہ نسخہ جالا، پھولا اور ناخونہ کے لیے اکسیری ہے۔ (صفت) دار فلفل ۵ عدد، مرچ سفید ۳ عدد، مغز ہڑ کلاں ۱۲ عدد، عرق بیخ بکھڑا دس تولہ۔ سب کو سحق کرکے کٹورہ پھول میں دستہ فلوسی سے رگڑ کر سرمہ تیار کرلیں۔ بوقت ضرورت آنکھوں میں لگائیں۔

برائے سرعت انزال: (صفت) تخم حرمل نیم بریاں ایک تولہ پوست خشخاش سفید، برگ ریگ دھی خشک، کنجد سیاہ، خار خسک، کشتہ قلعی مغز تخم تمر ہندی بریاں ہر ایک ۶ ماشہ سفوف بنالیں۔ خوراک ۶ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ خام مجرب و معمول راقم ہے

حبوب دافع عرق النساء: (صفت) پوست ہلیلہ زرد، بوزیدان، اسگندھ ہر ایک ۷ ماشہ، سورنجان شیریں ۹ ماشہ، ایلوا، گل سرخ، مغز چلغوزہ، تربد سفید، انیسون، زیرہ سفید، بادیان ہر ایک ۵ ماشہ، سوڈا سیلی سلاس ۳ ماشہ۔ سب ادویہ پیس کر عرق گلاب مناسب میں حبوب بقدر کنار دشتی بنالیں اور صبح و شام ۲ گولی عرق برنجاسف کے ہمراہ استعمال کریں نہایت مجرب و آزمودہ ہے۔

روغن برائے عرق النساء: (صفت) بیخ دن ۴ تولہ، زنگ سفید برگ برنا، کوڑ تلخ، عاقر قرحا، لونگ، قسط تلخ، سورنجان تلخ، گل بابونہ، کندش، نجبیٹھ ہر ایک ۲ تولہ، زنجبیل بے ریشہ، بیخ سوسن، مغز پستہ، دار چینی ہر ایک ایک تولہ۔ تمام ادویہ کا بذریعہ تیل جنتر روغن کشید کریں۔ اور بقدر ۳ ماشہ مالش کریں۔ (ن ف)

عرق مصفی خون: برائے داد، چنبل، خارش خون و آتشک وغیرہ۔ (صفت) پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ، چوب چینی ہر ایک ۴ تولہ، پوست آملہ ۳ تولہ، افتیمون در پوٹلی بستہ، چوب گز، عناب، شاہترہ، گل منڈی، صندل سفید براد، چوب نیم، عشبہ، بسفائج، چرائتہ، برگ سرس، چھال نیم ہر ایک ۵ تولہ، گل سرخ تخم خیار، کاہو، آلو بخارا، زرشک، اسپغول در پوٹلی بستہ، املی ہر ایک ۲۰ تولہ جملہ ادویہ کا آٹھ سیر عرق کشید کرلیں اور ۵ تولہ صبح و شام استعمال کریں۔ (ف۔ ت)

ممسک و ملذذ: بے ضرر، پرلطف اور نایاب نسخہ ہے۔ (صفت) گیرا سیب دس عدد، چوبہ عود خام ۵ ماشہ، سہاگہ ۲ ماشہ، برگ سہدیوی ایک تولہ بیر بہوٹی دس عدد۔ تمام ادویہ کا روغن بذریعہ آتشی شیشی نکال کر اس کے ہم وزن عطر گلاب ملالیں۔ نایاب شے ہے۔ در گفتنی نے آید۔ ممسک و ملذذ اعلیٰ درجہ کا ہے۔ آپ کی خواہش سے بڑھ کر ثابت ہوگا۔ پرلطف اعلیٰ درجہ کا ہے۔ ممسک تا ترشی نخورند۔۔۔ نشود مجربہ و مصدقہ ہے۔ (ن۔ ف)

مدر حیض: (صفت) تخم کرفس، مجبیٹھ، گل کپاس، اہلی ہر ایک ۷ ماشہ انیسون، تخم گزر، مرمکی ہر ایک ۵ ماشہ، پوست املتاس ۹ ماشہ، زعفران ۳ ماشہ پرسیاؤشان ایک تولہ۔ تمام ادویہ پیس کر مناسب مقدار میں پرانا گڑ شامل کرکے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں اور ایک گولی صبح و شام ہمراہ شربت بزوری کھائیں۔ (ب ا)

کافور بھیم سینی: کافور، جاوتری ہر ایک ۲ تولہ، الائچی خورد، جائفل بالچھڑ، چھریلہ، ناگر موتھا، لونگ ہر ایک ایک تولہ، زعفران ۶ ماشہ، زرنب ۳ ماشہ، مشک ۲ ماشہ، جملہ ادویہ کو عرق کیلہ میں کھرل کرکے دو سکوروں میں بند کرکے چراغ کے ذریعہ جوہر اڑائیں۔

سفوف جریان: جریان، تغلیظ مادہ، مقوی دماغ اور باہ کے لیے مفید ہے۔ (صفت) سبوس اسپغول، ثمر کیکر خام، بیجبند گجراتی، آرد گوکھرو، موصلی سنبھل، مغز پنبہ دانہ، نشاستہ، کمرکس، طباشیر، سمندر سوکھ مسلم، بہو پھلی ہر ایک ایک تولہ، بیج رتن جوت، بہمن سرخ، بہمن سفید ہر ایک نو ماشہ، موچرس، گل سپاری ہر ایک ۵ ماشہ، کشتہ قلعی ۴ ماشہ، نبات سفید ۴ تولہ پیس کر سفوف بنائیں۔ خوراک ۶ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ۔ مجرب راقم۔ (ب ا)

برائے گنج: یہ نسخہ مجرب ترین ہے۔ میں نے جہاں بھی استعمال کرایا مؤثر ثابت ہوا۔ (صفت) تخم بکائن، موم ہر ایک ایک تولہ، روغن سیاہ ۴ تولہ میں جلا کر چھان لیں۔ یہ روغن گنج پر لگائیں۔ (ف۔ ف)

نسخہ اکسیری: ضعف باہ، فالج، لقوہ، کزاز، وجع المفاصل، سنیات، پرسوت۔ اور آتشک کے لئے اکسیر ہے۔ (صفت) پارہ مصفی، گندھک مدبر، شنگرف رومی، دسکپور ہر ایک ایک تولہ، گندھک اور پارہ کی کجلی کریں۔ اور باقی دونوں ادویہ الگ الگ پیس کر کجلی میں شامل کریں۔ اور زردی بیضہ مرغ کے ہمراہ ۴ یوم کھرل کریں۔ پھر ایک بیضہ مرغ سے سفیدی نکال کر اس میں ادویہ بھر دیں۔ اور منہ دوسرے انڈے کا ٹکڑا رکھ کر منہ آرد ماش سے بند کر دیں۔ اور اچھی طرح گل حکمت کرکے خشک کرلیں۔ ایک ظرف گلی میں ڈیڑھ سیر بچھا کر یہ انڈا رکھ کر اوپر بھی ڈیڑھ سیر ریت ڈال دیں۔ ریت پر چند دانے گندم کے رکھ دیں۔ برتن کا منہ کھلا رہے یہ برتن چولھے پر رکھ کر نیچے ڈھاک کی لکڑی جلائیں۔ جب گندم کے دانے بھن جائیں۔ آگ بند کر دیں۔ ۴ روز بعد برتن سے انڈا نکال کر ادویہ پیس لیں۔ اس دوا کو عورت کے سائے سے محفوظ رکھیں۔ خوراک ایک چاول ہمراہ بالائی۔ چہرے کا رنگ سرخ کرتا ہے۔ (ف۔ ف)

کشتہ جو ہر سرب: اس ترکیب سے سفید رنگ کا کشتہ تیار ہوگا جو

ذیابیطس کے لیے اکسیر کا کام دیتا ہے اور پہلی ہی خوراک میں نمایاں اثر ظاہر کرتا ہے اس مرض کے لیے شرطیہ اور حکمی علاج ہے۔ مناسب بدرقات کے ہمراہ دیگر امراض میں بھی اکسیری اثرات کا حامل ہے۔ خصوصاً امراض آلات بول مثلاً سلسل بول، حرقت البول، ضعفِ مثانہ اور جریانِ کہنہ کے لیے بھی بہت مفید و مجرب ہے۔ تحریبوں نے اچھی طرح کھا کہ اس کشتہ کی خوراک بقدر ایک رتی کھالیں تو معمولی پیشاب آئے گا۔ صنعتِ اکسیر کا جزوِ اعظم ہے۔ کاملینِ فن اس سے بہت کام لے سکتے ہیں۔ (صنعتہ) سُرب ۵ اتولہ کو آہنی کرچھے میں چرخ دے کر چالیس مرتبہ بجھا کے پیشاب میں بجھا دیں۔ پھر چالیس مرتبہ حریل سبز کے پانی میں بجھائیں۔ پھر بیس مرتبہ آب ستیاناسی میں اور ۲۰ مرتبہ روغن سرشف میں بجھا دیں۔ اگر اس قدر محنت نہ ہو سکے تو ۱۰۰ مرتبہ عرق نارنگی میں بجھا دیں۔ اب یہ سُرب اعلےٰ درجہ کا مصفّیٰ قابلِ خوراک بن جائے گا۔ اب اس میں ۵ تولہ پگھلا کر پتھر کی سل پر چوڑا پھیلا دیں۔ اور دبا کر مزید چوڑا کر لیں۔ تاکہ باریک پترا بن جائے۔ اس کو باریک چاول کی طرح کتر لیں۔ پھر برگ بھنگ نیلے پھول والے ایک سیر خوب باریک گھوٹ کر دو حصّے کر لیں۔ ایک حصّے کا قرص بنا کر تابہ گلی میں جما کر سرب کے ٹکڑے اس پر چُن دیں۔ ٹکڑے ایک دوسرے سے ملنے نہ پائیں اور باقی حصّہ برگِ بھنگ کا بصورت قرص رکھ دیں۔ اور ایک اور تابہ گلی اس کے اوپر دے کر لب مٹی سے بند کر کے ۳ مرتبہ گل حکمت کریں۔ جب اچھی طرح خشک ہو جائے۔ تو زمین میں گڑھا کھود کر محفوظ الہوا مقام پر ۳۰ سیر اوپلوں کے درمیان رکھ کر آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر کھیل شدہ سُرب کو پیس کر محفوظ رکھیں۔ خوراک ایک رتی مسکہ میں صبح و شام۔ مجرب المجرب ہے۔ تیل، ترشی، بادی، مچھلی، سرخ مرچ، بینگن سے پرہیز کریں۔ (ن - ف)

کشتہ طوطیا بر رنگِ سفید: نیلا تھوتھا کی سالم ڈلی کم از کم ۵ تولہ کی ہو۔ شیرۂ ستیاناسی میں روزانہ تر کر کے تیز دھوپ میں رکھیں تاکہ سفید ہو جائے۔ ہفتہ عشرہ میں بالکل سفید ہو جائے گا۔ سفید ہونے پر شیرۂ ستیاناسی دو چند میں کھرل کر کے قرص بنا کر سایہ میں خشک کریں۔ پھر ۴ تولہ گل ستیاناسی کا نغدہ بنا کر دو قرص بنائیں اور تابہ گلی یا آہنی میں ایک سیر خاکستر ستیاناسی سفید رنگ بچھا کر نغدہ کا ایک قرص فرش کر کے اس پر قرص نیلا تھوتھا رکھ کر اور گل ستیاناسی کے نغدہ کا دوسرا قرص رکھ دیں اور ایک سیر خاکستر ستیاناسی اوپر بھی بچھا دیں۔ اور اس کے اوپر دو انگل موٹی ریت بچھا کر ہاتھ سے دبا دیں۔ ریت پر چند دانے مکی کے رکھ دیں۔ تابہ کے نیچے بیری کی لکڑی کی نرم آنچ جلائیں۔ جب مکی کے دانے بریاں ہو جائیں تو آگ بند کر دیں۔ آگ وغیرہ بالکل ختم کر دیں۔ سرد ہونے پر احتیاط سے خاکستر اور ریت علیحدہ کریں اعلیٰ قسم کا کشتہ بر رنگِ سفید برآمد ہوگا۔ احتیاط سے نکال کر پیس لیں۔ مقدار خوراک ۲ چاول مسکہ یا مناسب بدرقہ کے ہمراہ۔ جذام۔ آتشک۔ برص۔ استسقاء کے لیے اکسیر اور کمال درجہ کا مشتہی ہے۔

نوٹ: خاکستر ستیاناسی کی بجائے خاکستر پوچیڑ بھی مستعمل ہے۔ یہ کشتہ اعلیٰ درجہ کا کلیدِ کیمیا ہے۔ (ن - ف)

کشتہ ہڑتال طبقی بر رنگِ سفید: ہڑتال تہہ نشین۔ یہ از مملکتِ چین عاملانِ صنعت کا مقولہ عقیدہ ہے۔ جذام کے مایوس العلاج اسی سے صحت یاب ہو گئے ہیں وقت نزاع اسی کشتہ سے قوائے مسلوبہ میں جان آجاتی ہے اور باتیں کر لیتا ہے۔ الغرض بدرقہ مناسبہ سے ہر مرض پر کام دیتا ہے۔ (صنعتہ) ہڑتال طبقی عمدہ ۱۰ تولہ ڈھیلی پوٹلی میں باندھ کر نمک چھلکنی زرد پھول والی پانچ سیر میں دبا کر کسی بڑے دیگچے میں نرم آنچ پر متواتر دو ہفتہ یا رفتہ رفتہ اس قدر پکائیں کہ پوٹلی خشک ہو جائے۔ یہ عمل دو تین مرتبہ کریں۔ پھر تھوڑی سی ہڑتال لے کر خوب دہکتے ہوئے کوئلے پر ڈالیں۔ اگر ہڑتال پگھل کر کوئلے میں نفوذ کر جائے تو مزید عمل بند کر دیں۔ شیرِ سہنڈ یا شیر مدار یا دودھ سیر میں نیلا تھوتھا آدھ پاؤ خوب کھرل کریں۔ پھر نمک چھلونہ ۱۰ تولہ ڈال کر کھرل کریں۔ جب گاڑھا ہو جائے تو نصف سیر عرق بھنگرہ سفید ملا کر مثلِ لئی بنا لیں۔ پھر ایک موٹے کپڑے کی چار چار انگشت کی دھجیاں بنا کر ادویہ مذکور میں اچھی طرح لت پت کر ہڑتال مسلم مدبرہ پر لپیٹ دیں۔ سو اسو گز کی بارہ پٹیاں یکے بعد دیگرے لپیٹیں۔ پھر $\frac{1}{2}$ ۱ سیر عرق بھنگرہ میں ہڑتال ملفوف غرق کر دیں اور خوب حرکت دیں۔ کہ عرق جذب ہو جائے پھر اس پر $\frac{1}{2}$ ۲ سیر نمک چھکنی کا نغدہ چڑھا دیں اس کے اوپر $\frac{1}{2}$ ۲ سیر بھنگرہ کا نغدہ چڑھا کر اوپر چکنی مٹی سے گل حکمت کر کے خوب خشک کریں۔ ایک گڑھا کھود کر دو من جنگلی اوپلوں کی آگ دیں چار دن میں آگ سرد ہوگی احتیاط سے کشتہ نکال کر پیس لیں۔ اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔ یہ کشتہ سفید ہوگا۔ خوراک حسبِ رائے طبیب۔

ضماد برائے مجلوق: (صنعتہ) تخم دل، ہالوں، عقرقرحا، افیون، دار فلفل ہر ایک ۶ ماشہ، کائپھل ۳ ماشہ، تمام ادویہ عرق برگ ببول بقدر ضرورت میں سحق کر کے ایک کپڑے کی پٹی لگا کر عضوِ مخصوص پر لگائیں۔ انشاء اللہ العزیز ایک دفعہ ہی کام کرے گا۔ اگر ضرورت ہو تو دوبارہ استعمال کریں۔ (ن - ف)

شنگرف قائم النار: بلادر بے کلاہ اور خشخاش سفید ہر ایک ۱۰ تولہ کو اس حد تک کھرل کریں کہ خشخاش کا نام و نشان باقی نہ رہے بلکہ بالکل ملائم ہو جائے۔ پھر شنگرف ایک تولہ کو اس میں لپیٹ کر آہنی توے پر رکھیں۔ اسے ایک پیالہ گلی سے ڈھک دیں۔ پیالے کے لب نمک اور مٹی سے خوب مضبوط بند کر دیں۔ اور نیچے آگ روشن کریں۔ جب تک دھواں نکلتا رہے آگ جاری رکھیں۔ دھواں بند ہونے پر شنگرف قائم ہوگا۔ خوراک ایک یا ۲ رتی۔ (ن - ف)

عرق اکسیر: (صنعتہ) عشبہ، چوب چینی، برادۂ آبنوس، برادہ صندل ہر ایک

بیس تولہ، کاہو، گل اسطوخودوس، برہمی بوٹی، ہلیلہ سیاہ، برگ حنا، شاہترہ، قشا مجار ہر ایک ۵ تولہ، چیاتتہ، ناگیسر، ریشہ پیپل، بیخ تلسی ہر ایک دس تولہ، گندھک آملہ سار ۵ تولہ، شہد تین پاؤ۔

ترکیب تیاری: اوّل گندھک اور شہد کو ۴ گھنٹہ کھرل کریں ۔ اور اس میں ایک سیر عرق نیلوفر ڈال کر گھول لیں۔ باقی ادویہ جوکوب کرکے ایک برتن میں ڈال کر عرق و شہد اور تین سیر پانی ملادیں اور عرق کشید کریں۔ یہ عرق تین روز بعد استعمال کریں۔ مقدار تین تولہ روزانہ۔ آتشک، سوزاک، سرخ بادہ، نار فارسی، خارش خشک و تر، چھیپ، چھائیں اور برص و بہق کا مجرب ترین علاج ہے۔ (ن۔ ف)

ممسک و ملذذ بے نظیر: سہاگہ چوکیہ، کافور ۲ رتی، عورت کو پان میں کھلادیں۔ نیز مرد کے لیے یہ نسخہ لاجواب ہے۔ (صفت) جائفل، جاوتری، افیون، مازو، اسپند، مصطگی، زعفران، ناگ کیسر، موچرس، تخم بھنگ، سپاری، الائچی، اجائن خراسانی ہم وزن پیس کر لعاب اسپغول میں جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں اور ایک گولی تین گھنٹہ قبل از جماع ہمراہ دودھ کھا کر قدرت کا تماشہ دیکھیں۔

طلائے صفت: (صفت) فلفل سیاہ، جند بیدستر، حلتیت ہر ایک پونے دو ماشہ، مغز بیدانہ ½ ۲ ماشہ۔ جملہ ادویہ پیس کر روغن زیبق اور یاسمین میں ملاکر عضو مخصوص پر مالش کرکے پان کا پتہ باندھیں۔ ترش اور بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔ سستا اور مجرب نسخہ ہے۔ (ن۔ ف)

حب سعال: (صفت) کتیرا، صمغ عربی، اصل السوس مقشر، رب السوس، تخم خشخاش، مغز کدو، مغز باقلا، ہم وزن کوٹ کر لعاب اسپغول سے حبوب نخودی بنالیں۔ بوقت ضرورت ایک گولی چوس لیا کریں۔ (ف)

سم الفار قائم النار: سنکھیا، شہد، گھی ہر ایک ۵ ماشہ باریک پیس کر ½ ۲ تولہ سم الفار پر لیپ کریں۔ اور سمپٹ میں بند کرکے تاروں سے خوب اچھی طرح کس دیں۔ اسے دو سیر کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نسواری رنگ قائم النار ہوگا۔ میں نے چار مرتبہ بنایا لیکن دو مرتبہ تیار ہوا۔ (ن)

حب کبد نوشادری: یہ بہترین، مؤثر اور سستا نسخہ ہے۔ (صفت) نوشادر ٹھیکری، نمک سیاہ، نمک لاہوری، نمک طعام، سہاگہ، نرکچور، ہلیلہ سیاہ، ہلیلہ کابلی، ہلیلہ زرد، بابڑنگ، فلفل سیاہ ہم وزن کوٹ چھان کر عرق گلاب سے نخودی گولیاں تیار کرلیں۔

برائے سوزاک: سوزاک کی ردی حالت، قرحہ، پیپ، جلن بول کے لیے مجرب ترین اور آزمودہ گولیاں ہیں۔ (صفت) گندہ بیروزہ یک صد بار در آب شستہ ایک تولہ، سنگ سرماہی، قلمی شورہ، کشتہ حجر الیہود، کشتہ سنگ جراحت، طباشیر نقرہ، سرمہ سفید مصفّٰی ہر ایک ۵ ماشہ، آردِ نخود بریاں، زہر مہرہ ہر ایک ۶ ماشہ

گل پھلاہ یک صد، گوند کیکر بیس ماشہ، کتیرا، رال رومی ہر ایک ۹ ماشہ، زیرہ سفید برادۂ صندل سفید ہر ایک ۲ ماشہ، روغن صندل ساٹھ بوند، روغن کباب چینی ۵ ماشہ، روغن بیروزہ ولایتی بیس بوند۔ جملہ اشیاء پیس کر گندہ بیروزہ میں ملاکر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔ اور ایک گولی صبح و شام ہمراہ شربت کا کنج استعمال کریں۔ برسوں کا سوزاک اور قرحہ شرطیہ درست ہوگا۔ میرا مدت سے معمول ہے۔ کبھی خطا نہیں گیا۔ (ن۔ ف)

حب بواسیر: (صفت) فلفل سیاہ، فلفل دراز، جوکھار، انار دانہ ہم وزن پیس کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔ خوراک: ایک گولی روزانہ صبح ہمراہ شیرہ بادیان، مویز منقیٰ، پرسیاوشان۔ گل قند ملاکر۔

ام الصبیان: یہ گولیاں ام الصبیان کے لیے نہایت اکسیر ہیں اور میرے ہاں ہر وقت تیار رہتی ہیں۔ (صفت) جدوار، عود صلیب ہر ایک ۳ ماشہ، بادیان ۵ ماشہ، مویز منقیٰ ۵ دانہ، کوٹ کر دانہ مسور کے برابر گولیاں بنالیں۔ اور ایک گولی صبح و شام ماں کے دودھ میں گھول کر دیں۔ بچے کو رونے سے بچائیں۔ (ف)

جناب حکیم کریم صاحب مرحوم مظفر گڑھ

برائے اختلاج قلب: یہ نسخہ ویسے تو مختصر ہے لیکن مفید ترین اثرات کا حامل ہے۔ (صفت) کشتہ سنگ یشب، قلب الحجر ہر ایک ایک ماشہ۔ یہ ایک خوراک ہے۔ روزانہ صبح ایسی خوراک آب گوشت ۲ ماشہ میں ملاکر استعمال کریں۔

برائے ضیق النفس: (صفت) کشنیز خشک ۳ تولہ، آملہ منقّٰی ایک تولہ، گاؤزبان، گل سرخ، تخم خرفہ، صندل سفید، تخم کاسنی ہر ایک ۶ ماشہ، طباشیر، گل گاؤزبان، زرشک، سماق ہر ایک ۳ ماشہ، زہر مہرہ ڈیڑھ ماشہ، کافور ایک ماشہ سفوف بنالیں۔ خوراک: ۶ ماشہ سے تولہ تک صبح ہمراہ عرق کیوڑہ و بید مشک۔

برائے کثرت احتلام: (صفت) موصلی سیاہ، موصلی سفید، تالمکھانہ، صمغ عربی، کرکس، تخم اٹنگن، ستاور، سمندر سوکھ، بیج، ثعلب ہر ایک ۶ ماشہ، الائچی خورد ۳ ماشہ، کشتہ سنگ جراحت ایک تولہ، نبات سفید دو چند۔ سفوف بنالیں۔ خوراک ۶ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ۔ (ف)

برائے فالج: ایک سنیاسی سے یہ نسخہ حاصل ہوا ہے وہ اسے اکثر استعمال کیا کرتا تھا راقم نے بھی اکثر جگہ آزمایا نہایت مفید پایا۔ فالج، لقوہ، گنٹھیا وغیرہ سرد امراض کے لیے یہ دوا، چار پانچ قطرے روغن کنجد میں ملاکر درد کے مقام پر مالش کریں۔ موسم سرما میں مالش کے بعد دھوپ میں بیٹھیں اور گرما میں دھوپ کی حاجت نہیں۔ نسخہ: سم الفار سفید ایک تولہ، تخم خربزہ مقشر (چھلکے بالکل دور کردیں) دو تولہ خوب کھرل کرکے گولیاں بناکر بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کرلیں۔ (ن۔ ف)

January—February, 1975 Regd. L. No. 971